بعون صانع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان

رسالہ نادر عزیز الوجود طریقہ آموز اذکار و اشغال و مراقبہ و مکاشفہ اہل اللہ کی سند و یادگار مسمی بہ

رہبر راہ حق

با مجموعہ رسائل دیگر

[illegible]

الف نامہ [illegible]

مثنوی تحفۃ العاشقین

مثنوی حسرت بلبل

[illegible] حقیقت

[illegible]

رہبر راہ حق خاص تالیف جناب محمد زردار خان صاحب مرحوم جاگیردار اجگر ولی مع رسائل مشمولہ دیگر

مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ میں مزین بہ طبع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ہر بنی آدم و فرد انسان کو چاہیے کہ اس کلمۂ واجب التعظیم ولازم التکریم کو دل کی آنکھ مین مثل مردمک یعنے پتلی کے نگاہ رکھے اور خطرات توہمات کو دل حق منزل سے مٹا کر نظر انتباہ کی رکھے تاکہ نزدیکان خدا اور رسیدگان قادر بیہمتا سے ہو اور راہ حاصل ہونے اُس رتبۂ عالی کی یہ ہے **رباعی**

مستان جام عشق کہ لاف از فنا زنند ٭ جان میدہند وخیمہ بملک بقا زنند ٭ مردان راہ فقر زمیخانہ الست ٭ جامی چو درکشند دم از مصطفا زنند ٭ **ترجمہ اصل قطعہ فارسی مندرجہ کتاب** جو مست جام عشق کے مارین فنا سے لاف ٭ دے کرکے جان جاتے ہین ملک بقا کو صاف ٭ وہ مرد راہ عشق کی بھٹی پاک سے ٭ پی پیالہ کرتے ہین بسر مصطفے طواف ٭ پس اگر ذوق ہے تجھے ایسے عمل مشکل سے تو کلمہ جلیلہ کو پڑھ اور سُن تہ دل سے اے بھائی زبان سے صرف کلمہ پڑھنے سے کچھ فائدہ نہین ہے بطور عادت بلکہ اُس کسب کو کوشش کر بعبادت جس سے جا پاک کلمہ سے تیری چشم دل مُنور ہو یہ کام عاشق صادق کا ہے نہ ہر خار وخس کا **ابیات** نہین یہ کام دعوی سے ہو حاصل ٭ مگر جس دل مین ہو وے عشق واصل ٭ نہین یہ کام دعوی سے بنتا ٭ ارے جا عشق کا دم دل مین بھر لا **بیت** اے بدعوی نے برآید کار ٭ رہی دمے زعشق برآر ٭ **ترجمہ** جب اس رہ مین ہو شوق ومحبت ٭ اسی کا کام دل چاہا وچھٹ پٹ ٭ واسطے حصول مطلب طالبان صادق کے چند نکات لکھے جاتے ہین کہ چلنے والے اس دشوار گزار کے ہرگز نہ بھٹکین اور سرک اس دریائے ناپیدا کنار کے عاجز ہو کر ہاتھ پیر نہ پٹکین اللہ تعالی انشاء اس تحریر کا دل محبان ثابت قدم پر غالب لاوے کہ کار رفاہیت انکا بن جاوے **بیت** رہبر راہ حق ٭ نام اسکا ٭ باب نو اسمین ہین پر از معنے جو کوئی اسکی رہ مین رکھے قدم ٭ شاہد عیش دے ہر دم ٭ غوطہ خور دریا مین غوطہ مار کر موتی نکالتے ہین ناواقف دیکھنے والے حیرت سے سر مارتے ہین اسرار الٰہی سے کوئی واقف نہین

ہوسکتا اگر ہوتا ہی تو اسی کہنے سننے کی برکت سے اس لیے یہ رسالہ تصنیفات امان اللہ دوثانی ونیز سید عبد الجلیل رحمۃ اللہ علیہ و دیگر کتب وغیرہ سے اور جو کچھ کہ مجھکو مرشدون سے پہونچا تھا اسمین سے انتخاب کرکے موقع بموقع ہندی زبان مین اس خاکسار فقیر حقیر ہیچمدان زردار خان عفی اللہ عنہ ولد سیف دار خان ناغر شاخ فریدخانی جاگیر راج کرولی نے سنہ ۱۲۹۳ ہجری ماہ جمادی الاول مین تحریر کرکے اوپر نو باب کے منقسم کیا باب ۱ اول دربیان ابتدائے ظہور باب ۲ دوم دربیان تلاوت قرآن باب ۳ سوم دربیان تلاوت وجود مجمل باب ۴ چہارم دربیان سوال طالب باب ۵ پنجم دربیان حل مسئلہ باب ۶ ششم دربیان مراقبات باب ۷ ہفتم دربیان مشاہدات باب ۸ ہشتم دربیان مقامات باب ۹ نہم دربیان رموزات تاکہ محب صادق اس راہ کے ہر ایک باب سے لذت جداگانہ پاوین اور شوق اس دولت غیر مترقبہ کے حاصل ہونے کا صفحہ دل مین النقش کالحجر رکھین اب گوش ہوش سے سُن اور نظر لطف و عطائے خالق خطاپوش عذر نیوش پر رکھ

باب اول بیچ بیان ابتدا ظہور کے

اے بھائی روز ازل سے ذات پاک وحدہ لاشریک لہ اُسے کہتے ہین باآرام تمام مقام لامکان مین شراب استغنائی پی کر قیام رکھتی تھی یکایک عشق نے مثل قطرۂ باران اُس ذات مستغنی الصفات پر اثر کیا اُس سے جوش ہوا چاہا اُسنے کہ اپنی ذات وصفات کو ظاہر کرے تب اول اپنی ذات سے نور محمدی علیحدہ کیا اور اُسکی دید سے آپ عاشق اپنا ہوا کہ جس سے صفت شاہد و محب و محبوب و طالب و مطلوب ظاہر ہوئی اور اُس اپنے نور محبوب محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے طرح طرح کی نئی مخلوقات کونین مین جن و آدمی وغیرہ پیدا کیے جیسے کہ تخم پنبہ پانی سے قطرۂ باران کے سب اجزائے برگ وشاخ وگل وبار اپنے مین نشو ونما کرلاتا ہی اور اُسکے پھل سے روئی نکلکر پارچہ ہائے ہر قسم بنتے ہین لیکن اصلیت ظہور سب کا وہی تخم ہے ویسے ہی مظہر خاص اس انسان کا وہی ذات پاک ہی حدیث کَمَا فِی عَینُ النَّوَاۃِ نَخلٌ جس طرح بیج کے پیٹ مین مغز ہے کہ اس مغز سے سب اشیاء کا ظہور ہی اگر اس بیج کے دو ٹکڑے کر ڈالو تو وہی مغز اصلی اُسمین دیکھنے مین آوے اُسی طرح ذات پاک انسان مین ہے اگر انسان کوشش کرے تو اپنے مین اُس مغز اصلی کو مجرد پا دے اے طالب غفلت سے ہوشیار ہو اور خواب بیخودی سے بیدار ہو یہ مت سمجھ کہ مین بیداری مین کار وبار دنیا کرتا ہون اور جو کچھ کرتا ہون اچھا کرتا ہون کہ اسی واسطے بزرگون نے کہا ہی بیت کار دنیا چیست بیکاری ہمہ چیست بیکاری گرفتاری ہمہ ترجمہ کار دنیا کیا ہی بیکاری تمام × کیا ہی بیکاری گرفتاری تمام × اے بھائی ایک خواب

وہ ہے کہ آدمی سوتے ہین رات کو اور جاگتے ہین صبح کو بزرگ لوگ اس تمام عمر کو ایک خواب شمار کرتے ہین بلکہ خواب بیخودی اسکا نام رکھتے ہین یہ سب لوگ کہ جو دنیا مین آئے ہین کاروبار فاسدہ ولایعنی مین مشغول ہین اور جس کام کو کرتے ہین اسکے حاصل ہونے سے خوشوقتی وخوشی اُنھین ملتی ہے یہ نہین سمجھتے اور اپنا بھید نہین کھولتے وہ نہین جانتے ہین کہ سوائے اس عالم کے کوئی عالم اور بھی ہے جہان جانا ہے جسوقت کہ وہ رقیب آسمان سے نازل ہوتا ہے اور جان نکالتا ہے تب جاگتے ہین اور آنکھین کھولتے ہین اور یہ جلنے کا کام یہان جیتے جی عیش و خوشی وغیرہ جو کیے ہین اسوقت مانند خیالات معلوم ہوتے ہین جیسے کہ رات کو آدمی سوتے ہین اور ہر طرح کے خیالات دیکھتے ہین اور اتنا ہی اسوقت معلوم ہوتا ہے کہ ایک خواب ہمنے دیکھا ہے خواب غفلت مین سوے ہوے تھے افسوس کہ کچھ کام نہ نکلا لیکن وہ افسوس کچھ فائدہ نہین دیتا پس فکر اسوقت کرنی چاہیے تاکہ کچھ ہاتھ آوے اے صاحب ہمت جو کچھ گزرا اسوقت خیال کر کہ اسقدر عمر تیری گزری ہے جو جو کام وفعل نیک وبد اور عیش تو نے کیے ہین دیکھ تو تجھے مانند خیالات خواب معلوم ہوتے ہین پس اب بھی جاگ اور وہ کام کر تاکہ مرتے وقت تجھے حسرت نہو اور اپنے اوپر ماتم کر اسوقت انگلیان حسرت کی دانتون سے نہ کاٹے کسواسطے کہ قوت وقت سخت زیادہ ہے قوت روح سے اسمین مفارقت خالق سے ہے اور اسمین مہاجرت خلق سے لیکن راہ حاصل ہونے مراد کی اس طرح ہے کہ پہلے صورت اپنے مرشد کی ایسی نظر مین باطنا رکھے کہ جسوقت آنکھ بند کرے وہی صورت ظاہر مین دکھلائی دے اور رفتہ رفتہ وہی صورت بول اُٹھے اور جو مطلب چاہے اُس سے پوچھے جواب باصواب حاصل ہووے بعد ازان ایسا ہو جاوے کہ خود صورت مرشد بن جاوے اور دوئی بیچ کی چھوٹ اور بھاگ جاوے اور یکتا ہو جاوے اُسی کو فنا فی الشیخ کہتے ہین بعد ازان برکت صحبت مرشد سے صورت حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جواب بیداری مین دیکھے گا اُس صورت مبارک کو ایسا بغور دیکھے کہ وہ جمال مبارک نظر مین کھپ جاوے رفتہ رفتہ وہ بھی باتین کریگا لیکن اسوقت کمال عاجزی ونامرادی ظاہر کرے کہ اُسی مین رضامندی انکی ہے بعد ازان اُسی ذات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بقا سمجھکر اپنے تئین فنا کرے اُسے فنا فی الرسول کہتے ہین بعد اسکے صورت اسم اللہ کا تصور کر کے اُسے حاصل کرے کہ اُسے فنا فی اللہ کہتے ہین بعدہ پھر مقام محمدی پر آوے طالبان حق بعضے پہلے فنا فی اللہ ہوتے ہین بعدہ فنا فی الرسول اُن کو سالک کہتے ہین اور اگر طالب خود ہی شاغل ہے تو ان تینون مرتبون سے ایک ہی حاصل کرسکتا ہے اور اُسی مقام پر رہتا ہے آگے نہین چل سکتا کیونکہ اپنے اختیار سے گذر جاتا ہے اور بے اختیاری حاصل ہوتی ہے اُس سے شکستہ پا ہوتا ہے اور اُسی مین آرام پاتا ہے لیکن تینون مراتب ایک ہین اگر فنا فی الرسول

ہوا تو وہی اور اگر فنا فی اللہ ہوا تو وہی اور اگر فنا فی الشیخ ہوا تو وہی مطلب اپنے مین علیحدہ کرلے سے ہی
لیکن اگر مرشد مرید کو فنا فی الرسول کرکے چھوڑ دے تو بہتر ہے چاہیئے کہ بیچ مین ادھورا نہ چھوڑے
دوسرا طریق یہ ہی کہ صورت اپنی اچھی طرح دیکھکر نظر مین رکھے یہ بات آئینہ مین یا آفتاب مین دیکھنے
سے حاصل ہوتی ہی اور یہ کسب نقشبندیہ ہی اور بہتر ہے اسمین گانا سننے سے خلل پڑتا ہی اور کسب بیرونی
جُبہ ہی کہ حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت صدیق اکبر کو ملا اور اُنسے سلسلہ نقشبندیہ
جاری ہوا پس سب مریدون وطالبون کو اس سلسلہ کے حق حضرت صدیق کا نگاہ رکھنا چاہیئے اور اسمین بہبودی
اپنی سمجھین اور اشغال درونی و اسرار باطنی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حاصل ہوئے ہین اور اُنسے سب
بزرگان چودہ خانوادون کو واسطہ بواسطہ پہونچتے آئے ہین پس حق اُنکا سب مریدون وطالبان چودہ خانوادہ
پر ثابت ہی کیونکہ پیران پیر مین چارون یارون کو دوست برحق جانکر اپنے پیر کی جناب مین اعتقاد باندھنا و مراد
مانگنا بُرائی نہین ہی بلکہ عین بہتری ہی و باعث حصول مراد برائی اُسکے خلاف مین ہی کہ یہ توفیق اللہ تعالی کسی بندے
کو نہ دے اے محب اس راہ مین پڑنا بہت سعادت ہی اگر منزل پر پہونچے راہ مین مرجاوے شہید اکبر ہووے
فقرا نہین جانتے ہین منزل پر پہونچنا لیکن جان اپنی اسی راہ مین دیتے ہین فرد کشتگان خنجر تسلیم را ٭ ہر زمان
از غیب جانے دیگر ست شعر آرزو دارم کہ خود را بر خدا قربان کنم ٭ تا مگر روزے بسر سد آنکہ قربان شد کہ بود بیت
کشتگان خنجر تسلیم کو ٭ ہر گھڑی ہی جان تازہ غیب سے شعر دل مین یہی خواہش ہی کہ قربان خدا ہون ٭ شاید
کہ کبھی پوچھے ہوا مجھ پہ فدا کون ٭ اس راہ مین شوق و محبت چاہیئے اگر راہ مین مرجاوے بخت پاوے اے
عزیز آخر مرنا ہے کچھ کام نہین آئیگا الا یہی عشق و محبت الٰہی اور اس راہ مین کچھ خبر طالبون پر زیادہ فریفتہ نہین ہے
سوا اسے اس عشق و محبت کے جو شخص کہ درد عشق مین بیمار کیا جاوے اجر جبریل اس کا مدار ہے اس درد کی
جسنے لذت پائی ہی سب لذت فاسدہ کو اُسنے چھوڑا ہے اور جو چکھتا ہے وہی معلوم کرتا ہی جسطرح کسی کو جو دیوا
قہقہہ پر سوار ہوتا ہے اُسے ہی اُس کا حال معلوم ہوتا ہی۔ اور جو بے ہمت دیوار کے پاس جاکر
لوٹ آتے ہین سوار نہین ہوتے اُنھین کیا معلوم صاحب وہان کا حال اہل ہمت وجوان مرد سوار
ہوتے ہین اور نہایت خوشوقتی سے عالم ناقص پر ہنس کر چلے جاتے ہین اور پیالہ شراباً طہورا نوش کرتے
ہین حقیقت اسکی یہی عشق ہی عاشق مثل باز بلند پرواز کے ہے دیوار عشق پر سوار ہوکر پیالہ شراب خالص
نوش کرتا ہی اور بے ہمت مثل مکھی کے بے پر ہین مکھی بے پر کی طرح انکا جینا معلوم بلکہ معدوم موہوم

باب دوسرا بیچ بیان تلاوت الوجود اور تلاوت القرآن کے

اے بھائی یہ وہ قرآن ہے جسکی تلاوت بادشاہ لوگ کرتے ہین اور جو کچھ قرآن مین ہی وہ بدن مین آدمی

اول بیان وجود جان گو کہ بدن مین آدمی کے ہے اور جو آدمی کے بدن مین کہا جاتا ہی وہی قرآن مین ہی اول بیان وجود جان گو کہ بدن مین آدمی کے سات چیزین ہین جو بدن مین ملی ہین خاک و باد و آب و آتش و دو رخ و نور و ذات اور ہر سات سے سات جنس بدن مین ظاہر ہین اول **علامت خاک** مقام اسکا سپرز یعنی تلی ہی اس مقام کا سردار جبرئیل ع ہی علامت اسکی گوشت و پوست و استخوان و عروق و بال و ناخن و جھلی ہی **دوسری علامت باد** مقام اسکا شش یعنی پھیپھڑا ہی سردار اسکا اسرافیل ع ہی ہلنی اور کانپنا اور سانس پھولنا وقت موت اور گرمی کے و انگڑائی و ڈکار و ہوائے گوز اس سے متعلق ہین **تیسری علامت آتش** مقام اسکا زہرہ ہے یعنی پتا اس مقام کا سردار عزرائیل ع ہی کھانا پینا و سونا اسی سی ہے دکاہلی و سستی و طولی اور ہاتھ پیر کا کھینچنا اس سے متعلق ہی **چوتھی علامت آب** مقام اسکا جگر و استخوان اس مقام کا سردار میکائیل ع ہے اس سے پیشاب اور خلا اور خون اور آب منی اور آب دہن اور پانی آنکھونکا اور کانونکا پانی یعنی چرک گوش متعلق ہے **پانچوین علامت روح** کہ اسکو روح طبیعی نام رکھتے ہین یہ ناف سی تعلق رکھتی ہی اور غذا رگون مین پہونچاتی ہی اور کھانے سے قوت پکڑتی ہی درد و بدنی اٹھانا اور لذت آرام پانا اور بیٹھنا اور اٹھنا اور چلنا اور دیکھنا اور جستجو کرنا اسی سے ہے حاصل ہونے سے اس ارواح کے آدمی اولیا ہوتا ہی اور نزدیکی خدا ملتی ہی **چھٹی علامت نور** اسکو روح حیوانی کہتے ہین مقام اسکا دل مین ہی خواہش بڑھنے کی رکھتی ہی اور سب اعضا کو زندہ رکھتی ہی اس سے خیال و فکر و تصور و وہم دوڑنا اور خوش ہونا اور غم پڑجانا تعلق ہی اس ارواح کے حاصل ہونے سے طالب واصل حق ہوتا ہی اور کوشش کامل کرنے سے عین حق ہوجاتا ہی جیسا کہ کہا ہے بیت چشم دل چون باز شد معشوق را در خویش دید ٭ عین دریا گشت چون بیدار شد چشم حباب ٭ شعر آنکھ دلکی جب کھلی معشوق اپنے مین ملا بلبلا جب جاگ اٹھا خود عین دریا ہوگیا ٭ **ساتوین علامت ذات** کہ اُسے روح نفسانی کہتے ہین مقام اسکا مغز سر یعنی بھیجا ہی اس سے کہنا اور سننا و سونگھنا اور دیکھنا و عقل و تمیز و لذت زبان متعلق ہی اس روح کے حاصل ہونے بھی لوگ واصلان حق سے ہوتے ہین لیکن جو اسرار مغز مین ہی وہی دل مین بھی ہی جیسے کہ اللہ و محمد علیہ السلام دونون ایک ہین ویسے ہی مغز و دل ہی مغز مقام ذات ہی جیسا بیچ کلام مجید کے ظاہر کیا ہی نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ اور دل مقام محمدی ہی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم اَنَا مِنْ نُوْرِ اللّٰهِ وَ كُلُّ شَيْءٍ مِنْ نُوْرِيْ اور جو ارواحین طبیعی کہنے مین آئین وہ بندۂ خدا و امت محمدی کہ اُسکے حق مین کہا ہے قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ سوائے انکے ایک شخص اور بدن مین ہی جسکا نام نفس امارہ ہی لیکن وہ جنسیت نہین رکھتا ہی لوگ کہتے ہین کہ فلان فقیر نے نفس امارہ اپنے بدن سے نکال لیا مثل بچۂ کنجشک خانگی یعنی چڑیا کے

بعضے کہتے ہین مثل کرفس یعنے مولی کے بیج کے تھا یہ لفظ محض خلاف ہی عوام کو چاہیئے کہ ایسا نہ سمجھین
کیونکہ لوگ چورون و بدکار آدمیون کو مار ڈالتے ہین اور قصاب لوگ گائے بیل وغیرہ حلال کرتے
ہین اور گوشت قیمت سے بیچتے ہین اگر نفس مذکور جنسیت نہین رکھتا ہوتا البتہ نکل آتا اُنہین سے اور
اُسے پاتے اس سے جاننا چاہیئے کہ نفس مذکور جنسیت نہین رکھتا ہی بیان اسکا یہ ہے کہ اس بیان مین
جو آگ اربعہ عناصر سے ہے اُسی نے نفس امارہ نام پایا ہی اُسکو خدائے تعالی نے اپنی قدرت کاملہ سی آدمی
کے بدن مین داخل کیا ہی اگر اُسے داخل نہ کرتا تو یہ خواہش کھانے پینے کی بھوک و پیاس نہین ہوتی تب
قوت و شہوت بھی نہوتی پس یہ پیدائش دنیا اُٹھ جاتی اسواسطے ضرور تھا کہ اُسے بدن مین داخل کیا
اور جس فقیر نے نفس امارہ اپنے کو نکالا تھا وہ اُسنے ایک شعلہ گرمی کا نکالا تھا جس سے بدن اسکا
ٹھنڈا پڑ گیا تھا تب اُسپر عتاب ہوا کہ اُسے لے لے کہ ہمنے اپنی کمال قدرت سی داخل کیا ہی اسی بات پر کہا ہے
کہ کسی مشائخ کو دفع کرنا نفس کا ممکن نہین ہوا کیونکہ اُسکے پیدا کرنے مین حکمت حکیم ہے لیکن اسکے زہر کے دفع
کرنے مین کوشش کر جس سے اُسکے زہر سے ضرر نہ پہونچے اور جنس مذکور یعنے نفس امارہ اور ارواحون پر
غالب نہو جسوقت کہ یہ نفس اور ارواحون پر غالب ہوتا ہی ہر ایک روح سے اپنی خصلت ظاہر کرتا ہی یعنے
ارواح طبیعی سے جسکا تعلق ناف سے ہے قوت اور شہوت اور ارواح حیوانی جو دل مین ہی گھمنڈ او کینہ اور
حسد و بغض و غصہ و غرور اور ارواح نفسانی کہ مقام اسکا مغز مین ہی بُری باتین کرنا و سننا و بدنظر و بدزبان و خندہ و قہقہہ
ظاہر ہوتا ہی اور اگر ارواح اس نفس پر غالب ہوتی ہین اور یہ مغلوب ہوتی ہی تو ہر ایک روح اپنی خصلت ظاہر
کرتی ہی جیسے کہ روح طبیعی سے بندگی و غریبی و بردباری اور روح حیوانی سے عشق و محبت الٓہی اور ہر ایک
پر رحم اور روح نفسانی سے خوشبوئی اور خوش مقام و خوش آواز تماشا سے خوش کی خواہش
ہوتی ہی اور قوت و شہوت گرمی سے تعلق رکھتی ہی جسوقت کہ نفس امارہ عاجز و ناچیز ہوتا ہی دل پر
غالب آتا ہی یہ سب چیزین گرمی دل سے کہ جوہر اصلی ہی پیدا ہوتی ہین اور بھوک و پیاس و شہوت
اس حالت مین بزرگون کے اختیار مین رہتی ہی اور یہ تینون روحین جو کام کرتی ہین تینون ایک
ہو کر کرتی ہین اس سے عوام کو معلوم نہین ہوتا ہی کہ بدن مین تین روحین ہین اسواسطے ضرور ہوا بیان اسکا
اسوجہ سے لکھا جاتا ہی تا کہ ہر ایک کو معلوم ہو جاوے اے بھائی سمجھ کہ وقت راہ چلنے کے ہر ایک
کام اپنا علیحدہ کرتے ہین یعنے چلتے وقت قدم کا پہلے پڑنا کام روح طبیعی کا ہی اور روح حیوانی
کہ مقام اسکا دل ہی فکر خانہ داری و کار ہائے دنیوی خواہ دینی مین رہتی ہی وہ راہ مین نہین رہتی بلکہ ایک ملک
سے دوسرے ملک کو نکل جاتی ہی اور روح نفسانی کہ مقام اسکا مغز سر ہی ڈہیر کو کانٹے و گڑھے و لکڑی و پتھر و آگ

دبانی وغیرہ ہر طرح آسیب سے نگاہ رکھتی ہو اُسی طرح جس کام مین کہ ہاتھ پیر ہلتے ہین وہ کام روح طبیعی کا جان اور تجویز فکر اس کام کی جو دل مین آتی ہو وہ کام روح حیوانی کا سمجھ اور آنکھ کے دیکھنے سی جو کام ہووی وہ فعل روح نفسانی کا ہی یہ بیان تلاوت الوجود ہی جسوقت کہ مرشد حال پر طالب کے مہربان ہوتا ہی اسوقت ان مقامات سے طالب کو آگاہ کرتا ہی اور نظر سے دلکی آنکھ کے طالب کو یہ سب دکھلائی دیتا ہے بعد اُسکے طالب محو اسمین محو ہو جاتا ہی اور دیکھتا ہی جیسے کہ لوگ قرآن مجید کا مطالعہ کرتے ہین اور پڑھتے پڑھتے انتہا تک ختم کر ڈالتے ہین ویسے ہی طالب کو آگاہ کرے اور پتہ دے اور مرتبہ مراد کو پہونچادے لیکن مرشد کامل چاہیئے تب ان مقامات سے طالب کو آگاہ کرے اور پتہ دے اور مرتبہ مراد کو پہونچا دے جیسے کہ لکھا ہے یہ سب باتین نظر دل و دیدہ سے دکھلائی دیتی ہین والا نہ سب مشائخ و بزرگ ایمین سے صرف ایک مقام حاصل کرتے ہین کوئی روح طبیعی اور کوئی روح حیوانی اور کوئی روح نفسانی اور اگر کوئی انسے کچھ سوال کرتا ہے موافق اپنی سمجھ اور حاصل کے نشان دیتے ہین اور اگر اُن کے حاصل سے مختلف سوال ہو تب اُسکا کچھ نشان نہین دے سکتے لیکن اس راہ مین طالب کامل کو چاہیئے کہ تلاش کرے البتہ مرشد کامل ملے کیونکہ کوئی ملک و شہر بدون مردان خدا نہین ہے اور نہ ہوگا جو کوئی تلاش کریگا البتہ ملیگا کہ برکت انکی صحبت سے مراد اُسکی حاصل ہو جائیگی اور راہ حاصل ہونے ارواحون کی یہی ہے جو کہی گئی اور سب ذکرون سے ایک ذکر خفی ہو کہ مرشد کامل فرماتا ہے اور حدیث نبوی بھی اسمین ہے اَفضَلُ العِبادَۃِ الذِّکرُ الخَفِیُّ اسکی برکت سے یہ روح طبیعی کہ جگر و ناف سے تعلق رکھتی ہو و بندہ خدا و اُمت محمدی اس مقام سے خلاصی پاتی ہی اور جان چاہے پہونچ جائے علامت اسکی یہ ہو کہ سب عضو عضو سے فقط اللہ سُنائی دیتا ہے سر سے لے پیر کے انگوٹھے تک اور رگ رگ و رویان و بال بال ذکر اللہ مین رہے ہین اسی بات پر کہا ہے رباعی کسے گوید کہ عاشق بے نماز ہست ٭ وجود عاشقان کلی نماز است ٭ نماز زاہدان سجدہ سجود است ٭ نماز عاشقان ترک وجود است ٭ ابیات کہے کون ہے کہ عاشق بے نماز ہے ٭ وجود عاشقان خود سب نماز ہے ٭ نماز زاہدان سجدہ سجود ہے ٭ نماز عاشقان ترک وجود ہی ٭ ابتدا مین روح مذکور مقام ہوا مین ورزش سے آتی ہے اسوقت بندہ اپنی نیند مین ایسا دیکھتا ہے کہ ہوا پر سوار ہو کر جاتا ہے اور پانؤن زمین پر نہین گرتا ہی وہان سے روح مقام آگ مین آتی ہو وہان اندھیرا دکھلائی دیتا ہے خفا ہو کر فی الفور وہان سے روح نکلتی ہو کہ وہان ایک لمحہ رہ نہین سکتی وہان سے پانی کے مقام پر آتی ہو اور وہان صورت اصلی اپنی دکھلائی دیتی ہو کہ وجود خاکی وہی ہو کہ اس مقام پر ہمیشہ رہتا ہے

بعد اُسکے دل کے نزدیک پہونچتی ہی اور پھر مغز مین اسوقت نزدیکی حاصل ہوتی ہی اسی کو نزدیکی خدا کہتے ہین اور اسی جگہ پر کہا ہے فرد مردان خدا خدا نباشند * لیکن ز خدا جدا نباشند شعر مردان خدا خدا نہین ہین * لیکن حق سے جدا نہین ہین * جو شخص اس شغل مین کامل ہو اولی اللہ ہوا حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو اس مقام پر نہ پہونچا وے اسکو مرید نہ کرنا چاہیئے بیت میان عاشق و معشوق رمز یست * کراما کاتبین را ہم خبر نیست * شعر میان عاشق و معشوق جو اک رمز ہے * ہین کرام کاتبین بھی اس سے بالکل بیخبر * برکت ذکر و دھیان فرمائے ہوے مرشد سے پردہ دل کھل جاتا ہی اُسوقت اسم اللہ نظر آتا ہے اور دل روشن ہو جاتا ہی تب طالب واصل حق ہوتا ہی اور ساتون آسمان سے یہ آواز آتی ہی وصل الحبیب الی الحبیب بیت قطرہ اندر بحر گردد ناپدید * کے توان اورا جدا از بحر دید شعر قطرہ کہ دریا مین ملکر کھو جائے * کب اسکو جدا دیکھ سکین دریا سے * اس شغل سے آدمی صاحب کمال و صاحب مقام ہوتا ہی درجہ صاحب کمال کا صاحب حال سے بڑھکر ہے یہ کسب حضرت قادری ہے اسمین گانا اگر ہو بہتر ہے تعریف و ثنا دوست کی کرتا ہے اور اگر نہو تو بھی خوشتر کہ دوست سے شامل و کامل ہی اور سب پر قدرت رکھتا ہے اور بحکم خدائے بے نیاز و کریم کارساز حاکم سب شغلون پر ہے علامت اُسکی یہ ہے جسکی نظر اُسپر پڑے وہ اُسکا تابعدار ہو گرمی شغل سے پردہ مغز کھل جاتا ہی بعدہ قطرہ ترش مغز سے ٹپکتا ہی دل پر بعدہ قطرہ تلخ دل سے ٹپک کر گرتا ہی اور دل اس سے روشن ہو جاتا ہی اور مغز سے آواز ہو ہو کی نکلتی ہے یہی فضل ہی اسی کو حضرت حافظ نے دیوان مین فرمایا ہی شعر کس ندانست کہ منزلگہ معشوق کجا است * اینقدر ہست کہ بانگ جرسے می آید ترجمہ شعر کسی نے بھی نہ جانا یار کا گھر کس جگہ ہے اور کہان پر ہی * بجز اسکے کہ آواز جرس آتی ہے کانون مین * جسوقت آدمی کمالیت کو ہوپنچے اُسوقت سردی و گرمی دم رنا و مارنا اور بھوک پیاس کچھ نہین رہتی یہ تینون روحین مغز مین داخل ہوتی ہین اس بدن کو چھوڑ دیتی ہین اس سے کچھ تصدیعہ نہین ہوتا اسکو صوتوا قبل ان تموتوا کہتے ہین اور عرش و کرسی و لوح قلم اور جو کچھ قدرت آفریدگار مین ہے سب کو اپنے مین دیکھتا ہی اور آنکھین سرخ رہتی ہین جو کچھ چاہتا ہی حکم خدا سے کرتا ہی جسوقت چاہے مرجائے جسوقت چاہے جی اُٹھے یہ صفتین صاحب مقام کو حاصل ہوتی ہین اور یہ عاشق آواز کا ہے اس سے گانا انکے لئے فرض ہے یہ کسب حضرت چشت کا ہے اسکو حبس گیر کہتے ہین اس سے آدمی صاحب حال ہوتا ہی اشارہ اسی کسب کا یہ ہے بیت چشم بند و گوش بند و لب بہ بند * گر نہ بینی سر حق بر من بخند شعر آنکھ بند کر کان موندا اور منھ کو بس * گر نہ دیکھے سر حق تو مجھ پہ ہنس *

واے اوپر حال ان لوگون کے قطعہ اے دل تو دمے مطیع سبحان نشدی ٭ وز کردن کار بد پشیمان نشدی ٭
زاہد شدی و شیخ شدی و دانشمند ٭ این جملہ شدی ولے مسلمان نشدی شعر اے دل تو کبھی مطیع سبحان ہنوا
اور کرکے برے کام پشیمان ہنوا ٭ زاہد بھی ہوا شیخ بھی اور عاقل بھی ٭ یہ سب تو ہوا ولے
مسلمان ہنوا ٭ اے بھائی دنیا جاے آزمایش ہے نہ کہ جاے آسایش آدمی اُسدن کو یاد نہین لاتا ہے
کہ خدا سے جان بطریق قرض حسنہ مانگ کر وعدہ کیا ہے کہ اس مدت مین تیرا قرض ہم ادا کرینگے اور دنیا مین
آلودہ نہونگے اب کہ یہان دنیا مین آئے اس دنیا کے کامون اور تماشون مین فریفتہ ہوکر
خدا کو اور اسکے قرض کو بھول گئے اس راہ مین کوئی قرض فرزندان آدم پر نہین ہے بجز جان کے کہ
پہلے وعدہ سے قرض خواہ کو ادا کرنا چاہیئے اگر کوتہ اندیشی کو کام کروگے تو بزرگی نہ رہیگی اور وعدہ پر
ایسا رقیب خدا بھیجیگا کہ چھاتی پر بیٹھکر جان لیویگا ہر چند واویلا و عاجزی و زاری کروگے کچھ پیش نہ جائیگا
رقیب مذکور ایک لمحہ توقف نہ کریگا اسوقت یہ عزت و آبرو نہ رہیگی پس چاہیئے کہ اب اطاعت اسکے
حکم کی کرو اور اس طرحسے جان دو کہ کسی کو خبر نہو فرد ہرگز نمرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ٭ ثبت است
بر جریدۂ عالم دوام ما ٭ شعر ہرگز نہین مرتا ہے جو زندہ دل ہے عشق سے ٭ دنیا کے دفتر مین لکھی اسکے لئے ہے دائمی ٭ اور اُسی جگہ پر یہ
کہا ہے بیت در کوی تو عاشقان چنان جان بدہند ٭ کانجا ملک الموت نہ گنجد ہرگز ٭ شعر تیری گلی مین
عاشق دیتے ہین جان اس ڈھب ٭ خود موت کا فرشتہ پاوے وہان گذر کب ٭ اگر اس طور پر دیگا ہرگز نہ مریگا اِلاَّ اِنَّ
اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا یَمُوْتُوْنَ بَلْ یَنْتَقِلُوْنَ مِنْ دَارٍ اِلٰی دَارٍ سمجھ اے بھائی جو چیزین کہ بدن مین تھین بہ تفصیل
کہنے مین آئین اور بیان تلاوت القرآن اگرچہ ضرور تھا لیکن واسطے عام آدمیون کے مثال دیجاتی ہے
یہ سبب بھی قرآن مین کہا جاتا ہے علامت خاک غلاف و چمڑہ جلد و کاغذ و تار و کاغذ و رستی یعنے دھاگا
وغیرہ علامت باد قرآن سے روان ہوتا ہے اور زیر و زبر و پیش و مد و تشدید و جزم و نقطہ و علامت آتش
مثل جواب و سستی آیہ و مطلق و رکوع و ربع و نصف و ثلث و تمامیت سیپارہ علامت آب روشنائی
و شنگرف و سپیدہ و زنگار و آب طلا و آب نقرہ اور تین چیز اور جو بدن مین ہین روح و نور و ذات
اسمین بھی جان اور ہر ساتونکی سات سات علامت یہان بھی لکھی جاتی ہین سمجھ کہ روح طبیعی قرآن مین
حرف ہین علامت اسکی یہ ہے اوّل سننا دوسرے پڑھنا تیسرے سکھلانا چوتھے دیکھنا اور ہر حرف حرف کے
پانچوین اسکا آداب بجالانا چھٹے اسکو عزیز رکھنا ساتوین اسکو اپنے پاس رکھنا اور مثل روح حیوانی اسکے
معنی ہین اُسکی سات علامت یہ ہین یاد رکھنا اور صحیح کرنا معنی کا اور یقین لانا اور ظاہر کرنا آدمیونسے
اور وعظ کہنا اور صدق پر دل باندھنا یعنے خدا کو ایک جاننا اور محمد علیہ السلام کو برحق سمجھنا اور مثال روح

نفسانی کی عمل کرنا اور شوق پیدا کرنا اور مرشد کامل کو ڈھونڈھنا اور حکم شریعت بجالانا اور بڑہنا طریقت مین اور پہونچنا حقیقت پر اور حاصل کرنا معرفت کا اور ڈوب جانا وحدت مین اسطرح سے مرتبہ بمرتبہ منزل بمنزل طالب اپنی مراد کو پہنچتا ہے

باب سوم دربیان تلاوت الوجود مجمل

چاہیئے کہ دل سے پڑہے تاکہ کچھ بزرگی و نفع اسکا تو جانے یہ خاک و ہوا کہ اربعہ مین سی ہے اور روح طبعی کہ ہوا باطنی ہے یہ سب دل سے تعلق رکھتی ہین اور آگ کا تعلق روح حیوانی سے ہے یعنے نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ دل مین گرمی رکھتا ہے وابستہ یعنے ملا ہوا روح حیوانی سے ہے اور پانی روح نفسانی سے علاقہ و رشتہ رکھتا ہے کہ مقام مغز سر مین ہے اور وہ بھی سرد ہے اور مٹی یعنے خاک باطنی نہین ہے مگر ایک شکل خدا کے پہچاننے والون کے دلمین پیدا ہوتی ہے اگرچہ سب آدمیون کی دلمین مقرر ہے اور خاک ظاہری اُسی صورت کی شکل رکھتی ہے اور تینون روحین دلمین ایک ہوئی ہین معلوم چاہیئے کرنا کہ ارواح طبعی ساتھ تمام بدن و اعضا کے محکوم دل کی ہے دل جس جگہ چاہے لے جائے اور جہان چاہے بٹھلائے اور جو کام ہاتھ اور پانون سے تعلق ہے اور اُسنے لیتا ہے اور رنج و راحت مین شریک ہے اگر کوئی آن پڑے تو اسکا علاج و دفعیہ چاہتا ہے اور ارواح ذاتی بھی اُسکے شامل ہین جیسے کہ پیشانی و آنکھ اور دل جب ایکجا ہوتے ہین تب کچھ دیکھا جاتا ہے اگر دل کہین اور رہو تو پیشانی اور آنکھ سے کچھ نہین سوجھتا ہے اسیطرح کہنے و سننے وغیرہ اور سب کا مومنین سمجھنا چاہیئے جیسا کہ حضرت رسالت پناہ صلعم جامع جمیع مراتب و قادر کل موجودات پر ہین ویسی ہی بدن مین یہ دل ہے کیونکہ مقام محمدی علیہ السلام ہے اور مغز و دل ایک ہین بدن مین اثر رکھتے ہین جسطرح کہ اللہ و محمد کل موجودات مین ہین اور کلام مجید مین یہ آیت اس سے خبر دیتی ہے ان اللہ علی کل شیٔ قدیر ٭ اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اسمین ہے۔ انا من نور اللہ و کل شیٔ من نوری ابیات

الا یا عشق را کردی ز بہر خود ز خود پیدا ٭ بصورت دیگرے گشتی و گشتی بہر او شیدا ٭ جمالت باکمالت شد ہویدا کامل اکمل ملک عرش و فلک ارض و بحر کردی از و پیدا ٭ ز افلاک و قمر شمس و دران لوح و قلم ثابت ٭ ازو در وادی بیضا منور شد ازو پیدا بعالم ظاہر و باطن چو کردی قادر مطلق ٭ ز احدیت شدہ احمد ز احمد گشتہ اش احدا ٭ صلواۃ اللہ علیہ و آلہ ام سزاوار ازل گفتی ابد گوید و خواہی گفت تا ابدا ٭ **نظم** خدا تو نے کیا عشق آپسے اپنے لیے پیدا ٭ بنا تو دوسری صورت اور اسپر آپ ہو شیدا ٭ ترا نور جمال پاک جب کامل ہوا روشن ٭ زمین عرش و ملک نکلے اسی سے اور یہ دریا ٭ ہوے افلاک و مہر و مہ مع لوح و قلم ثابت ٭ اُسی مین سے ہوا اُس سے ہی روشن وادے بیضا ٭ بنایا تو نے جب عالم کو ظاہر اور باطن مین ٭ ہوا یکتائی سے احمد اور احمد سے ہوا احدا ٭ درود اللہ کا اُن پر اور آل انکی پہ لائق ہے ٭ کہا تو نے ازل کھووے ابد کہتا رہے ابدا ٭

پس اس مقدمہ سے ثابت ہوا سب وہی ہے اسمین شک نہین ہو یعنے ہمہ اوست یہ معما لکھا گیا ہے سب
لوگون پر واضح ہوگا اگرچہ سبب اسکا کسی نے دریافت نہین کیا ہے کہ یہی عین وصل ہے من عرف نفسہ
فقد عرف ربہ جسنے کہ پہچانا اپنے آپکو تحقیق پہچانا خدا کو اکثر لوگ پڑھنے سے اور سننے سے یہی احادیث وآیات
کے بدون عمل اپنے کو واصلان حق سے کہتے ہین اور سمجھا ہے اور فقراے ناقص خلق کو گمراہ کرتے ہین اور انصاف
وبندگی خدا سے باز رکھتے ہین اور اپنی بزرگی ومصاحبت ظاہرا حاصل کرتے ہین اور بعضے فاضل جاہل
دہری ایسا چاہتے وکہتے ہین کہ ایسے خدا کو قبول کرنا و نہ کرنا برابر ہے اور اسی راہ سے کہتے ہین
کہ کچھ نہین ہے اور کوئی اُن فقیرون اور فاضلان جاہل سے تکرار نہین کرتا ہے جیسا کہ ایک مرید نے اپنے پیر سے
سوال کیا کہ اگر سب وہی ہے تو مین بھی وہی ہون وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے مین جو چاہتا ہون کیون نہین ہوتا اور
جو شخص کسی قید مین پڑجاتا ہے پھر آپ کیون نہین نکل سکتا یہ کیا سبب ہے اس کے جواب مین مرشد نے
مرید کو واسطے شغل کے حکم دیا کہ اس سے معلوم ہوجائیگا اور کچھ نشان نہ بتلا سکے اور کہا کہ تقنسی
شغل فرمائے ہوے مرشد سے بعد محنت بہت کے مقصد حاصل ہوجاتا ہے لیکن اگر یہ مدعا ہے کہ اسوقت
نشان ملجاوے تو سمجھ ان اللہ علی کل شئی قدیر پس جسطرح کہ یہ آدمی تمام اعضا اپنے پر تدبیر محیط ہے اور
مقامات بدن کے اوپر لکھ آئے کہ مغز سر ودل وناف ہے اور تینون دل مین ایک ہوئے ہین اور جو کچھ قدرت
خدائی مین ہے وہ سب انسان مین ہے وہ کل ہے اور یہ اسکا جز ہے پھر جو کچھ قوت وتوانائی ذات آدمی مین ہے
وہ اُسکے بازو مین نہین ہے اور جسقدر بازو مین ہے موافق اسکے ہاتھ مین نہین ہے اور جو ہاتھ
مین ہے وہ اُنگلی مین نہین ہے اگرچہ انگلی بھی تیری ہی ہے اگر انگلی پتھر کے نیچے آجاوے آپ سے
نہین نکل سکتی جبتک کہ تمام بدن کا تیرے بوجھ اسپر نہوا اور دوسرا ہاتھ اُسکی مدد کو پہونچے کہ اُس پتھر کو
اٹھا کر اُنگلی کو اسکے نیچے سے نکالے اسیطرح جب اللہ تعالے احوال اپنے بندہ پر توجہ کرتا ہے اور دوسرا بندہ خاص
اسکی مدد کو بھیجتا ہے تب وہ اُسے قیود ظاہری سے خلاص کرتا ہے اسیطرح پر مقدمہ خواہش وتمنا وآرزو حکایت
ایک مرشد نے اپنے مرید کو واسطے سیر ملکون کے بھیجا تھا کہ جس جگہ تو پہونچے وہان مشائخون و فقیرون سے یہ بھی سوال کر کہ ہمکو
موافق آیات واحادیث ومطابق قول بزرگون کے ثابت ہے پس بندگی کسکی کرنی چاہیئے اور دوزخ کس کے
واسطے پیدا کیا ہے وہ مرید اندھا جہانتک اور جس طرف تک جاسکا پھر کر اپنے پیر کی طرف لوٹ آیا اور کہین
کسی کا کچھ نشان نہ پایا اتفاقاً حضرت سیدامان اللہ دوشانی سے ملاقی ہوا اور یہی سوال کیا انھون
نے اسکو نشان دیا اے طالب مولیٰ تو یہی جان جیسا کہ انسان اپنے بدن مین سواے اپنے
نہین ہے اور سب بدن ہاتھ سر آنکھ منھ وغیرہ سب اسکے حکم مین رہتے ہین اسی طرح انسان کو چاہیئے

کوحکم وبندگی اپنے خداے پاک مین رہے اور ایسا نہ کرے جیسا کہ اعضا لڑکون کے اُنکے حکم مین نہین ہوتے ہین لڑکا کسی طرف چلتا ہی ہاتھ خواہ پانوٗن اسکا آگ مین گر پڑتا ہی اور آگ اُنکی آنکھ مین اچھی معلوم ہوتی ہی اور وہ جل جاتے ہین اسی طرح کے کام جو خلاف شرع ہین مانند آگ کے ہین نادان وکوتہ سمجھ والون کے دیکھنے مین اچھے دکھلائی دیتے ہین لیکن جب کسی نے کہ اپنے تئین اُس آگ مین ڈالا وہ جل جاویگا اور خدا کو کچھ اُسکی پروانہ ہوگی دیکھو زمین کے حالات پر کہ کس قدر آدمی آہین تنور وچولھے وبھٹی بناتے ہین اور زمین کو جلاتے ہین اور کنوین حوض وتالاب زمین کو کھود کر بناتے ہین لیکن زمین کو کچھ پروا اسکی نہین ہی جسقدر زمین مین چولھا بنے اسیقدر جل جاتی ہی اگرچہ بدلا گناہون کا اسمین ہوتا ہی اور مصیبتون مین جو گرفتار ہوتے ہین وہ شامت اسی کی ہوتی ہی لیکن عوام کو آرزو ہوتی ہی ان سب سے کہ انکی سمجھ مین نہین آتا ہی لیکن جاننے والا بوجھتا ہی اور خاص اور نزدیکان خدا کو اسی گھڑی اور اسیوقت معلوم ہوتا ہی بہت لوگ ایسے ہونگے جنکی عمر نے وفا نہ کی اور تلافی گناہون کی اُنسے نہوئی اور اس جہاںسے چلے گئے اور چلے جائینگے افسوس صد ہزار یعنے لاکھ افسوس یہ لوگ دنیا کے غیر صلاحیت وپرہیزگاری کے سب کام اور ترود واسطے زیادہ ہونے نزدیکی وعزت کے کرتے ہین اور یہ نہین جانتے کہ خبر عزت کی صلاحیت وپرہیزگاری ہی دولت و قابلیت پر منحصر نہین ہی اسی سبب سے خداے تعالےٰ اپنے بندون کو نظر رحمت سے دیکھتا ہے اور رسول اللہ صلعم وبزرگ لوگ دوست رکھتے ہین یعنے صلاحیت واقعی سے اور اُسی برکت سے اس دنیا مین آنکھون مین سب لوگ کی پیارا اور بزرگی پانے والا اور مقرب ہوتا ہی جسوقت اس دنیا سے جائیگا وہان سے عزت پائیگا یعنے عقبی مین بھی آبرو ملیگی نہین تو جسوقت شامت گناہون کی پہونچیگی خرابی وپشیمانی مین پڑیگا اسی حالپر بزرگون نے کہا ہی بیت جان بجانان دہ وگرنہ از تو بستاند اجل * خود تو منصف باش ایدل این نکو یا آن نکو * شعر جان دے معشوق کو خود ورنہ موت آلیتی ہی * خود تو منصف ہو کہ وہ بہتر ہے یا اچھا یہ ہے حکایت ایک دہریہ کو مذہب والے سے اتفاق پڑا سب باتون سے قائل ہو کر آخر کو یہ سوال کیا اگر ہمہ اوست یعنے سب وہی ہی تو کیفیت ایک آدمی کی دوسرے آدمی پر کیون چھپی رہتی ہی اسکا جواب اسطرح دیا گیا کہ تیرے بدن مین سواے تیرے دوسرا نہین ہے بائین ہاتھ کی ہتھیلی کی اُنگلی مین درد ہو جاوے اور وہ کوئی کام نہ کرسکے تو اسکا حال معلوم ہو جاتا ہے تیرے داہنے ہاتھ کو کیون اسکی کیفیت نہین معلوم ہوتی اور یہ ہاتھ بھی کام کرنے سے کیون بیکار نہین ہوتا اسی طرح احوال بندہ کا خداے پاک کو معلوم ہوتا ہی دوسرے آدمی کو نہین معلوم ہوتا تب وہ دہریہ خدا اور رسول پر ایمان لایا بتوفیق اللہ تعالےٰ یہ نکتے اسی واسطے داخل کیے گئے کہ بہت سے آدمی ایسی سمجھ سے

خوف دوزخ سے نڈر ہوکر کہ سوائے خدا کے دوسرا نہین ہے اور مین نے بھی یہ نکتہ جان لیا اور وصل حاصل کرلیا
کہ مین بھی دوسرا نہین ہون سوائے خدا کے ایسی سمجھ سے غضب الٰہی سے نڈر ہوکر گنہگار ہون پر باندھتے مین
اسواسطے فقیر بہ عاجزی ومنت یہ کہتا ہے کہ جس کسی کے ہاتھ مین رسالہ پہونچے اپنے پاس لکھ رکھے اور عجم سے عرب
اور مشرق سے مغرب تک سب صوبجات مین لیجاوے اور جو ہوسکے تو اورون کے پاس آپ پہونچاوے
کہ اسمین بڑا اجر اُسے ملیگا اور نہایت دینداری ہے کسواسطے کہ شاید کسی اہل دل نے حاکمون مین سے
اگر ہاتھ انصاف سے اُٹھا لیا ہووے اس لکھے ہوئے کو پاوے اور دیکھے اور اسکے سبب سے آرام خلق خدا کو
پہونچائے اور حاکمون پر فرض بھی ہے کہ اپنے نائبون کے پاس پہونچادین کیونکہ وبال آزار پہونچانے خلق کا اُسکے بھیجنے
والے پر جسکی وہ نیابت کرتا ہے پہونچتا ہے بس چاہیئے کہ وہ خود بری الذمہ ہوجاوے اور خوشی حضرت محمد مصطفےٰ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کرے اور مقدمہ دو ایسے ہی پانچوین باب مین لکھے گئے ہین انکو جاننا چاہیئے اور
اگر کوئی شخص غریب بیدولت کو ایسا عقدۂ مشکل پیش آوے اس سے وہ بھی نشان حاصل کرے اور ون کیطرح
بندگی وعبادت خدا سے باز رہکر اپنی عاقبت کو خراب نہ کرے جیسا کہ ہمہ اوست دونون جہان مین ہے رنج وآرام
بھی دونون جہان مین ہے سمجھ کہ اگلے بزرگون نے ایسی محنتین کسواسطے کین اور اسقدر خون جگر کیون کھایا کہ وہ
بڑے عاقل اور جاننے والے غیب کے تھے اسی کو سمجھنا چاہیئے اور کمر کار نیک پر باندھنی چاہیئے اگرچہ وسیلہ
بڑا بھاری ہے اس والی کی شفاعت سے ہم گنہگارون کی گردن سے طوق گناہون کا نکل گیا لیکن ہم لوگون
کو بھی چاہیئے کہ جسمین رضامندی ان کی ہو بتوفیق اللہ تعالےٰ کوشش کرین تاکہ روز قیامت
آنحضرت سے شرمندگی نہ کھینچنی پڑے اور راہ حاصل ہونے کی یہ ہے توفیق اللہ رفیق ہووے
اگر کوئی چاہے اسی نکتہ سے مطلب حاصل ہوجاوے اور اس تلاوت وجود مفصل ومختصر کو
یاد کرکے اسی راہ سے کہ کچھ پردہ اسمین نہین رہا ہے خطرۂ غیر سے باز رہے اور رنج اور درد آدمیونکا
اپنے اوپر اٹھاوے اور آرام وآسایش لوگون کی اپنے اوپر مقدم سمجھے اور سب کو اپنے
مین دیکھے اور سب مین اپنے کو جانے تاکہ بفضل خدا سے ظاہر وباطن یکسان ہوجاوے اور بدون
مرشد کے مقام اعلی حاصل ہو اور اگر تجھ سے ہوسکے دم کو قید کرکے ناف سے اللہ سمیع اور دلبر
اللہ بصیر اور مغز مین اللہ علیم کہے اور پھر سر سے سانس کو اسی کلمہ کو کہتا ہوا ناف مین لاوے
اور اسی طرح ناف سے مغز تک سانس کو کھینچے اور اتارے ان تینون مقامات سے بھی کشود کار
ہوگا اسکو سہ پایہ کہتے ہین لیکن اس شغل کو مرشد درکار ہے کیونکہ اس راہ مین کانٹے و
گڑھے اور راہ مارنے والے زبردست ہین اور کئی عمل ایسے ہین کہ لکھنے مین نہین آسکتے ہین مرشد

کامل سے حاصل ہوسکتے ہین اور سن کہ یہ تین خدمتین خدائی طرف سے مقرر ہین کار دنیا کار طریقت و کار شریعت ان مین سے جو کچھ سے ہو سکے بادیانت و امانت ادا کرنا چاہیئے لیکن نتیجہ ہر ایک خدمت کا علیحدہ درجہ رکھتا ہی جو شخص کہ ان تینون سے باز رہ کر اپنے نفس کے کام مین گرفتار ہو اُسپر خدا اپنا غضب نازل کرتا ہی یبغض السیات الفارغ اور سب کام و فعل مین عذاب و ثواب شریک ہین اور یہ نیت سے تعلق رکھتا ہے اگر نیت جانب حق ہی عین ثواب ہی اور اگر نیت جانب نفس ہی محض عذاب ہے الا کہ عمل مثل بدکاری اور جوا کھیلنے وغیرہ کے کہ جنسے غفلت اور فراموشی حاصل ہوتی ہی اُن اعمالون مین کچھ راہ صواب نہین ہی اور نہ کسی بزرگ سی ایسی عمل ظاہر ہوے ہین لیکن جو شخص راہ طریقت مین پڑا ہوگا طبیعت اُسکی ہر ایک کام مین جانب حق ہو گی نہین تو یہ کام بڑا بھاری مشکل ہی کیونکہ نفس امارہ ہر ایک آدمی پر غالب ہی اور خطرہ نفس سے تعلق رکھتا ہی اور وہ خطرہ نفس نیت کو بھی شامل کر کے اپنی طرف کھینچتا ہی اور جسوقت انسان طریقت مین پڑ جاتا ہی اسوقت دل نفس پر غالب آتا ہی اور ذہن بھی دل سی تعلق رکھتا ہی اور یہ ذہن خطرہ سے طالبونکو وقت مشاہدہ عاجز کرتا ہی اور صورت کو نفس باندھنے نہین دیتا اور طالب ذہن کو نفس پر رجوع کرتا ہی جسوقت تک کہ خطرہ غالب ہی وہ اُسے اور طرف لیجاتا ہی اور جبکہ ذہن خطرہ پر غالب ہوا اُسوقت ذہن نیت کو حق کیطرف لیجاتا ہی نماز وغیرہ سب کامون مین ایسا ہی ہوتا ہی جبکہ کثرت شوق سے ذہن طالب خطرہ پر غالب آتا ہے اسوقت نفس کا مشاہدہ بندھ جاتا ہی اور جو کام و فعل کہ اُس سے ظاہر ہوتا ہی طرف حق ہوتا ہی اس خطرہ کو بھی آدمیون نے نہین پایا کسی نے چار خطرے کہے ہین اور کسی نے دو خطرہ مگر جان تو کہ ایک ہی خطرہ ہی اور ایک ہی ذہن دونون ایک مین ہندو لوگ اُسے سرت و چیست نام رکھتے ہین اور وہ بھی جان نہین سکتے سرت ذہن ہے اور چیست خطرہ جیسے کہ نفس و دل اور کفر و اسلام اور بُرا و بھلا اسی طرح سے یہ بھی ہین اگرچہ ہندو لوگ بھی اس کسب سے سیر آسمان و بر روے زمین کی کرتے ہین اور اسکو غنیمت جانتے ہین لیکن جس جگہ مقصد اصلی ہی بدون وسیلہ محمد صلعم نہین پہونچتے ہین اور ناچیز مرتے ہین بس سب کو چاہیے کہ دل کو نفس پر غالب کرین اور ذہن کو خطرہ پر تا کہ ایمان آور حقیقی ہو جاوین اور پیارا سب کا تمام بھید اور کیفیت بدن یعنے وجود کے راز پہچانتے خدا کا ہی لکھی گئی لیکن حقیقت اس سانس کی کہ آتی جاتی ہی از روے ادب قلم مین نہین لا سکتے کہ لائق سننے اور پڑھنے ہر کسی کے نہین ہی اسکو برتن اور انسان چاہیئے جسمین یہ سما سکے اور اُس کو کہا جاوے مثال اس مقدمہ کی اگلے باب مین معلوم ہوگی

باب چہارم دربیان سوال طالب

ابتدا مین طالب صادق کو شوق الٰہی پیدا ہوتا ہی اور خدا کو ڈھونڈھتا ہی اور پاس مشائخون اور

بزرگون کے جاتا ہی اور سوال کرتا ہی کہ خدا کہان ہی اور کیسا ہی اسکے جواب مین ڈھونڈھنے والے کو وہ لوگ
اشغال و شغل الٰہی مین مشغول کرتے ہین اسکی برکت سے وہ ڈھونڈھنے والا حقیقت الٰہی کو اپنی
نظر سے دیکھتا ہی لیکن مدعا ڈھونڈھنے والے کا یہ ہوتا ہے کہ اسوقت انسان ملے اس مدعا کو ڈھونڈھنے
والے کے تئین کوئی نہین پہونچاتا ہے کیونکہ وہ بات جیسیت مین ادا نہین ہوسکتا اور کہنے مین نہین
آسکتا اس واسطے ضرور ہوا اس سمجھنے کے لیے کچھ لکھنا جان تو اے بھائی جیسا کہ دریا پانی کا ہی
اور اُس دریا مین تمام جانور مچھلی وغیرہ ہین ویسا ہی یہ دریاے وحدت ہی اور یہ دریا دونون جہان ہین اور
اسمین تمام جن و آدمی وغیرہ اٹھارہ ہزار عالم ہی اور پانی کے دریا مین مچھلیان اس کنارہ سے
اُس کنارہ کو جاتی ہین اور کوئی جگہ پانی سے خالی نہین پاتی ہین اور مچھلیون کو چلنے سے پانی مانع
نہین اور پتھر و لکڑی وغیرہ پانی مین مچھلیون کو دکھائی نہین دیتا ہی اور جو کچھ سوجھتا بھی ہی تو اُسکو وہ
سوائے پانی کے اور نہیں جانتی ہین ویسے ہی اس اٹھارہ ہزار عالم مین یہ انسان جس جگہ جاوے سب جگہ جاوے
سب جگہ خدا کو موجود دیکھنے والا سمجھے اور دریائے وحدت یہ تمام دونون جہان ہین جیسا کہ کہا ہی رباعی
ہرگز نہ کند آب حباب اندر یخ * یا آنکہ کند نقش حباب اندر یخ * حق بحر حقیقت است و کونین درو ست
چون یخ بمیان آب اندر یخ * نظم برف مین پانی نہین بنتا ہی ہرگز بلا * یا کہ بُلبلے کا نہین جمتا ہی یخ مین نقشا *
خالق سے بحر حقیقت کا و کونین اسمین * آب مین برف ہی اور برف مین پانی جیسا * قدرت خدا کی
سب جگہ بھری ہوئی ہے جیسے کہ اس دریا مین پانی ہی اس دریا مین ذات پاک بزرگ و برتر ہے
ہر ایک کو دکھلائی نہین دیتی کمال قدرت اپنی سے اس ذات بیچون و بیچگون و بے شبہہ و بے نمون نے
نام پایا ہی جسوقت تک کہ یہ پردہ منھ پر انسان کے ہے اُسکو حیوانات مین گنتے ہین کیا ہوا جنسیت و
صورت انسان کی ہوئی خدا کے مرد اس صورت کو کچھ اعتبار نہین کرتے ہین ان کے نزدیک آدمی
وہ جو خصلت نیک رکھتا ہو یعنے طالب راہ حق ہو صورت والے کو وہ لوگ آدمی نہین جانتے کہ صورت
کام نہین آتی ہی جیسے کہ لوگ گانون مین رہتے ہین شہر والے ان کو مثل حیوانات جانتے ہین فقیر لوگ
ویسی ہی تمام آدمیونکو گنتے ہین سبب اسکا یہ ہی کہ فقیرون نے وہ پردہ اُٹھا ڈالا ہے یعنے غیریت کا اپنے
کو اور خدا کو دونون ایک ہین پہچانا ہے سب آدمیون کو چاہیئے کہ کوشش کرین تو فضل
الٰہی سے انسان ہو جاوین جیسا کہ کہا ہے بیت ما ز دریائیم و دریا عین ماست *
این سخن داند کسے کو آشنا است * شعر ہم ہین دریا سے و دریا عین ہم * اسکو وہ جانے کہ جو ہو آشنا *
بیت امروز این جمال تو بے پردہ ظاہر ست * در حیرتم کہ وعدۂ فردا برائے چیست بیت

دیگران را وعدۂ فردا بود * عاشقان را نقد ہم اینجا بود * بیت بے پردہ یہ جمال ترا آج ظاہر ہے *
حیرت میں ہوں کہ وعدۂ فردا ہو کس لیئے * بیت وعدہ فردا ہے غیروں کے لیئے * عاشقوں کو
نقد دل یاں بھی ملے * اور راہ حاصل ہونے مطلب کی یہ ہی مصرع راضی برضا باش و قانع
بہ قضا ترجمہ راضی بہ رضا ہے و قانع بہ قضا * پردہ دوئی کا اٹھا اندر و باہر ایک ہو جا جو کچھ کہ ہے وہ
دونوں جہان میں اور سوائے اسکے اور جو دکھائی دے سبکو ایک جانے اور ایک دیکھے فاینما تولوا فثم
وجہ اللہ ولیکن یہ کام عقل و تمیز سے نہیں حاصل ہوتا ہے کیونکہ عقل علم کے پڑھنے سے زیادہ ہوتی ہے
العلم حجاب الاکبر کہا ہے اور اسکے حاصل ہونے کی راہ دو طرح پر ہے ایک صحبت سے مرشد کی دوسرے اگر مرشد
دور ہو تو اپنے نفس سے مخالفت کرے یعنی متابعت نفس نہ کرے اُسکے خلاف کرے اس سبب سے خدا
اوپر بندہ کے مہربان ہووے اور پردہ اسکے منھ سے اٹھالے کسواسطے کہ اپنے نفس کے سبب سے یہ بندہ
خدا سے دور پڑتا ہے افسوس ہزار افسوس تمام آدمی واسطے زیادتی عقل کے بہت روپیہ خرچ کرتے
اور ہزاروں تصدیعات اپنی جان پر کھینچتے اور رات دن خون جگر کھاتے ہیں اور علم حاصل کرتے ہیں
اور اس سے اپنے کو صاحب عقل و صاحب سمجھ اور فاضل یعنی بزرگ و عالم یعنی جاننے والا سب
علم کا اور عاقل یعنے صاحب تمیز و شعور کہلواتے ہیں اور بعد اسکے اوروں کو عقل دیتے ہیں اور تعلیم
کرتے ہیں اور آپ ایسی عقل نہیں رکھتے کہ اپنے دشمن کو پہچانیں اے بھائی کوئی ترا دشمن نہیں ہے
مگر یہی نفس تیرا اور اسی کے سبب تو خرابی میں پڑا ہے اور پڑتا ہے اور اسکو تو تندرست رکھتا ہے اگر ایک دن
بھوکا رہتا ہے واسطے اپنے نفس کے خدا سے بیزار ہوتا ہے اور نفس کو خوش رکھتا ہے اور اپنے نفس سے
ہرگز بیزار نہیں ہوتا ہے کہ اسمیں خوشی خدا کی ہے پھر کس طور سے خدا تجھپر مہربان ہووے اور تجھے نعمت
ہمیشہ کے لیے بخشے حکایت ایک بادشاہ اپنے ملک میں بادشاہی کرتا تھا ایکدن تمام عالموں اور فاضلوں اور
مشائخوں یعنے بزرگان حال و قال کو بلوایا اور کہا کہ تم لوگ روزینے اور جاگیر اور دیہات پائے ہو اور کھاتے
ہو مجھکو بتلاؤ کہ میں بہشت میں جاؤنگا یا دوزخ میں نہیں تو میں تم سب کو قتل کرتا ہوں یہ سب لوگ اس
فکر میں ہوئے مگر کسی کو جواب نہ آیا ناچار ہو کر وعدہ کیا کہ ایک ہفتہ میں ہم جواب اسکا دینگے بادشاہ
نے قبول کیا اور سب کو رخصت کیا سب لوگ بعضے اپنے گھروں میں آکر فکر میں اور بعضے
شہر شہر اور گانوں گانوں گھومتے تھے کہ کوئی فقیر اور بزرگ ایسا ملے کہ جواب اس سوال کا
دیوے ایکدن اُن میں سے ایک کو حضرت شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات
ہوئی اُسنے اُن کی خدمت بابرکت میں اظہار اس معاملہ کا کیا وہ اسکے ساتھ بادشاہ

بزرگون کے جاتاہی اور سوال کرتاہی کہ خدا کہان ہی اور کیسا ہی اسکے جواب مین ڈھونڈھنے والے کو وہ لوگ اشغال و شغل الٰہی مین مشغول کرتے ہین اسکی برکت سے وہ ڈھونڈھنے والا حقیقت الٰہی کو اپنی نظر سے دیکھتاہی لیکن مدعا ڈھونڈھنے والے کا یہ ہوتاہے کہ اسوقت انسان ملے اس مدعا کو ڈھونڈھنے والے کے تئین کوئی نہین پہونچاتاہے کیونکہ وہ بات جیسیت مین ادا نہین ہوسکتا اور کہنے مین نہین آسکتا اس واسطے ضرور ہوا اس سمجھنے کے لیے کچھ لکھنا جان تو اے بھائی جیسا کہ دریا پانی کا ہی اور اُس دریا مین تمام جانور مچھلی وغیرہ ہین ویسا ہی یہ دریاے وحدت ہی اور یہ دریا دونون جہان ہین اور اسمین تمام جن و آدمی وغیرہ اٹھارہ ہزار عالم ہی اور پانی کے دریا مین مچھلیان اس کنارہ سے اُس کنارہ کو جاتی ہین اور کوئی جگہ پانی سے خالی نہین پاتی ہین اور مچھلیون کو چلنے سے پانی مانع نہین اور پتھر و لکڑی وغیرہ پانی مین مچھلیون کو دکھائی نہین دیتاہی اور جو کچھ سوجھتاہی ہی تو اُسکو وہ سوائے پانی کے اور نہیں جانتی ہین ویسے ہی اس اٹھارہ ہزار عالم مین یہ انسان جس جگہ جاوے سب جگہ جاوے سب جگہ خدا کو موجود دیکھنے والا سمجھے اور دریائے وحدت یہ تمام دونون جہان ہین جیسا کہ کہاہی رباعی

ہرگز نہ کند آب حباب اندر یخ * یا آنکہ کند نقش حباب اندر یخ * حق بحر حقیقت است و کونین درو ست * چون یخ بمیان آب اندر یخ * نظم برف مین پانی نہین بنتاہی ہرگز بلا * یا کہ بلبلے کا نہین جمتاہی یخ مین نقشا * خالق سے بحر حقیقت کا و کونین اسمین * آب مین برف ہی اور برف مین پانی جیسا *

قدرت خدا کی سب جگہ بھری ہوئی ہے جیسے کہ اس دریا مین پانی ہی اس دریا مین ذات پاک بزرگ و برتر ہے ہر ایک کو دکھلائی نہین دیتی کمال قدرت اپنی سے اس ذات بیچون و بیچگون و بے شبہ و بے نمون نے نام پایا ہی جسوقت تک کہ یہ پردہ منہ پر انسان کے ہے اُسکو حیوانات مین گنتے ہین کیا ہوا جنسیت و صورت انسان کی ہوئی خدا کے مرد اس صورت کو کچھ اعتبار نہین کرتے ہین ان کے نزدیک آدمی وہ جو خصلت نیک رکھتاہو یعنے طالب راہ حق ہو صورت والے کو وہ لوگ آدمی نہین جانتے کہ صورت کام نہین آتی ہی جیسے کہ لوگ گانؤن مین رہتے ہین شہر والے ان کو مثل حیوانات جانتے ہین فقیر لوگ ویسی ہی تمام آدمیونکو گنتے ہین سبب اسکا یہ ہی کہ فقیرون نے وہ پردہ اُٹھا ڈالاہے یعنے غیریت کا اپنے کو اور خدا کو دونون ایک ہین پہچاناہے سب آدمیون کو چاہیئے کہ کوشش کرین تو فضل الٰہی سے انسان ہو جاوین جیسا کہ کہاہے بیت ما ز دریائیم و دریا عین ماست * این سخن داند کسے کو آشنا است * شعر ہم ہین دریا سے و دریا عین ہم * اسکو وہ جانے کہ جو ہو آشنا * بیت امروز این جمال تو بے پردہ ظاہر ست * در حیرتم کہ وعدۂ فردا برائے چیست بیت

دیگران را وعدۂ فردا بود * عاشقان را نقد ہم اینجا بود * بیت بے پردہ یہ جمال ترا آج ظاہر ہے *
حیرت مین ہون کہ وعدۂ فردا ہی کس لیئے * بیت وعدہ فردا ہے غیرون کے لیئے * عاشقونکو
نقد دل یان بھی ملے * اور راہ حاصل ہونے مطلب کی یہ ہی مصرع راضی برضا باش و قانع
بہ قضا ترجمہ راضی بہ ضا رہے و قانع بہ قضا * پردہ دوئی کا اٹھا اندر و باہر ایک ہو جا جو کچھ کہ ہے وہ
دونون جہان مین اور سوائے اُسکے اور جو دکھائی دے سبکو ایک جانے اور ایک دیکھے فاینما تولوا فثم
وجہ اللہ ولیکن یہ کام عقل و تمیز سے نہین حاصل ہوتا ہی کیونکہ عقل علم کے پڑھنے سے زیادہ ہوتی ہی
العلم حجاب الاکبر کہا ہی اور اسکے حاصل ہونے کی راہ دو طرح پر ہی ایک صحبت سے مرشد کی دوسرے اگر مرشد
دور ہو تو اپنے نفس سے مخالفت کرے یعنی متابعت نفس نہ کرے اُسکے خلاف کرے اس سبب سے خدا
اوپر بندہ کے مہربان ہووے اور پردہ اسکے منھ سے اٹھالے کسواسطے کہ اپنے نفس کی سبب سے یہ بندہ
خدا سے دور پڑتا ہی افسوس ہزار افسوس تمام آدمی واسطے زیادتی عقل کے بہت روپیہ خرچ کرتے
اور ہزارون تصدیعات اپنی جان پر کھینچتے اور رات دن خون جگر کھاتے ہین اور علم حاصل کرتے ہین
اور اس سے اپنے کو صاحب عقل و صاحب سمجھ اور فاضل یعنی بزرگ و عالم یعنی جاننے والا سب
علم کا اور عاقل یعنی صاحب تمیز و شعور کہلواتے ہین اور بعد اسکے اورونکو عقل دیتے ہین اور تعلیم
کرتے ہین اور آپ ایسی عقل نہین رکھتے کہ اپنے دشمن کو پہچانین اے بھائی کوئی تیرا دشمن نہین ہی
مگر یہی نفس تیرا اور اسی کے سبب تو خرابی مین پڑا ہے اور پڑتا ہی اور اسکو تو تندرست رکھتا ہی اگر ایک دن
بھوکا رہتا ہی واسطے اپنے نفس کے خدا سے بیزار ہوتا ہی اور نفس کو خوش رکھتا ہی اور اپنے نفس سے
ہرگز بیزار نہین ہوتا ہی کہ اسمین خوشی خدا کی ہی بھر کس طور سے خدا تجھپر مہربان ہووے اور تجھے نعمت
ہمیشہ کے لیئے بخشے حکایت ایک بادشاہ اپنی ملک مین بادشاہی کرتا تھا ایکدن تمام عالمون اور فاضلون اور
مشائخون یعنی بزرگان جال و قال کو بلوایا اور کہا کہ تم لوگ روزینے اور جاگیر اور دیہات پائے ہو اور کھاتے
ہو مجھکو بتلاؤ کہ مین بہشت مین جاؤنگا یا دوزخ مین نہین تو مین تم سب کو قتل کراتا ہون یہ سب لوگ اس
فکر مین ہوئے مگر کسی کو جواب نہ آیا ناچار ہو کر وعدہ کیا کہ ایک ہفتہ مین ہم جواب اسکا دینگے بادشاہ
نے قبول کیا اور سب کو رخصت کیا سب لوگ بعضے اپنے گھر و نمین آکر فکر مین اور بعضے
شہر بشہر اور گانؤن گانؤن گھومتے تھے کہ کوئی فقیر اور بزرگ ایسا ملے کہ جواب اس سوال کا
دیوے ایکدن اُن مین سے ایک کو حضرت شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات
ہوئی اُسنے اُن کی خدمت بابرکت مین اظہار اس معاملہ کا کیا وہ اسکے ساتھ بادشاہ

کے سامنے آئے بادشاہ نے وہی سوال اُنکی خدمت مین بھی کیا شیخ صاحب نے فرمایا کہ تمنے کبھی اپنے نفس کے ساتھ مخالفت کی ہی بادشاہ نے بعد تھوڑی دیر کے زانو سے فکر سے سر اُٹھا کر کہا کہ ایکدن مین نے مخالفت نفس کی ہے شیخ صاحب نے فرمایا وہ کیونکر بادشاہ نے جواب دیا کہ ایکدن مین بھوکا تھا کھانا مین نے مانگا جب کھانا آیا مین نے نہ کھایا اور ایک فقیر کو بھجوا دیا تو شیخ صاحب نے کہا تو بہشت مین جاویگا کما قال اللہ تعالیٰ وَنَہَی النَّفْسَ عَنِ الْہَوٰی فَاِنَّ الْجَنَّۃَ ہِیَ الْمَاْوٰی ای بھائی فقیر لوگ تمام عمر اسی طور خون جگر کھاتے ہین اور اپنے نفس کیساتھ لڑائی کرتے ہین قطعہ نفس گبر سرکش است وکشتن گبران رواست ٭ ناکشندہ نفس چون میرد بجز مردار نیست ٭ گر حیات خوب خواہی نفس را گردن بزن ٭ زانکہ کس از وے قوی تر دشمن دیندار نیست ٭ ترجمہ قطعہ نفس اک کافر ہی سرکش قتل کافر ہے روا ٭ ہے سوا مردار سے بے نفس ماری جو مرا ٭ زندگی چاہیے جو اچھی مار گردن نفس کی ٭ اُس سے بڑھکر کوئی دشمن ہی نہین دیندار کا ٭ اس سبب سے خداے تعالےٰ ایسی قوت دیتا ہی کہ آدمی نفس پر غالب آتا ہی و بیزار ہوتا ہی کما قال اللہ تعالیٰ وما ابرئ نفسی ان النفس لامارۃ بالسوء الا ما رحم ربی ان ربی لغفور رحیم جسوقت کہ کمال کرم کرتا ہی اپنے مین ملالیتا ہی اور بندہ واصل الحق انا الحق کہنے لگتا ہی اگر تو ایسا نہین کر سکتا ہی تو دو چار مرتبہ نفس کو زیر کر کہ بادشاہ ہو جاوے اور نفع اسکا معلوم کر اگر ہمیشہ ایسا کریگا تو مرتبہ ولایت کا پاویگا اور پردہ حجاب کا اُٹھ جاویگا اور واصل حق ہوگا طریق شغل زبان و دل سے لا آلہ کہکر بند کر لے اور دل سے خطرۂ خودی اور سب کاموں کے خطرات جو متعلق بہ محسوسات ہین دور کرے ایسا کہ بھول جاوے کہ کچھ نہین ہی بعد تھوڑی دیر یعنے ایک ساعت کے الا اللہ کہکر آنکھ کھولے اور سب کو موجود جانے تو یہ درجہ حاصل ہووے کہ جسوقت لا آلہ کہے آدمیون کی نظر سے غائب ہو جاوے اور جسوقت الا اللہ کہے سب کو دکھلائی دے اور یہ عمل نفی و اثبات کا ہی واسطے گناہون کے توبہ و استغفار بیچ درگاہ خداے بخشنے والے کے خوش و قبول ہی قولہ تعالےٰ وھو الذی یقبل التوبۃ عن عبادہ ویعفوا عن السیأت ویعلم ما تفعلون ۝ دیگر آنکہ یعنے دوسرے یہ کہ واسطے گناہون کے توبہ و استغفار بہت اچھا ہی اگر بڑے گناہ بھاری ہون توبہ استغفار کرے اور اپنے نفس کو تنبیہ پہونچاوے کہ یہ نفس عاجز ہو جاوے اور غلبہ نہ کرے تب خداے بزرگ و برتر بخشتا ہی اور سواے ان دو راہ کے پردہ دور نہین ہوتا ہی اور فضل خدا کا چاہیئے اور یون تو سب آدمی کہتے ہین کہ سب وہی ہی یعنے ہمہ اوست اور ہندو لوگ بھی یہی کہتے ہین کہ ہمہ اوست اس کہنے سے کیا ہوتا ہی اور مرشد بھی پہلے دن فرماتا ہی جیسے کہ لڑکے

کو مکتب مین الف سکھاتے ہین اگراسی سے مطلب حاصل ہوجاوے تو فقیر لوگ ایسی کدو کاوش ومحنت اپنے اوپر نہ کھینچین اے بھائی کہنے وسننے سے مطلب نہین نکلتا ہی اس راہ مین پردے بہت ہین مرشد کامل چاہیئے کہ نشان دیوے نہین تو ہندو لوگ بھی کہتے ہین کہ ہمہ اوست اس کہنے سے کیا ہوتا ہی **فرد** سینہ آئینہ گرگنی ز طعام ٭ یابی اسرار الٰہی انعام ٭ شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین **شعر** اندرون از طعام خالی دار ٭ تا درو نور معرفت بینی ٭ ترجمہ نظم جو تو کھانے سے کرلے سینہ کو آئینہ مثال ٭ پاوے انعام اسکا اسرار الٰہی کو تو حال ٭ پیٹ کی اندر تو کھانے سے خالی گر رکھے ٭ تب تو دیکھے معرفت کی روشنی کو اُس کے بیچ

باب پنجم دربیان حل مسئلہ

سب لوگ کہتے ہین وجانتے ہین کہ جو کچھ خدا چاہتا ہے وہ کرتا ہی لا یتحرک ذرۃ الا باذن اللہ اور دوسری جگہ کہا ہی جف القلم بما ھو کائن **مصرع** نگردد قلم زانچہ گردانده اند **ترجمہ مصرع** قلم جو پھیر چکا ہی تو پھر نہین پھرتا ٭ اور یہ بھی کہتے ہین کہ بندہ فاعل مختار ہی یہ تینون باتین آپسمین مخالف رہتی ہین اگر اسمین سے ایک ثابت کرے تو اور دو جھوٹھ ہوتی ہین اگر کسی کو باطل سمجھ تو گناہ کبیرہ حاصل ہوتا ہے اور اسکو کسی نے تحقیق نہین کیا ہے افسوس کہ لوگ کہتے ہین کہ یہ مسئلہ مشکل امام اعظم اسکو حل نہ کرسکے واللہ اعلم بالصواب اور سننے سے اس بات کو سب لوگ معذور ہین اور کوشش نہین کرتے ہین اور اسکو حل نہین کرتے ہین یعنے اس مسئلہ کی باریکی کو نہین کھول سکتے اور نہ اُسے بوجھتے ہین مسئلہ کے پیچھے مثل معما و چیستان کے سر مارتے ہین اور اپنی آپکو پریشان کرتی ہین اور اسکے اصل مقصد پر سمجھ و فکر و عقل کو نہین دوڑاتے اور اس گیند بیش قیمت بلکہ بے انتہا قیمت کو میدان سے لے نہین جاتے ای بھائی فضل خدا سے واسطے سمجھنے اور ڈھونڈھنے والون کے لکھا جاتا ہی اگرچہ کچھ بھی عشق کا بیج تیرے دل کے کھیت مین پڑا ہے تو یہ پانی کھینچ کر اس بیج پر ڈال تاکہ سبز ہووے اگر کوشش کمال کریگا پھل لاوے گا اور اُس کی لذت کو تو کھاوے گا اللہ تعالے سب بندون اپنے کو اس سے خوش دل رکھے ای بھائی سب آیتین قرآن مجید کی اور تمام حدیثین پیغمبر علیہ السلام کی اور کل قول بزرگون کے برحق آمنا وصدقنا واترنا اور آیات کا اور فرمایا ہوا اس مالک دوجہان کا اور درود اللہ کا اوپر اسکے اور سلام بغیر حکمت خالی نہین جف القلم بما ھو کائن اسواسطے فرمایا ہی کہ کام دنیا کا اوپر قسمت کے چھوڑو اور کام آخرت کا آگے لو یعنے حتے الوسع اسکا سرانجام ہر وقت مدنظر رکھو اور جو ہوسکے اُسے کرتے جاؤ غافل نہ رہو بیوقوفون نے دنیا کے کامون کو آگے لیا ہے اور عاقبت کو

قسمت پر چھوڑ بیٹھے ہین اور بندہ کو فاعل مختار اسواسطے فرمایا ہی کہ عاجزی و غریبی کو آگے کرکے عمل نیک کرے تو خدا تعالے اچھی جگہ لیجاوے اور اچھے کام اُس سے کراوے اور لوگ کام نفع دنیا کے عمل مین لاتے ہین اور ون کو نقصان پہونچاتے ہین اور بُرے کام کرتے ہین اُسوقت اوپر حدیث لا تتحرك ذرة الا باذن الله کے پر نظر کرتے ہین کہ مین کچھ نہین ہون جو کچھ کرتا ہی وہ کرتا ہی یہ کمال بے وقوفی ہے امام اعظم صاحب نے فرمایا ہی کہ اختیار اپنا ہیچ کسی کام کے نہین دیکھتا ہون واقعی وہ مقرب آنحضرت کے تھے اور وہ ہیچ اختیار مولا کے تھے اور یہ مثل دنیا مین بھی ہی جیسے کہ خدمت مین ہر ایک بزرگ کے کئی خادم و مرید ہوتے ہین اسمین جو سچے اعتقاد کے اور نزدیک ہو گئے اپنے اختیار سے گذر جاتے ہین اور موافق مرضی مرشد کے کاروبار کرتے اور حکم ہادی کو اسی وقت بجالاکر حاضر ہوتے ہین اور باقی خادم مرید داخل عوام الناس ہین پس امام اعظم صاحب نے اپنے اوپر نظر کرکے فرمایا تھا عوام الناس پر نظر نہین کی تھی اب تو سمجھ کہ اگر بندہ فاعل مختار ہوتا تو کوئی گناہ بندہ پر ثابت ہوتا اور قیامت کے روز باز پرس ہوتی اور یہ سلطنت و بادشاہی مقرر نہین ہوتی یہ بادشاہ اسواسطے مقرر ہوے ہین کہ غریب پر کوئی زبردستی نہ کرے اور ظلم نہ پہونچاوے اور جو شرع کے خلاف ہین وہ کام نہ کرسکے کوئی شخص کیونکہ قیامت کے دن بادشاہون سے یہ باز پرس سب سے پہلے ہوگی اب تو جان جیسے کہ یہ چھوٹا عالم و بڑا عالم ہی جو کچھ قاعدہ اس جگہ ہے ویساہی وہان ہی چنانچہ بادشاہ حقیقی احمد بے میم ہے اور یہ بادشاہ نائب اسکا ہے جو کچھ روزینہ لوگون کا کرتے ہین موافق تصدیق کے پروانہ مع شرط خدمات تنخواہ کے لکھا جاتا ہی اسی موافق چٹھی روپیہ کی پاتے ہین سواے اسکے ایک دام و درم نہین پاتے ہین اس جگہ پر کہا ہے مصرعہ نگردد قلم زانچہ گردانده ترجمہ پھرے نہ اُس سے قلم جو پھرا چکا ہے تو جو اور نوکر کو واسطے کام خدمت کے بھیجتے ہین وہان جو کچھ اُسکے دلمین آتا ہی وہ کرتا ہے اگر موافق مرضی اور حکم آقا اپنے کے کام و محنت و تردد ظاہر کیا اور اپنے آرام پر نظر نہ کی اور ہمیشہ آقا کو اپنے سے راضی رکھا البتہ ایک وقت آقا بھی اُس پر مہربان ہوگا اور عنایت کریگا اور اضافہ دیگا اور اگر اپنے مالک کے کہنے کو بھول گیا اور متابعت و فرمان برداری اپنے نفس کی کی اور عیش و آرام مین پڑ گیا تو اعتراض مین آکر خرابی مین پڑے گا اگر خواہش و مرضی بندہ کی طرف کامون نیک کے ہووے اُس کو خداے تعالے اُٹھاکر نیک جگہ لیجاتا ہے اور اُس سے نیک کام ظہور مین لاتا ہے اور جو نیت و خواہش بُرے کامون کی طرف ہووے تو از روے غضب کے اسکو بُری جگہ لیجا کر فعل بدکا مرتکب کراتا ہے یہ بادشاہ موافق کام کے نتیجہ دیتے ہین او

اور خداوند بزرگ و برتر و برکت دینے والا موافق نیت و خواہش کے پھل دیتا ہی اگر بندہ فاعل و مختار نہوتا کوئی گناہ ثابت نہوتا اور یہ سلطنت بھی نہوتی بلکہ اترنا انبیا و کتب سماوی کا بھی لازم نہوتا موافق لاتتحرک ذرۃ الا باذن اللہ وجف القلم بما ھو کائن - کاروبار جاری ہو جاتا اور کوئی شخص کرنے سے فعلہاے خلاف شرع کے لوگون کو منع کرتا تو دعوی خدائی کا اسپر ثابت ہو جاتا کہ یہ مقدمہ عین کفر ہے دہریے لوگ اپنی تقریر سے شرع والے آدمیون سے مکابرہ یعنے بحث و تکرار کرتی ہین اور کہتی ہین کہ جو یہ حدیثین صحیح ہین تو ہم لوگون کو اور اورون کو برے کام کرنے سے کیون منع کرتے ہو یہ کہو کہ یہ حدیثین جھوٹی ہین کوئی شخص انکے عہدہ سے برہنین آتا ہے یعنے اونسے نہین جیت سکتا ہی اور چپ رہجاتا ہی بلکہ ان باتون کے سننے سے بہت سے آدمی اپنے کو گمراہ کرتے ہین اور عاقبت اپنی برباد کردیتی ہین پس مطلب یہی ہی کہ بندہ مختار غریبون پر ظلم نکرے اور اور کام خلاف شرع کے نہ کرے کیونکہ حشر کے یعنے قیامت کے دن بادشاہون سے بھی پوچھا جائیگا کہ عدل و انصاف ایک گھڑی کا اور عبادت سو برس کی برابر ہی یہ بزرگی تمام و بخشش سب چیز کی بادشاہان عادل کیواسطے ہی حاصل کلام یہ ہے کہ کوشش کر اور ریاضت کر کہ فلانے فقیر و بزرگ نے ایسی نعمت حاصل کی ہی اور مین عاجز و غریب ہون یہ بات ناسمجھون بدعقل اور کم ہمتون کی ہی اس جگہ ہمت بکار فرما ہو کیونکہ جو ہاتھ و پیر اور دل اور تمام اعضا تجھکو دیے ہین ویسے ہی فقیرون و بزرگون کو دیے ہین انھون نے بھی کوشش و محنت کی اگرچہ انکو درجہ پہلے دن پیدایش سے تھا کہ اس سے اولیا و غوث و قطب ہوے مگر بہت سے آدمی انکی خدمت کے سبب سے درجہ کمالیت کو پہونچے اور انھون نے اپنی مراد حاصل کی ہی اگر تو بھی کوشش کرے البتہ ہو جاویگا خداے تعالے نے بہت محنت کسی کی ضایع نہین کی ہے جیسی محنت و مزدوری کریگا ویسا ہی نتیجہ پاویگا اور قرآن مجید مین خبر دیتا ہی یمحوا اللہ ما یشاء ویثبت یعنے بھول مت جاؤ خدا تعالے جس چیز کو چاہتا ہی ثابت کرتا ہی اور جس چیز کو کہ چاہتا ہی مٹاتا ہی یعنے اگر قسمت نیک ہو اور آدمی برے کام کرے تو اس قسمت کو مٹا کر اسکی جگہ اچھی قسمت ثابت کرے اور اگر قسمت بری ہو اور آدمی نیک کام کرے تو اسکو مٹا کر اسکی جگہ اچھی قسمت ثابت کرکے دیوے اس سے سمجھو کہ بہت سے آدمی اس دنیا سے اپنا نقصان کرکے جاتے ہین اور جاوینگے اور بہت سے لوگ فائدہ حاصل کرکے گئے ہین اور جائینگے لیکن عقلمند آدمی کو چاہیئے کہ تردد کمال کرے کہ اس کلمہ شریف کو اپنی آنکھون مین مثل پتلی کے نصب کرے یعنے ٹھہراوے اور مردون مین وہی مرد ہی جو کوئی کہ دونون جہان کی لذت سے فرد ہے یعنے تنہا ہی غرض کہ جسنے سب لذتون کو چھوڑ دیا بلکہ مٹا دیا اور آپ اکیلا رہ گیا ایدوست

اپنی جان کو دوست مت رکھ جبتک کہ دوست ہاتھ لگے اور راہ حاصل ہونے ملاقات معشوق کی یہ ہے
کہ جوکچھ تیری آنکھ مین اچھا معلوم ہو اُسپر عاشق مت ہو لیکن عاشق اُس جگہ کا ہو کہ وہان تو پہونچ نہ سکے
جیسے کہ مجنون و فرہاد وہان ہوسے ہین پہلے ابتدا مین عشق ظاہری اُنھون نے کیا بعد اسکے یہ سبب نہ
پہونچ سکنے کے وہان تک ہاتھ عشق ظاہری سے اٹھا کر ساتھ عشق حقیقی کے ہاتھ پہونچایا اور مراد حاصل
ہوئی لیکن یہ راہ بہت کٹھن و کڑی ہے اسمین نفس واقعی مرجاتا ہی شغل دوسرا وہ ذکر ہے کہ جو سانس
اندر جاتی ہی اُس سے لا آلہ کہے اور جو باہر آتی ہی اُس سے الا اللہ کہے اور بعضے کہتے ہین کہ ایسا کرتے ہین
جو دم باہر آتا ہی اُس سے اللہ کہے اور جو اندر جاتا ہے اُس سے ہو کرتے ہین یہ راہ نگاہ رکھنے سانس کی ہی
اور اسکو پاس انفاس کہتے ہین دوسرا ذکر زبان بند کرکے کہ دل مین اللہ اللہ کہتا رہے اور
دوسرا وہ ذکر ہی کہ تلی برابر ناف کے بائین طرف ہی اس سے لا آلہ کہے اور دل سے الا اللہ اور جگر
سے محمد اور ناف سے رسول اللہ کہے ان طریقون سے بھی کلمہ بزرگ نصیب عین ہوتا ہے یعنے
آنکھو مین جگہ پکڑتا ہی اور کھپ جاتا اور نہایت درجہ نصیب ہوتا ہی افسوس ای بھائی عمر آدمی کی تھوڑی
ساٹھ سی ستر برس تک ہوتی ہی جو بیچ عیش اور خوشی اور کامون دنیا کے گذرے گی اور گذر جائیگی اور عشق الٰہی
مین محنت و درد ہی تو بھی گذر جائیگی لیکن یہ ایک درد تحفہ ہی جس کسی نے لذت اس درد کی پائی ہی ہرگز
اس درد کے گھیرے سے باہر ہونا نہین چاہتا ہی اور آرام و دلجمعی ہمیشہ کی حاصل کرتا ہی اے بھائی حقیقت مین
اسی کام کو حق الٰہی کہتے ہین اگر اس حق الٰہی کو ادا کریگا تو اس حق مین حق سب کا ادا ہو جائیگا نہین تو کسی کا
حق ادا نہین کرسکتا ہی نہین سُنا ہی تونے حکایت ایک لڑکا تھا نیک بخت خدمت مان کی بہت کرتا تھا ایکدن
رات کیوقت اُسکی مان کو پیاس معلوم ہوئی لڑکے سے پانی مانگا لڑکا اپنی مان کی آواز سنکر چارپائی سے
اسیوقت اُٹھا اور پیالہ پانی کا بھر کے ہتھیلی پر رکھکر اپنی مان پاس پہونچا اور دیکھا کہ مان سوتی ہی جگایا نہین
اسی جگہ کھڑا رہا کیونکہ از روے ادب جگا نہ سکا تمام رات گذر گئی اور صبح ہوئی مان نے اپنی آنکھ کھولی تو
دیکھا کہ لڑکا پیالہ پانی کا بھر کے ہاتھ مین لیے کھڑا ہی کہا کہ ای فرزند تو اُسیوقت سے کہ مین نے مانگا تھا کھڑا ہی لڑکے
نے کہا کہ ہان اسی طرح تمام عمر اپنی مان کی خدمت اُسنے کی تو بھی حق مادری اُس جوان سے ادا نہوا
ای بھائی اُس آدمی سے کہ حق مانکا ادا نہوا حق اور تمام لوگون کا یعنے مان اور باپ اور بی بی اور
لڑکا اور بھائی اور لڑکی اور حق ہمسایہ وغیرہ کس طور سے ادا ہوگا اُس لڑکے مذکور نے اس عمر مین
کچھ حق خدمت خدا کا بھی ادا کیا تب اس سبب سے مان کے حق سے ادا ہوا کسواسطے کہ یہ سب تمام
حق اوپر اس بندہ کے خدا نے مقرر کیے ہین اور حق اپنا علحدہ مقرر کر رکھا ہی آداب حق الٰہی فقیر لوگ

جانتے ہین کہ اُس حق کے ادا کرنے سے حق یعنے خدا ے عزوجل مہربان ہوتا ہی اور مرتبہ بہت دیتا ہے اور
حق سب کا اُس بندہ کو بخشش یعنے معاف کردیتا ہی چاہئیے کہ حق حقیقت ادا کرکے غریب و بیچارون پر
مہربانی کرے کیونکہ یہ بھی عبادت اور بدلہ بڑا رکھتی ہی لیکن جسوقت کہ ان کامون سی تجھے فراغت ہووے اور
رات ہوجاوے اسوقت مین کچھ کام دنیا کا نہین ہوتا ہی تھوڑا بہت شغل طریقت بھی توکرتا رہ قصہ مختصر یہ ہی
کہ اگر تجھ سے ہوسکے توکر نہین تو خدا ے بزرگ و برتر بے پرواہ ہی اور اختیار ہاتھ مین مختار کے ہے اور پہچاننا
اور دریافت کرنا بھی ایسی باتون کا فضل الٰہی سے تعلق رکھتا ہی قصہ مختصر یہ ہے اور حضرت سید مذکور
نے بیچ حقیقت تمام عذاب و ثواب کے دو عمل عذاب اور دو ثواب اور دو فرض اور دو سنت قرار دیے ہین جو کوئی دعوی
انسانیت رکھتا ہو اسپر قدم مضبوط رکھی یعنے اسپر ثابت قدم رہی اور عمل کرے تو نتیجہ نیک پاوی بیان دو عمل
ثواب ایک جبر کرنا اپنے نفس پر دوسرے پرورش کرنا دوسرون کے دلکا بیان دو عمل عذاب ایک تابعداری
اپنے نفس کی دوسرے آزردہ کرنا یعنے دکھانا اور ستانا اورون کے دل کا دو فرض یہ ہین ایک عشق و
محبت الٰہی دوسرے فکر و تردد و رنج ذکر الٰہی مین دو سنت یہ ہین ایک چھپانا عیب کو آدمیون کے
دوسرے بھول جانا اپنی سخاوت و احسان کو جو کسی کیساتھ کیا ہو چاہئیے کہ احسان کرنا اپنے مقدور بھر کسی سے
تو دریغ نہ رکھے جو کوئی ان آٹھ عمل کو بجالائے وہ مرد واصلان یعنے پہونچے ہوے اور ملے ہوے خدا سے
ہوجاوے اور جو کوئی ان سب آٹھ عملون سے ایک عمل اپنے اوپر ثابت کرے وہ مرد بہشت مین
جاوے اور جو بہشت مین نہ جاوی چنگل اُسکا میرے دامن پر ہووے بیان آٹھون خصلتون کو
نثر کا نظم مین دو ثواب اور دو عذاب اور فرض دو سنت ہین دو ٭ ہو اگر عاقل تو گوش دل سی تم اُسکو سنو
دو ثواب ہین وہ کہ جنسے حق مین واصل ہووے تو ٭ گر عمل ہو تیرا اسپر خوب جان ای نیک خو ٭ اوّلاً تو نفس امارہ
اپنے جبر کر ٭ دوسرے اورونکے دلکے پالنے پر کس کمر ٭ دو عذاب ہین وہ کہ اُنسے ہر دم اپنے کو بچا ٭ ورنہ
دوزخ کی مصیبت مین تو ہوگا مبتلا ٭ ایک تابعداری اپنے نفس کی مذموم تر ٭ دوسرے اورون کے
دل کو رنج دینا ہی مضر ٭ اور دو فرضونکو بھی بتلاؤن تجکو میری جان ٭ ایک ہی عشق الٰہی دوسرا اپنے ذکر آن
اور دو سنت کو بھی تو کان رکھکر مجھ سے سن ٭ ایک تو عیبونکو لوگون کے چھپانا ہمہ تن ٭ دوسرے احسان و
بخشش کو تو اپنی بھول جا ٭ گر کیا تونے کسی کا ہووے احسان ہی بھلا ٭ گر یہ آٹھون خصلتین تیرے عمل مین
ہون مدام ٭ واصل حق ہووے تو حاصل ہون تیرے سب مرام ٭ گر ہون سب سے ایک بھی اپنے مین جو ثابت
کرے ٭ سچ سمجھنا وہ بھی ہوگا بہشتی جب مرے ٭ گر بہشتی وہ نہو یہ قول میرا اُس سے ہے ٭ حشر کو وہ میرا
دامنگیر ہو بے ریب و رے ٭ اور اکثر آدمی دعوی محبت الٰہی کا کرتی ہین اور سب طرح سے نفع و نقصان کو اپنے سمجھی

ہین اور کلمات عاشقانہ پڑھتے ہین اور جانتے ہین کہ سب سے یہ بہتر ہے اور اُسپر عمل نہین کرتے ہین اور
حیلہ وبہانہ علائق یعنے گھروالونکو بیچ مین لاتے ہین پس حیلہ وبہانہ کرنا سبب انکی اپنی نفسانیت کا ہی ورنہ سب
بزرگ لوگ قبائل رکھتے تھے اور ہمت کو کام فرماتے تھے اور اس دنیا سے سرخ رو گئے ای عزیز وہمت
بڑے بڑے کام کر سکتی ہی البتہ برکت دینے والا بزرگ و برتر صدقے مین اپنی حبیب کے درود اللہ کا
اُن پر ہو اور سلام سب بندون کو اپنی توفیق وہمت بخشے تو کام دنیا کا اور دین کا دونون سہل
ہوجاوین اُسکے احسان اور کمال بخشش سے جو کوئی اُس راہ مین فنا ہوتا ہے
حق تعالے اُسپر رحم کرتا ہی

باب ششم در بیان سیر مراقبات از رسالہ من تصنیف عبد الجلیل رحمۃ اللہ علیہ

مراقبہ اول اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ فکر وحدت اور کثرت کی بیچ تمثیل بسم اللہ کے تمام کرے جیسا
کہ مقصود بسم اللہ کا واحد ہی اسی طور ذات باری تعالے کو جانے مثال الفاظ بسم اللہ الآخرت حضرت
مخلوق کا جانے یعنے خدا ہے کہ کتنے لباس پہنکر دروازہ پر جیسا کہ ایک عارف کہتا ہی بیت
آن بادشاہ اعظم دربستہ بود محکم ۔ پوشیدہ دلق خلقت ناگاہ بر در آمد ما عبد یقول بسم اللہ
الرحمٰن الرحیم یذوب الشیطان کما یذوب الرصاص فی النار اسبات سے ہے
مراقبہ دوم الم لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ ہر سہ حروف الم سے نعمت معلوم کرے جیسا کہ میم سے
مظہر مخلوق کا خیال کرے اور لام سے رسول اللہ اور الف سے اللہ خیال کرے اور ان تینون کو
اپنے وجود مین حرکت پاوے جیسا کہ اجزا اپنے کو بمثال مظہر کے مخلوق جانے اور جملہ وجود اپنے کو
رسول جانے اور روح اپنی کو ذات حق تعالے جو ان تینون نعمت کو ایک دیکھے بلاریب و
شک صفات ساتھ ذات کے محو ہووے اور جزو کل ہو بیت ذات وصفات ہر دو بہ مقصد یکے
بود ۔ بمثال موج دریا اصلش یکی بود ۔ کہ طالب حق کہ ببیند بوجود خویش مطلق ۔ آدم رسول مولی ہر سہ
یکے بود اُس وقت الم ذالک الکتاب لاریب فیہ ھدی
للمتقین الذین یومنون بالغیب معلوم کرے یعنے الم وہ کتاب توحید ہے
کہ نہین ہی جھوٹھ اُس کتاب مین اور راہ دکھلائی گئی ہے خاص متقیان کو وہ کہ ایمان لائے
ہین خداے تعالے پر ساتھ غیب کے یعنے بہ ثبوت خدا اپنے کو فنا کیا وہستی ونیستی کو
سہو کیا ہے مراقبہ سوم فاینما تولوا فثم وجہ اللہ یعنے جس جگہ کہ جانے اور ایکدم آدم
بس اُس جگہ جاوے خداے تعالے ہی لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ بیچ شمع معنی اس آیت

کے خداکو پروا نہ کرے اور جو پروانہ ہو پروانہ ہو جیسے پردہ دوئی مین ہی جبکہ دوئی گئی لاپرواہوا
کہ الفقر لا یحتاج الی اللہ اسبات سے ہے مراقبہ چہارم ونحن اقرب الیہ من
حبل الورید خداے تعالے فرماتا ہی کہ مین قریب تر ہون طرف تمھارے شہرگ گردن
تمھاری سے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ قوت آیۂ مذکورہ سے پیرہن ہستی اپنی کو پھاڑے اس سے
کہ سبحانہ تعالے شہرگ گردن سے نزدیک تر ہو پس طالب معلوم کرے کہ مغز مطلق اُسکا ہی اور جو
مغز مطلق اسکا ہے پس یہ وجود پیرہن اُسکا ہی یعنے مغز و پوست مین تصرف اسکا ہی بیت اوست
مغز جہان جہان ہمہ پوست × خود چہ مغز چہ پوست خود ہمہ اوست × مراقبہ پنجم وفی انفسکم افلا
تبصرون خداے تعالے فرماتا ہی کہ مین تمھاری ذات مین ہون لیکن تم نہین دیکھتے ہو اہل
مراقبہ کو چاہیئے کہ صلاحیت معنی اس آیت مذکورہ سے گھر ہستی اپنی کو سنوارے ایسا کہ جس جگہ بادشاہ
نزول کرے غوغا عمرو زید کا نہ رہے مشہور ہی مصرع ہرجا کہ سلطان خیمہ زد غوغا نہ خاند عام را × غوغا
عمرو زید عالم مین ہرگز نہین ہی لیکن طالب سالک پندار ہستی اپنی سے بیہودہ بیہود دیکھتا ہے بے یسمع وبی
ینطق وبی یبصر وبی یاکل وبی یشرب مراقبہ ششم ونحن اقرب الیہ
منکم ولکن لا تبصرون حقتعالے فرماتا ہے کہ مین نزدیک تر ہون طرف تمھارے
تمسے ولیکن تم نہین دیکھتے ہو اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ حرارت معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو جلادے جیسا کہ قاعدہ
ہی کہ جو شی آگ مین داخل ہوتی ہی تو وہ بھی آگ ہو جاتی ہی پھر جو اس آگ کو ڈھونڈھو کسی جگہ نہ پاؤ بجز
اپنے اسواسطے یہ اشارہ ہی کہ مین نزدیک تر ہون طرف تمھارے تم سے مراقبہ ہفتم وھو معکم
اینما کنتم یعنے وہ خدا تعالے واحد ہر دم تمھارے پاس ہی جس جگہ پر کہ تم ہو پس اہل مراقبہ کو لازم
ہے کہ سوزش معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو جلادے جیسے کہ ہر شے کان نمک مین پڑتی ہی اُسکا نمک ہو جاتا
ہی بعد ازان جو اُس شی کو خود تلاش کرے تو نہ پاوے بجز نمک بیت چشم ہمہ افتاد وجود م جلک شد ×
ہر چیز کہ در کان نمک رفت نمک شد مراقبہ ہشتم وللہ ما فی السموات وما فی الارض
وکان اللہ بکل شئ محیطا جو چیز کہ آسمان و زمین مین خاص اُس خداے پاک و برتر کی ہی اور خدا ہر ایک
چیز مین گرفت کرنے والا ہی مگر اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ جوش و خروش معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو
فراموش کرے جیسا کہ حقتعالے کو بجز اپنے کسی جگہ نہ دیکھے اور جو آپ مین پاوے تو دیکھتا ہی مانند
دریا کے مالا مال اندر اور باہر اور تحت و فوق مین بگڑا ہوا ہے وجود ہا بارش بمثال حباب کے ہین جو حباب
پانی کو ڈھونڈھے سواے اپنے کسی جگہ نہ پاوی اور جو آپ مین پاوے تو جس طرف دیکھتا ہے پانی ہی

پانی نظر آتا ہے پس اشارت و للہ مافی السموات والارض کی اس معنی سے سمجھنا چاہیئے مراقبہ
نہم لا آلہ الا ہو یعنے خدا ہے سو موجود نہین ہے کوئی آدمی سوا ے اُسکے مگر اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ تصرف
سے بہ فہمید گی معنی اس آیت مذکورہ کے اسباب ہستی اپنی کا باندھے ایسا کہ دو بادشاہ ایک ولایت
مین نہین سماتے ہین بیت در ملک وجود گویا تو باش بامن × کاشفتہ بود کار ولایت بدو تن ×
مراقبہ دہم کل من علیہا فان ویبقیٰ وجہ ربک ذو الجلال والاکرام یعنے کہ جو آدمی اس عالم
ظہور مین آیا ہے وہ فنا ہونیوالا ہے ذات پروردگار باقی رہیگی مگر اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ تلوار معنی اس
آیت مذکورہ سے آپکو وہ قتل کرے اور بدون تیغ قتل ہو شہید ہوا ور جو شہید ہوا من قتل فانا ولیہ
کا اسکے اوپر مکشوف ہوا مراقبہ یازدہم ان اللہ کان علیکم رقیبا یعنے خداے تعالے اوپر تمہارے
نگہبان ہے پس کچھ دغدغہ نہ چاہیئے جو کہ صانع اوپر صنعت اپنی کے عاشق ہوا ہے پس اس صفت سے کرشمہ
معشوق کا پاوے تا کہ عاشق و معشوق ایک ٹکڑا ہوین اور اضافت عاشق و معشوق کی درمیان سے اُٹھے
جیسا کہ تھا و لیسا ہی ہو حب المومن من الایمان مراقبہ دوازدہم واذکر ربک یعنے یاد کر اپنے
پروردگار کو یہانتک کہ آپکو فراموش کرے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ حکومت معنی اس آیت مذکورہ سے آپ کو
فراموش کرکے دوئی درمیان سے اٹھاوے حدیث محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم من عرف اللہ کل لسانہ
حال اپنا دیکھے اور اسکے معنے اس طرح پر ہین کہ اپنے پروردگار کو یاد کر کہ جسوقت ہو سکے اور جو آپکو فراموش
کرے پس معلوم کر کہ یاد کرنا اپنا گویا یاد کرنا خدا کا ہے اور فراموش کرنا اپنا فراموش کرنا خدا کا ہے
اور جو آپ کو فراموش کیا گویا خدا کو فراموش کیا حدیث محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
من عرف اللہ لا یقول اللہ مراقبہ سیزدہم لو کان فیہما آلہۃ الا اللہ لفسدتا اگر ہوتے
دو خدا آسمان و زمین مین سوا ے ایک کے تو تحقیق فساد ہوتا لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ معنی
اس آیت مذکورہ کو بغور سمجھکر ڈھول ہستی اپنی کا پارہ پارہ کرے کیونکہ شریعت مین
بجانا ڈھول خودی کا حرام ہے اگر نوبت شاہانہ بجاوے مبارک ہے اسلیئے کہ اہل اللہ کو بجانا ناچ کا ہے
جیسا کہ اسمین حضرت خواجہ حمید الدین ناگوری فرماتے ہین بیت گفتگو ے انا بحالت کشف × ہر کہ
گوید از و خدا بنود × حاصل اندر زبان استغراق × شاہد روح جز خدا بنود × مراقبہ چہاردہم یفعل اللہ
ما یشاء و یحکم ما یرید یعنے کرتا ہے خدا تعالے جو چیز کہ چاہتا ہے اور حکم کرتا ہے جس چیز کو کہ چاہتا ہے
لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ شجاعت معنی آیت مذکورہ سے اپنی حرکت کو باندھے جیسے کہ دریا غلبہ
کرتا ہے اور اپنے مین سوا ے خدا کے نہ پاوے مثل ہے کہ جسوقت دریا جوش کرتا ہے تو دریا و نہر ایک ہو جاتا ہے

اور حرکت نہر کی بیچ دریا کے نہایت ہوتی ہی سالک کو جو دریا و نہر معلوم ہو جاوے اس وقت
اعوذ بك منك کہکر اٹھے الآن کما کان جدہ مراقبہ پانزدہم رب السموات والارض
وما بینہما الرحمن لا یملکون منہ خطابا یعنے اللہ تعالے صاحب آسمان و زمین کا اور جو کچھ
کہ درمیان آسمان انکو ہے ہیگا کوئی آدمی بے فرمان اُسکے بات نہیں کہہ سکتا ہی لیکن اہل مراقبہ کو
چاہیئے کہ غوغاے بانگ حدیث اس آیہ مذکورہ سے اپنے کفر کو توڑے اسوقت مسلمان حقیقی ہو ہرگز آس پاس اضافت
کے نہ پھرے حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہی السلامۃ فی الوحدۃ والآفات بین الاثنین
کے مثل احوال اسکا ہو مراقبہ شانزدہم وقل جاء الحق وزھق الباطل بفحواے معنی اس آیت مذکورہ کے
کلفت دیو ہستی کی اُٹھاوے کہ انی انا اللہ لا الہ الا انا آیا ہی جو اوپر ہر کمال کے پہونچے اسوقت بیخ دی
جڑ سے اکھڑے جیسا کہ حدیث نبوی ہی موتوا قبل ان تموتوا اور یہ حال اسکے اوپر ظاہر ہو مراقبہ ہفدہم
ونفخت فیہ من روحی خدا تعالے فرماتا ہے کہ پھونکی میں نے وجود آدم میں روح ذات اپنی سی پس اہل مراقبہ
کو لازم ہی کہ تصور اس آیت پر کرکے بیاد خدا مشغول ہووی یہانتک کہ کسی جگہ آپکو نہ دیکھے جیسا کہ باز بے
مکان و بے نشان ہی کہ مکان و نشان اپنا آپ ہوتا ہی اور جبکہ بے خود ہو خدا ہوا اور حدیث نبوی ہی انا احمد
بلا میم چنانچہ بہ حسب فحواے آیت مذکورہ کے ہی مراقبہ ہژدہم لیس کمثلہ شیء وھو
السمیع البصیر یعنے اُس خداے واحد کے مانند کوئی چیز نہیں ہی اور وہ خدا شنوا اور بینا
ہی لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ سننے یعنے یکتائی آیت مذکورہ سے دوتائی کو ترک کرے اور جبکہ دوتائی
ترک ہوئی تو تمام جگہ ذات واحد نظر آوے دوسری دکھائی نہ دیوے اس معنی سے اشارت
لیس کمثلہ شیء وھو السمیع البصیر کہ ثانی نہ رکھے اور جو رکھے تو ایسا ہی کہ مانند نہ رکھے
مراقبہ نوزدہم وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون خدا تعالے فرماتا ہی کہ پیدا نہیں کیا
ہمنے جن و انس کو مگر واسطے عبادت اپنی کے اسے پہچاننا لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ تازیانہ معنی اس
آیت مذکورہ سے مرکب خودی اپنے کو میدان معرفت مین مارے تا کہ ماندہ نہو اور جو ماندہ ہو معلوم ہو
کہ معدوم ہوتا ہی جو جانے کہ معلوم ہو علم سے معدوم یعنے معصوم ہو حدیث نبوی سنو کہ الصوفی
لا مذھب لہ جواب اسکا ہو مراقبہ بستم ان اللہ یحب المتوکلون جاننا چاہیئے کہ خدا تعالی متوکلون
کو دوست رکھتا ہی مگر صاحب مراقبہ کو لازم ہی کہ سننے کشف معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو مفلس کرے
یعنے خزانہ مرادات کا خزانہ ہستی اپنی سے اٹھا دے کہ ہرگز اپنے ساتھ نہ لاوے حقتعالے اوپر اسکے
کہے من لہ المولی فلہ الکل اسکے سپرد کرکے اور باران رحمت اسپر برساوی اسوقت زمین خشک

سنری انا الحق کی نکالے اور یہ کہے بدیت ہو گیا ہے کہ از زمین روید ہو وحدہ لاشریک لہ گوید مراقبہ نسبت
ولیم فاذکرونی اذکرکم خدائتعالے فرماتا ہی کہ یاد کرو تم مجکو مین یاد کرون تم کو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے
کہ فرمان معنی اس آیت مذکورہ سے یاد خودی کی فراموش کرے اسوقت ساتھ خدا کے واصل ہو بس یاد
کرنا بندہ کا کیا ہی کہ خود کرے جیسے کہ آگ موم کو آگ کرتی ہی اور یاد بندہ کی خدا کو ایسی ہی کہ آپ کرے
جیسا کہ موم آپکو بیچ شمع کے شمع کرتا ہے فہم من فہم مراقبہ نسبت دوم ففروا الی اللہ خدا تعالےٰ
فرماتا ہے کہ بھاگو میری طرف لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ طلب سرعت معنی اس آیت مذکورہ سے بے سر
دوڑے جیسے کہ قطرہ باران کا ابر سے طرف دریا کے جاتا ہے فہم من فہم مراقبہ نسبت سوم ھو الاول
والآخر والظاھر والباطن وھو بکل شئ علیم خدائتعالی اول ہی اور آخر ہے اور ظاہر ہے اور باطن
ہی اور ہر چیز کو جانتا ہی لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ آموزی معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو ہستی سے بیجان کرے
اور جسوقت کہ آپکو بیجان کیا جگہ اسکی لامکان ہوئی جیسا کہ نمک پانی مین اور جبکہ وجود نمک کو پانی مین
تلاش کرے کچھ نہ پایا جاوے چنانچہ سلطان العارفین بایزید بسطامی نے فرمایا ہی کہ جسوقت آپکو ڈھونڈھتا ہون
مین خدا کو پاتا ہون مین اور جو خدا کو ڈھونڈھتا ہون مین آپکو پاتا ہون مین عزیز میرے سالک کو دریا توحید سے ایک موج
پہونچتی ہی کہ ہستی اپنی سے جاتا ہی اور تجلی صفات فنا و بقا کی اور اسکے اوپر طلوع کرے کبھی ساتھ بقا کی آتا ہی اور کبھی ساتھ
فنا کے آتا ہی جو کمالیت کو پہونچتا ہی بطور معصوم کے ہوتا ہی نہ فنا رہتا ہی نہ بقا مراقبہ نسبت چہارم ان اللہ
علیم بذات الصدور خداے تعالے جاننے والا ہی بالذات سینہ ہا کا اور بقولے جاننے والا ہے
بذات خود احوال سینہ ہا کا لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ سننے کشف معنی اس آیت
مذکورہ سے کثافت ما و منی کی اپنے سینہ سے حمام یکتائی مین غسل دیوے اور غسل مین تین چیز فرض ہی اول
پانی منھ مین کرنا دوم پانی ناک مین کرنا سوم تمام بدن کو تین مرتبہ دھونا اور پانی منھ مین کرنا ایسا کہ
دم چیز وی نہ مارے اور پانی ناک مین پہونچانا اسواسطے کہ بو خودی کی نہ پکڑے اور تین مرتبہ بدن کو
مالش کرنا مرتبہ اول مین حرص و ہوا کو دھونا ہی اور مرتبہ ثانی دوئی کو دھونا اور مرتبہ ثالث ہوا سے دھونا
ہے جو اسطرح غسل بجالاوے پاک ہو غسل فرض یہی ہی کہ ما و منی مین آپ سے دھووے اور جاننا
چاہیئے کہ دھونا ما و منی کا پاکی بدن ہی اور دھونا ما و منی کا خلاصی دام ہے اور جو دام سے خلاص
ہو ساتھ اصل اپنی کے پہونچے اور جو ساتھ اصل اپنی کے پہونچا اسنے انی اعلم بذات الصدور کی
بانگ ماری مراقبہ نسبت پنجم ان اللہ بصیر بالعباد جاننا چاہیئے کہ خداے تعالے بینا
ہے اوپر بندون کے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ صلابت روزن محل سلطانی سے معنی اس آیت مذکورہ

سے آپکو باادب نگاہ رکھے اور بجز خود راست وچپ وتحت وفوق کیطرف نہ دیکھے جیسے کہ سیاست سلطانی کی ضرب سخت ہر راست وچپ کے دیکھنے سے راضی نہین ہوتا بارگاہ سلطانی مین نظر اپنی طرف چاہیئے یا سلطان کیطرف تاکہ سلطان ہو اور راضی ہو اور جو راضی ہوا اُسکو اپنے نزدیک بلاوے جو نزدیک جاوے تو دیکھے کہ دونون ایک ذات اُدم ہین جیسے کہ آئینہ مین صورت نظر آتی ہے اور جو آئینہ مین صورت بالیقین تحقیق ہوا ایسے ہی لنعرے مارے بیت خود بخود بیند وخود می کند با خود کلام بدعا وفانی رانیست دیگر جز خدا و والسلام مراقبہ بست وششم ان اللہ سمیع علیم جاننا چاہیئے کہ خداے تعالے شنوا ودانا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ ہا سو ہی سلطان معنی اس آیت مذکورہ ہے اسم خودی کا زبان سے دور کرے جو اسم خود کا زبان سے دور ہوا سو وقت بادشاہ اُسکو اٹھا وے اور ایسی جگہ پہونچاوے کہ بجاے اپنے اسکو بٹھاوے اور جبکہ بادشاہ کی جگہ بیٹھا ملک مین حکومت اپنی دیکھی اور جو حکومت اپنی دیکھی مستی احدیت پر شب وروز گوش مارے لمن الملك اليوم لله الواحد القهار جو شہر احدیت مین تخت گاہ کیا تو لازم ہے کہ عدالت کرے یعنے مستحق کو ساتھ حق کے پہونچاوے حق آنکھون کا کیا ہے کہ عالم کو مثل صورت آئینہ کے جانے وحق بینی کیا ہے کہ اسم کسی غیر کا نہ کہے اور حق گوش کا کیا ہے کہ اسکو رغبت غیر کی نہو یعنے بجز سننے ومنہ معشوق دیکھنے کے راضی نہو وحق ہاتھ کا کیا ہے کہ سواے اپنے نہ پکڑے اور حق پاؤن کا کیا ہے کہ بخود ہو جاوے اور حق سر کا کیا ہے کہ ذکر کیا کرے واما بنعمة ربك فحدث شاہد اس بات کا ہے مراقبہ بست وہفتم ان اللہ علی کل شئ کلیم یعنے خداے تعالے ساتھ ہر چیز کے کلام کرنیوالا ہے لیکن اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ سننے نغمہ معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو بیچ رقص کے لاوے یہانتک کہ پیرہن ہستی اپنی کا پارہ پارہ کرے اور دستار زمین پر مارے سر ایک طرف اور پاؤن ایک طرف اور خود ایک طرف اور جو ہوش مین آوے وہی آواز نغمہ کی گوش ودل مین خیال رکھے خواہ عشق خواہ فسق خواہ نیک خواہ بد کچھ اُٹھے وہی جانے جو اوپر اس عمل کے عامل ہو ہمین آواز ہو جب کہ عین آواز ہو گیا دیکھے کہ جو کچھ کہے خود ہے سواے آواز خود دوسری نہین سلام احدیت سے بانگ مارے انی علی کل شئ کلیم مراقبہ بست وہشتم ان اللہ علی کل شئ شہید یعنے جاننا چاہیئے کہ خداے تعالے اوپر ہر چیز کے گواہی دیتا ہے لیکن اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ سننے گواہی معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو خود ہی بے دعوے کرے کہ قضیہ خصومت دوتائی سے پاک ہو کر یکتا ہوا اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریك له

اوپر زبان حال اپنی کے پڑھے مراقبہ بست و نہم ان اللہ علی کل شئ قدیر جاننا چاہیئے کہ
خداتعالے اوپر ہر چیز کے قادر ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ قدرت معنی اس آیت مذکورہ سے
تدبیر کو دور کرے اور آپ کو تقدیر شمار کرے بطور سیپ کے کہ سیپ مین موتی دریاے تقدیر سے
بے تدبیر ہوا اُسوقت اسرار اندر اسکے پیدا ہوا اور جو اندر اُسکے اسرار پیدا ہوا سیماهم فی وجوهم من اثر السجود
کی ہر صدف مین تجلی ہوا اور جسوقت اسرار کمالیت کو پہونچے صدف سے باہر آوے اور اُس حالت مین جگہ
اسکی مساوی ہو خواہ دریا خواہ خندق یا گلی مین ہو اور جس جگہ پر رہے بطور خود رہے کوئی جگہ
اس پر غالب نہ آوے بلکہ وہ سب پر غالب رہے اور جو اہل مراقبہ ساتھ اس مقام کے پہونچے
ہستی معدومی ان اللہ علی کل شئ قدیر سے نعرہ مارے مراقبہ سی ام ومکروا ومکر اللہ واللہ
خیر الماکرین یعنے فریب کیا ہی اُس خداے اور خداتعالے بہترین فریب کنندگان ہی لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے
کہ کرشمہ معشوقی معنی اس آیت مذکورہ سی آپکو بیچ عشق خدا کے گرویدہ تک کہ نیک و بد و خوشبوئی و بد بوئی و دشنام
و قرآن اسپر رکھین تفرقہ بیس تفرق نہ کرے اُس سے کہ یہ تمام مکرہاے خدا ہی جو تمام مکرہاے خدا ہی اگر خود
انا الحق کہے وہ بھی برحق ہی اور اُسپر کوئی نقصان نہین آتا ہی جیسا کہ جوش و خروش عشق مین کہتا ہی قال النبی
صلے اللہ علیہ والہ وسلم ان اللہ لایواخذ العشاق بما عہدہم مراقبہ سی و یکم ہو اللہ
الواحد القہار یعنے خداتعالے ایک اور قہار ہی مراد قہار سی کیا کہ اپنے ملک مین بجز اپنے دوسرے کو نہین چھوڑتا
ہی لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ قہر سلطانی معنی اس آیت مذکورہ سے اپنے ملک کو ترک کرے اور ایسے ملک
مین جاوے کہ بوے ملک خودی کی آوے جو بوے ملک خودی کی نہین آئی مانند پھول کے ہوا اور جسکہ مثل گل
کے ہوا باران رحمت نے اسپر برسنا شروع کیا اسوقت اسمین سی شجر اسرار کا نکلا اور جب کہ درخت اسرار کا ساتھ کمال
کے پہونچا جب اوپر ہر شاخ کے نظر کی اُن ہر شاخ کو مانند اپنے دیکھا اور جب ہر طرف مانند اپنے
دیکھا مستی احدیت سے نوبت سلطانی بجائی اور معنی ان اللہ ہو الواحد القہار کے
اسپر ظاہر ہووے مراقبہ سی و دوم ان اللہ یحب المطہرین یعنے خداے تعالے دوست
رکھتا ہی پاکون کو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ اشارت پاکی اس آیت مذکورہ سے آپکو خودی اپنی
سے پاک کرے پاکی کیا نفی اثبات کو دور کرے اور مثل طالب و مطلوب کے اُٹھے اور مطلق
پاک ہو اور پاکی سے نعرہ بیباکی کا مارے کہ الطالب بری الطریق دیکھے مراقبہ سی و سوم
ان اللہ یحب الصابرین خداے تعالے دوست رکھتا ہے صابرون کو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے
کہ لجام اس آیت مذکورہ سے مرکب ہاروانی اپنے کو قید کرے اور واسطے چرنے زراعت مرادات

کے جانے نہ دیوے سواے راہ نیستی اور راہ نیستی کیا کہ دہنے اور بائین نہ پھرے تاکہ مرکب خودی و
خودنمائی کا قید مین آوے اور عزت قید ہارونی سے بے قید ہو اور نعرہ معدومی کا مانند معصومی کے
نکلے الصوفی لامذهب له مراقبہ سی و چہارم ان الله یحب المتقین جاننا چاہیے کہ خدا
تعالے دوست رکھتا ہے پرہیزگارون کو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ پرہیزگاری معنی اس آیت مذکورہ سے
خودی اپنی سے پرہیز کرے کہ بوے خودی و خودنمائی کی نہ آوے اگر ایسی ہی پرہیزگاری بجالاوے جگہ اسکی بیجگہ
ہوا اور جبکہ جگہ اسکی بے جگہ ہوئی اس حال مین نعرہ حیرانی کا مکان لامکان سے مارے ماعرفناك
حق معرفتك مراقبہ سی و پنجم ولا تلقوا بايديكم الى التهلكة خدا تعالی فرماتا ہے نہین ڈالو دستہا
اپنے طرف ہلاکت کے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ نہی معنی اس آیت مذکورہ سے ہاتھ اپنے کو دریاے
ہلاکت خودی مین نہ ڈالے کسواسطے کہ دریاے خودی بدتر ساتون دوزخ سے ہے اسواسطے محقق تمام و عارف
مقام فرماتے ہین بیت گر ترا حالی بماند از خودت ہہفت دوزخ بر سر آید از بدت پس فرض ہے کہ امر خداے تعالے
کا بجا لاوے دولت و خودنمائی کو دور کرے اور جبکہ خودی سے بیخود ہوا اسوقت ہلاکت دوزخ خودی سے خلاصی
اور رضوان بقا مین پہونچے یعنے ہمیشہ رہے اور فراغت سے نعرہ خوشی کا مارے لیس فی الجنۃ خود ولا ابی ولا نسل
ولا زمہریر الا الله مراقبہ سی و ششم ان الله علی کل شئ علیم خداتعالی اوپر ہر چیز کے کام
کرنیوالا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ خزانہ علاج معنے اس آیت مذکورہ سے دوا کھاوے کہ مرض بشریت و خودیت
کا دور ہو اور اگر کھانا جانے تو اس طریق سے کھاوے کہ اول ماسوی اللہ کا پرہیز کرے بعدہ دارو
اللہ کی کھاوے کہ اثر پذیر ہو اور جبکہ دارو موثر ہوئی معذوری جاوے اور خوشی ہو اور
جس حال کہ مین خوشی کل ہوئی خزانہ خودی اور دوتائی سے غلبہ فرحت کل سے نعرہ زنان
آوے واللہ ان اللہ انا اللہ مراقبہ سی و ہفتم واللہ علی کل شئ وکیل یعنے خدا اوپر ہر چیز
کے تدبیر کرنیوالا ہے مگر اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ اپنی تدبیر سے باز رہے اور بفراغت تمام آپ کو
خدا کے سپرد کرے جو ایسا مدبر اسکے سر پر ہو پس تدبیر خود خام ہے چاہیے کہ تدبیر اپنی اُسی کے اوپر
موقوف رکھکر بطور معصوم رہے الصلوۃ والسلام مراقبہ سی و ہشتم اللہ نور السموات والارض
یعنے تجلی خداے تعالی کی آسمان و زمین مین ہے اہل مراقبہ کو چاہیے کہ تجلی معنی اس آیت مذکورہ سے
آپکو مانند موسیٰ کے پست کرے یہانتک کہ بیہوش ہو جاوے اور کوہ ہستی خودی و خودنمائی کا سوختہ ہو
اسوقت سرمہ ہوا اور جبکہ سرمہ ہو گیا قبولیت اُسکی آنکھہ اولیاء و انبیاء اور خاص و عام مین پہونچا اور
جو آنکھو مین پہونچا دروازہ تجلی جشمان کا اُسپر فتوح ہوا کہ ایسا کسی جگہ نہ پایا جاوے بدرجہ مسکینی کے پہونچے

اور درجہ مسکینی ایک مقام ہو کہ اُس مقام کو سرور کائنات نے جو التجا کیا جیسا کہ کہا اللھم احینی مسکینا
وامتنی مسکینا واحشرنی فی زمرۃ المساکین مراقبہ سی و نہم قل الروح من امر ربی
خداتعالے فرماتا ہو کہ کہدا اے محمد روح امر پروردگار کی ہو اہل مراقبہ کو لازم ہو کہ از معنی اس آیت مذکورہ
سے موت غفلت اپنی کو مانند عیسی کے زندہ کرے جیسے کہ روح امر خدا ہو جو روح امر خدا ہو کیونکر امر
خدا سے جدا ہوا اور جبکہ امر خود خدا ہو ج واج ہو وے مدہ خ ساتھ ج کے ہو جلالیت سے جاوے
غریب نقطہ جیم کی سوختہ ہو وہ خداے تعالے رحمٰن الرحیم نقطہ شفقت کا اسکے سر پر رکھے پھر خ ہو
پس جو ہر عقل شعوردان ہو وہ ایسے صاحب سے کہ رحمٰن و رحیم ہے ہرگز نہ بھاگے اور اگر بھاگے تو
سوائے اُسکے ملک کے اور جگہ کہاں بادیہ پھر تر سندہ ہوتا ہے بہتر یہی ہو کہ خ سے ہرگز ج کیطرف توجہ نکرے جو ساتھ
ج نہ آوے کام اسکا کشادہ ہو اور آواز دریاے عرفان ہمارے سے نعرہ مارے واستقم کما امرت
مراقبہ چہلم انی بری مما تشرکون خداے تعالے فرماتا ہو کہ مین جانتا ہون اُس چیز کو کہ شرک
کرتا ہو فلانا ساتھ اُسکے اہل مراقبہ کو چاہئیے کہ سننے پنداری معنی اس آیت مذکورہ سے خانمان اپنا مع خودی
وخودنمائی اپنی کے آگ مین جلاوے کہ بساط خانہ ہستی مین بال کے برابر نرہے اور جبکہ بال کے برابر نہ رہا مفلس ہو
اور جو مفلس ہوا سوقت ہوا سوقت المفلس فی امان اللہ پس المفلس فی امان اللہ ہوا تو
صحن شفقت اس پروردگار مین بطور معصوم بازی کرنیوالا ہوا اور جو معصوم صفت ہو خداتعالے اُسپر
کرم فرزندی کا فرماوے قولہ تعالیٰ المال مالی والفقراء عیالی مراقبہ چہل و یکم انہ یعلم الجھر
ومایخفی یعنے خداتعالے جانتا ہو آشکارا اس چیز کو کہ پوشیدہ ہو اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ کفر سلیمانی
معنی اس آیت مذکورہ سے دیو ہستی وخودی وخودنمائی اپنی کو مسلمان کرے کہ ظاہر و باطن اُسکا ہو
تسلیم باطن کی کیا یعنے بے یقین ہو کر نہ غیر جانے اور عین جانے اور تسلیم ظاہر کہ کچھ مفید ہو یعنے کوئی
سامع کوئی چیز سے انکار نہ کرے اسوقت تسلیم ظاہر و باطن کی ہو اور جبکہ تسلیم اسکی حاصل کی میدان
احدیت مین چوگان ارادت سے گیند سر اپنے کو آگے ڈالے کہ ساتھ حال کے پہونچا دی
اور جو کوئی بحال مین پہونچے نعرہ لا الٰہ کا مارتا ہوا اٹھے مراقبہ چہل و دوم یسبح للہ
ما فی السموات وما فی الارض یعنے یاد کرتی ہو خاص اُس خداے تعالے کو جو چیز کہ آسمان
اور جو چیز کہ زمین مین ہو لیکن اہل مراقبہ کو چاہئیے کہ غوغاے معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو
نے ونا کے مانند فراموش کرے جو ایسی فراموشی حاصل کرے منہ اسکا ساتھ منہ نا ے کے
پہونچی اسوقت کیا دیکھے کہ درونی ونا ے ایک آواز ہو اگرچہ اسم دو ناے کا ایک ایک ہو جو اس مقام کو

پہونچے نعرہ الا اللہ کا کہتا ہوا اُٹھے مراقبہ چہل و سوم واما بنعمت ربک فحدث یعنے صبر کر اُس پر
کہ جو نعمت خداے تعالے نے بخشیر عطا کی ہو اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ سخاوت یعنی اس آیت مذکورہ سے بخل
خودی اپنی کو ترک کرے کہ سخی ہو او بخل کیا ہے خزانہ ہستی کی محافظت کرے اور سخاوت کیا ہے خزانہ ہستی و
خودی اپنی کو چھوڑے اور برباد کرے جو خزانہ ہستی و خودی اپنی کا برباد دیا تو چوردن وخطرات حرص و ہواے
ہوس سے فارغ بیٹھے اسوقت جان نفسانی کو کہ خودی و خودنمائی ہے اور اوپر تخت ربانی کے بیٹھے غیب سے
اور مانند بادشاہ کے نعرہ انصاف کا مارے اور کہے البخیل عدو اللہ ولو کان زاھدا والسخی حبیب
اللہ ولو کان فاسقا مراقبہ چہل و چہارم ونہی النفس عن الھوی فان الجنۃ ھی الماوی یعنے
جو کوئی باز رکھے نفس اپنے کو حرام اور گناہ اور ہواے حرص سے پس جگہ اسکی بہشت مین ہو لیکن اہل مراقبہ کو لازم
ہو کہ باز داشت اس آیت مذکورہ سے آپکو دوزخ ہستی و خودی و خودنمائی سے باز رکھے کہ بہشت ہستی
مین پہونچے اور جو بہشت ہستی مین پہونچا شہباز عالم غیب ہوا اور لامکان مین پرواز کرے اور جبکہ لامکان
مین پرواز کر نیوالا ہووے وجود خود کو معشوق اپنا دیکھے اور آپ اُسکا عاشق ہو اور حرارت عشق سے نعرہ عاشقی
کا مارے ساتھ معشوق کے اور کہے محمد رسول اللہ مراقبہ چہل و پنجم فادخلی فی عبادی وادخلی
جنتی یعنے خدائعالی فرماتا ہے کہ ای بندگان میری طرف آؤ کہ تم کو داخل کرون بہشت مین لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے
کہ محفل مین صدق کے ساتھ آوے بندہ ہو اور بندہ کیا کہ اپنا اختیار نہ رکھے اور جو اپنا اختیار رکھے بندہ نہین
ہے بلکہ بیچ مراد کے بندہ ہوا ہی اور جسوقت کہ بندہ مراد کو کھولے اسوقت بیچ بہشت کے نامرادی آوے
اور پھل درخت طوبی کا کھاوے جب لاموت ہوا اور دریاے معرفت مین موج مارے اور جب کہ
دریاے معرفت مین موج مارے لہے لا الہ الا الحق مراقبہ چہل و ششم علم الانسان
مالم یعلم یعنے سکھلایا خدائعالے نے آدم کو جو کہ نہین جانتا تھا لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ مدرسہ
استاد مین یعنی اس آیت مذکور کے آوے اور کتاب لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی آگے رکھے
اور استاد سبق دیوے کہ نہین ہے کوئی بجز ذات واحد کے بعد لازم ہے کہ عقدہ محمد رسول اللہ کا اُستاد
سے حل کرے جو استاد بکرم خویش جواب راست فرماے خدا و محمد کو مثل برف و آب کے جانے
اور وجود برف اپنے کو دریاے احدیت مین ڈالے جبکہ دریاے احدیت مین پڑا اسوقت خداوند
محمد کو مانند موج دریاے موّاج کے اپنے مطالعہ سے پاوے اور جو مطالعہ غلبہ کرے اسی وقت
ذوق مستی و عشق و محبت اوپر زبان کے ظاہر کرے بدیت ہر یک وجود برف است روح است ہمچو آب
اندک تفکرے بکن و باز را جواب ؛ علم الانسان مالم یعلم اس معنے سے ہو مراقبہ چہل و ہفتم

لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون خداے تعالےٰ فرماتا ہی کہ ہرگز نیک کام کو نہین پہونچوگے جبتک کہ خرچ نہ کروگے وہ چیز جسپر محبت زیادہ رکھتے ہو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ غنیمت معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو غنی مطلق کرے غنی مطلق کیا کہ نہ آپ رہے اور نہ خدا جبکہ کوئی نہ رہا احتیاج اُٹھی اور بے احتیاج ہوا اور احتیاج دوئی کی حالت مین ہوتی ہی جبکہ ایک ہوا احتیاج کہان رہی غنی کل ہوا پس غنیمت کل سے جز دُس کو اوپر کل کے پہونچاوی اسوقت کہے هو الغنی وانتم الفقراء مراقبہ چہل و ہشتم قل هو الله احد الله الصمد یعنے کہہ اے محمدؐ کہ خدا تعالےٰ ایک ہی اور پاک ہی لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ دریاے احدیت معنی اس آیت مذکورہ سے وجود خودی اپنے کو دیکھے یہانتک کہ اغراق ہو کچھ نہ رہے نہ اول نہ آخر نہ ظاہر نہ باطن نہ وحدت نہ کثرت جو خودی وخودنمائی سے کچھ نہ رہا اُسی وقت پاک مطلق ہوا اور جبکہ پاک مطلق ہوا ان الله هو الاحد الصمد کہتا ہوا اُٹھے مراقبہ چہل و نہم الحمد لله رب العالمین یعنے سپاس وستایش خاص اُس خدا کو ہی کہ وہ خداے پروردگار کل جہانیان کا ہی لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ خرمن ثنا معنے اس آیت مذکورہ سے آپکو ثناگوئی حق تعالےٰ مین مستغرق کرے یہانتک کہ موے بموے اپنے ثناے حق تعالی کی سنے جو ایسی ثنا میسر آوے حرف علت کا درمیان سے اُٹھے اور جبکہ حرف علت کا درمیان سے اُٹھا خداے تعالےٰ نے اپنے کرم سے علم احدیت کا کھڑا کیا اور جو علم احدیت کا کھڑا ہوا اسوقت خودی اپنی سے گذرا اور جملہ خدا ہوا اور جو جملہ خدا ہوا ملک لایزالی کی بساط اپنے مین دیکھے اور جسوقت ملک لایزالی کی اپنی بساط مین نظر آوے مستی عشق سے احدیت خود بخود پڑھنا قبول کرے الحمد لله رب العالمین الرحمن الرحیم مالك یوم الدین تا آخر مراقبہ پنجاہم احد لیکن اہل مراقبہ کو چاہیئے کہ معنی لفظ احد پر غور کرے اور معنی احد کے دو ہین کہ سب وہی ہے جو جملہ اسکو جانا پس جبکہ کچھ نہ رہا مطلق بیقین ہوا جو ہمیشہ

ذکر ندا باسم یا ذکر دن

مجکو یہ ترکیب درویش باعمل جناب عبد الوہاب خان صاحب ولد الف خان صاحب مرحوم قوم تاغر شاخ یونس خانی کہ ان سے مجکو نہایت اعتقاد ہی بلکہ ان کو فقیر بجاے مرشد کے جانتا ہی آپ نے فرمایا کہ تو اس طور سے ذکر خفی کیا کر چنانچہ وہ یہ ہی کہ اول داہنے نتھنے کو داہنے ہاتھ کی انگشت شہادت سے بند کرے اور بائین نتھنے سے دم اینچے اس صورت سے بروقت کشش دم اول کے اپنے کو ختم کرے یعنے جھلے بعدہ ناف سے دم اینچے اور دماغ کو جانے دیوے اور بوقت کشش دم زبانکو تالو سے لگائے جبتک ذکر کرے زبان کو خم رکھے اسمین ایک بھید ہی اور بروقت کشش کرنے دم کے جیسے کہ جھکا تھا ویسا ہی اٹھتا

آئے جب جانے کہ کل دم آلیا یعنے کل دماغ مین پہونچ گیا اسوقت انگشت دور کرے لیکن زبان بدستور
ختم رہے اور ذکر اللہ کرے یعنے قلب پر زور دیکر قلب سے ذکر کرے گویا اسوقت آپکو گم کرے طالب کو چاہیئے
کہ دو دو چار چار گھنٹہ و یا کم و بیش فاصلہ سے ذکر کرے جسقدر شوق رکھیگا اسیقدر فوائد عظیم حاصل ہونگے
اول سات مرتبہ ایک دم کی کشش مین قلب سے ذکر اللہ کرے اور ایسی ہر روزہ ایک ایک کر بڑھاتا جاوے انشاءاللہ
عرصۂ ایک سال کامل یا کم و زیادہ ایام مین قریب چالیس پچاس ضرب بہ کشش ایکدم حاصل کرے گا
اور اس کام کے واسطے گوشہ تنہائی چاہیئے و یا منھ پر نقاب ڈال لیا کرے اور جہان چاہے وہان یہ ترکیب
کر لیا کرے عرصہ سال مین ذکر کامل ہو جاویگا اگر ابتدا اسکی موسم سرما مین کرے تو نہایت مناسب ہے
کس لیے کہ یہ گرمی لاتا ہے اور جو بوقت تہجد ذکر کیا کرے تو بہت ہی خوب ہے اور اسوقت ذکر تاثیر زیادہ رکھتا ہے
اور یون تو خیال ذکر کا ہر ساعت و ہر لحظہ قلب سے جاری رکھے اور ہر وقت قلب پر نگاہ رکھے کسی وقت
تصور سے خالی نرہے اور قلب کو ایسا دابے جیسے مرغی انڈا اپنا دابتی ہے خدا نے چاہا تو ایام سرما مین ہی طالب
کو اسکا لطف حاصل ہوگا لیکن عشق اسکا شرط ہے بدون عشق کچھ نہین ہوتا ہے چنانچہ اس بارہ مین کیا اچھا
کسی اُستاد کا شعر صادق آیا ہے شعر جس دل مین کہ عشق کی بنیاد نہو + گر خانۂ خدا ہو تو آباد نہو + عشق
کیا عمدہ شی ہے بدون اسکے کچھ حاصل نہین ہوتا ہے اگر مجازی ہو تو بھی بہتر ہے ہزار برس کی عبادت عشق
کے ایک لمحہ کی تڑپ کے برابر ہے اسکا مزہ تو انکو خوب حاصل ہے جو عاشق صادق ہین ہم ایسے کو اسکا
کیا مزہ ہے چنانچہ یہ شعر کسی استاد کا اپنے حسب حال ہے + شعر بوالہوس سود تجھے عشق سے کیا ہوتا ہے +
ہڈیان کھا کے کہین سگ بھی ہما ہوتا ہے + اور بدون مرشد کوئی شی حاصل نہین ہوتی ہے تاہم اپنی
جانب سے اسکی چھیڑ چھاڑ چلی جاوے بقول استاد بیت چھیڑ خوبان سے چلی جاوے اسد + گر نہین
وصل تو حسرت ہی سہی + بقول شخصے کہ پیسے جاوے دال نہین تو دلیا سہی بہرحال مرشد کی جستجو
رکھے جوئندہ یابندہ وہ کون شی ہے کہ جسکو بشر ڈھونڈھے اور وہ دستیاب نہو جنکی اچھی قسمت
ہوتی ہے اُن کو کم محنت مین یا بدون محنت کے دستیاب ہو جاتی ہے اور بدون محنت
کے بھی ملجایا کرتی ہے مگر اُسکا مرتبہ کم ہوتا ہے کیونکہ بدون مشقت کے جسکو خزانہ میسّر آتا ہے
وہ نہایت ہی بیدردی سے اسکے اسراف مین مشغول ہوتا ہے اس لیے کہ اسکی قدر سے واقفیت نہین
رکھتا ہے اور جسنے کہ محنت سے بہم پہونچا کر ذخیرہ کیا ہو اُسکو اسکی قدر خوب معلوم ہوتی ہے
اور ایسا بھی ہوتا ہے مینے اکثر قسمت والون کو دیکھا اور سُنا کہ جسقدر وہ خرچ کرتے ہین اس سے
زائد اُن کو خداوند کریم پہونچاتا ہے اللہ تعالے جل شانہ نے ایسے شخص پیدا کیے ہین

کہ جنکی تصنیفات سے بندہ نے اس رسالہ کو تحریر کیا ہے لیکن ایسے بہت کم ہوتے ہین اور یہ قاعدہ کلیہ ہے
کہ جمع کرنے اور پوشیدہ رکھنے خزانہ کا دستور ہے کہ اسکو پوشیدہ رکھا جاتا ہے جو پوشیدہ نہ رہیگا تو
رائگان جاویگا جہانتک ممکن ہو پوشیدہ رکھے اور قاعدہ یہ ہے کہ جبتک دانہ غلہ وغیرہ زمین مین پوشیدہ
نہ کیا جاوے نہ اگیگا اور جو دانہ کہ باہر زمین کے رہ جاویگا وہ ہرگز نہ اگیگا پس جہانتک ہوسکے اس
راز کو پوشیدہ کرے اور اس راز کو وہ ظاہر کریگا جو کچھ سرمایہ نرکھتا ہو بلکہ اسکو ایمان جانے کا خوف
ہے ویادہ شخص ظاہر کریگا جو خزانہ بے انتہا رکھتا ہو اسکو کچھ خوف نہین جو پوشیدہ کرے اور وہ پوشیدہ
کرنا گناہ جانتے ہین جاے غور ہے کہ جسکو شارع نے پوشیدہ کیا تو پھر پوشیدہ کرنا لازم آیا اور
شر درویشی کیا ہے لفظ ظن کا پختہ کرے یعنے خیالات کا جو کہ صحیح ہین اور ظاہر انکا کہنا کفر
عاید ہوتا ہے اس ظن کو اپنے خیال و ذہن مین پختہ کرے کسی نوع دل کے اندر شک وشبہ نرکھے غرضکہ
یہ معاملہ متعلق مقسوم سے ہے بدون مقسوم و مرشد کامل حاصل ہونا انکا دشوار ہے مگر ہان ایسی تصنیفات
اور صحبت درویشون سے شوق بڑھتا رہیگا اگر عشق رہا تو مرشد رہنا بھی ملجاوے گا کیونکہ اللہ تعالی
کسی کی محنت رائگان نہین جانے دیتا ہے طالب لوگ اول اپنے کو کافر کہلا کر مسلمان ہوتے ہین اسکا
مزہ تو وہی خوب جانتے ہین جو کہ اس راز سے واقف ہین ہم جیسے کیا جانین جو سہوًا ابھی اس راہ بے
قدم نرکھا اور جس نے اپنی عمر مین جو کھانا کہ کھایا ہو اور اسکا ذائقہ اُس سے پوچھا جاوے پھر بھلا
وہ کیا بیان کرسکتا ہے نہین ہرگز نہین کریگا بلکہ کوئی اُسکے ذائقہ کی تعریف کریگا تو ہنسی و
مذاق مین اڑا دیگا بلکہ اُسکے کہنے کو لغو جانے گا بموجب شعر جسے عشق ہوتا ہے حق کا عطا ۔ اُسے
لوگ کہتے ہین یون باؤلا ۔ ذاکر کو لازم ہے کہ گوشہ تاریک مین بیٹھکر ذکر حق مشغول ہو بر وقت نماز
آپ کو گم کرے اور اللہ تعالے کو قائم کرے یعنے کل شے مین اُسی کی موجودگی جانے اور اُس حدیث
شریف پر نگاہ رکھے قلوب المومنین عرش اللہ تعالے جبکہ قلب مومنین کا عرش ہے
تو خیال کرے کہ اسکے اندر بلاشبہ اللہ تعالے ہے اسوقت اُسکو ظاہر کرے آپ کو گم کرے یعنے
ساجد و مسجود اسی کو تصور کرے جو تجکو خطرات آوین انکو مت روک آنے دے اگر روکے گا تو تیرا
نفس تجھ سے ضد کریگا بر وقت ضد کے وہ غالب آویگا کیونکہ اگر کوئی بشر محبت کیساتھ اُسکو
دباوے تو نہین دبتا ہے پس یہی مناسب ہے کہ آنے دیوے اور اپنے مطلب سے کام رکھے
گو خطرات مذکورہ خود بخود دفع ہوجاوین گے جسطرح کہ تیرا اشتیاق بڑھتا جاویگا اسیطرح یہ زیر ہوتا جاویگا
جانب خطرات کے دلکو مطلق رجوع نہ کرے آنے دیوے انکار و کتنا اچھا نہین ہے کس لئے کہ رو کنے سے فتور

زیادہ پیدا ہوگا اور بروقت نماز تہجد کے سجدہ گاہ سے دو تین ہاتھ اونچے ایک مقام پر نگاہ رکھے بلکہ ہر نماز مین اسکا خیال رکھے انشاءاللہ تعالے بعد چند روز انوارات سرخ و زرد و سبز یعنے عیسائی و موسائی و محمدی نظر پڑینگے اور گاہ گریہ و گاہ خندیدگی آویگی اب آگے اس سے مرشد سے راستہ ملیگا میرا منھ اس لائق نہین جو لعل اُگلے یہ تو ایسا منھ ہے کہ جس سے امورات خرافات ظہور مین آتے ہین یہ جو رقم ہوا سنا سنایا بزرگون اور درولیشون سے جو کچھ اسوقت یاد آیا اور مناسب معلوم ہوا تحریر کیا لیکن یہ سب عشق سے تعلق رکھتا ہے عشق پیدا کرے تو سب حاصل ہو سکتا ہے اور بطفیل حضرت عشق کے مرشد بھی ملجاتا ہے اور اللہ تعالے نے اس دنیا کی بنا عشق ہی پر رکھی ہے کوئی شے عشق سے خالی نہین ہے ہر ایک شے مین تعشق موجود ہے کسیکو کچھ عشق اور کسی کو کچھ عشق غرضکہ ماہ سے تا بماہی عشق سے معمور ہے یعنے ایک مخلوق اسکے فرشتے نوری ہین اُنکی عبادت پر ہے بلکہ انکی خوراک بھی یہی ہے انکو عشق عبادت کا ہے لیکن جو عشق کہ آدم کو یعنے تڑپ اور بیقراری مثل سیماب کے عطا کی وہ فرشتونکو بھی نصیب نہین ہے اس کے ہی باعث آدمی کا رتبہ فرشتون سے زیادہ ہوا اللہ جل شانہ نے اگرچہ محبت اور عشق اکثر مخلوق کو عطا کیا لیکن جیسا کہ سوز عشق بشر کو عطا کیا ہے ویسا کسی کو نہین اور اسی باعث اپنا خلیفہ فرمایا یہ خلیفہ کا لفظ بہت وسیع ہے شرح اسکی کثیر ہے اور بھید بہت چنانچہ فرمایا۔ کہ حملہا الانسان انہ کان ظلوما جہولا بقول حافظ ؎ آسمان بار امانت نتوانست کشید + قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند + اس جگہ ظلوما جہولا کا لفظ عجب اسرار کا ہے اور بکمال پیار کا ارشاد ہوا ہے توصاف جای غور ہے کہ جب وہ ایسا مالک الملک قدیم لایزال ذات منزہ بیچون و چرا وحدہ لاشریک ایسی عنایت فرماوے تو اس بشر ضعیف البنیان سے اسکا کیا بدلا ادا ہو سکے مگر صوفیہ کرام ایسا فرماتے چلے آئے ہین کہ اسکا بدلہ کچھ ہے تو قدرے قلیل جان اور روح ہے یعنے روح سے ذکر کرے اور جان کو تصدق کرے اور اپنے کو گم کرے اور حق کو ظاہر کرے بقول مولانا روم ؎ تو مباش اصلا کمال اینست و بس + تو درو گم شو وصال این است و بس ہے یعنے اپنے کو نفی کرے اور اسکا اثبات کرے اور اپنا کام اور تمنا کچھ نہ رہے بقول حافظ ع مرا کارم زخود کامی بہ بدنامی کشید آخر + اور نفی اثبات کا یہ سبق ہے کہ لا الہ الا اللہ یعنے نہین کوئی معبود سوائے اللہ کے تو جبکہ مقصود اپنا اللہ کو کرچکا تو پھر غیر سے مدد کیا ضرور ہے خواہ اپنے دست بازو ہون چنانچہ قولہ تعالے ایاک نعبد و ایاک نستعین تو یہ اقرار چند بار ہر روز کرتا ہے اور توڑتا ہے تو اسلام کامل کہان درویشی تو چیز دیگر ہے بقول شخصے شعر وصال اسکا عوض جان کے میسر ہو غنیمت ہے + متاع حسن جانان جان دینے پر بھی

سستی ہی + مطابق اسکے جیسا کہ مولانا محمد رمضان صاحب فرماتے ہین ۔ روئی کا ن احمدی پلیتم کومت
تیاگ + سر کے سانٹے رب ملے تو بھی دھن دھن بھاگ + بقول حافظ ۔ حضوری گر ہمی خواہی
ازو غافل مسو حافظ + متی ماتلق من تہوی دع الدنیا و امہلہا + بقول شاہ بوعلی قلندر صاحب
۔ ہیچو پروانہ نسوزی بال و پر + کی شوی ہمرنگ آتش سربسر + اور حذائے عزوجل کے مخلوقات
بہت ہین از انجملہ ایک مخلوق اس دنیا کو بھی تصور کرے مجھ سے ایک صاحب فرمانے لگے کہ اللہ
تعالی کے بہت مخلوقات ہین مثل اس دنیا کے اور اللہ تعالے ہر روز ایک قیامت برپا کرتا ہی جسمین
حساب کتاب اپنی مخلوقات کا کرتا ہی جن و بشر کے واسطے ایک روز قیامت کا مقرر ہے اور ہونا اسکا
ضرور ہی برحق اور اسی سبب ہمارے دلون پر ہول و دہشت طاری ہی مگر اللہ تعالے کو اُس روز کی شرم ہی
اپنا فضل و کرم صادر کریگا بیت ہرگاہ بودم در عدم گفتم مرا پیدا مکن + از خود تو پیدا کردۂ خود کردہ را داری چرا
اور ایک روز یہ بھی ہو جاویگا اگر کوئی صاحب یہ طرز کرین کہ امر بھلا کب قیاس مین آتا ہی کہ قیامت کے دن
تو بڑے ہونگے یعنے ایکدن ایک سال کے برابر ہوگا اور دوسرا روز مثل ششماہ اور کوئی ہفتہ کے مانند
باقی برابر ہونگے بھلا اس صورت مین ہر روز ایک قیامت کے ہونے کا کب گمان ہو سکتا ہی اسکا
یہ جواب ہی کہ غور کرو کہ آنحضرت صلعم کو عروج معراج ہوا تو آسمان کے عجائب و غرائب کی سیر مین
کسقدر عرصہ گذرا تھا اور اس دنیا مین آپکو اسقدر عرصہ ہوا کہ بستر کی گرمی بھی موجود تھی اور زنجیر حجرہ بھی
حرکت کر رہی تھی اسلیے یہ مقام چون و چرا کا نہین ہے بجز خاموشی و سکوت کے اور حضرت صدیق
اکبر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک قطار شتران کی ایک سوزن کے ناکے مین سے جاتے دیکھی آپ فرمانے لگے
آمنا و صدقنا اسکی شان سے یہ امر کچھ بعید نہین ہی کیا عجب ہی ایسا ہی ہو کیونکہ ثابت ہوتا ہی کہ جس روز آنحضرت
صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کو معراج نصیب ہوئی اسوقت آسمان پر بنی مقبول نے ایک ایک قطار شتران کی
مع بار صندوق تھا جاری دیکھ کے آنحضرت صلعم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ یہ کب سے جاری ہی
اور کہان جاتی ہی حضرت جبرئیل ؑ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ اسکا علم مجکو بھی نہین ہی جسوقت سے حق تعالی
نے اپنی قدرت کاملہ سے مجکو پیدا کیا ہی جب سے اس قطار کو اسی طرح روان دیکھتا ہون اسوقت حکم دار شاد
باری ہوا کہ ہم کو اسکے جاری کرنے سے ایک بھید یہ بھی تھا کہ نبی آخر الزمان عنقریب معراج آسمان پر
تشریف لاوینگے اور کل آسمان کے عجائب و غرائب کی سیر کرینگے از انجملہ ایک اسکی سیر بھی ہی جب
اسکا راز منکشف ہوگا پھر حکم رب الجلیل ہوا کہ انمین سے ایک شتر کو پکڑ لاؤ اور اسکو ٹھیلاؤ اور جو صندوق
گران اُس کے ہر دو جانب بار ہین اُن مین سے ایک صندوق کہ جسپر قفل ہے اور کلید

اسکی بسم اللہ ہی کھولو چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حسب الحکم رب العزت ایک شتر کو قطار مین سے بٹھلایا اور ایک صندوق کے قفل کو کنجی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے کھولا تو اندر اُسکے ہزار ہا بیضہ مانند مرغ کے تھے اور ہر ایک بیضہ پر قفل تھا بموجب حکم اُن مین سے ایک بیضہ کا قفل بسم اللہ کہکر کھولا تو دیکھا اندر اسکے دانہ خشخاش ہین اور ہر ایک دانہ پر قفل لگا ہے اس ایک دانہ کے قفل کو بھی بموجب حکم کے حضرت جبرئیل نے بسم اللہ کہکر کھولا تو ایک دروازہ نظر پڑا اور اندر اُسکے ایک میدان ہی آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دروازہ کے اندر تشریف لے گئے اور بموجب آبادی اس دنیا کے آبادی دیکھی آپ کا گذر ایک شہر کے اندر ہوا ایک جگہ پر مجمع مردمان کا نظر پڑا اُس طرف کو تشریف لے گئے وہان ایک عالم درس دے رہا تھا اسوقت وہ عالم یہ بیان کرتا تھا کہ اللہ تعالی کی قدرت کا بھید کسی نے نہ پایا اور نہ پاوے گا اللہ تعالے نے ایک دنیا کی بنا اس طور پر رکھی ہی یعنے اول پانی ہی اور بالا اسکے ایک کلوخ گل ہے اور اُس گل پر اپنی ایک مخلوق کو اپنی عبادت کے واسطے پیدا کیا ہے اور وہان پر نبی آخر الزمان پیدا ہوے ہین اور انکی شان مین خود خداے تعالے فرماتا ہی لولاك لما خلقت الافلاك غرضکہ آپ کی تعریف بیان کرتا تھا کہ اہل مجامع نے تکرار کرنا شروع کی کہ حضرت یہ خیال مین نہین آتا ہی کہ پانی کے اوپر مٹی قائم رہے اور اُسپر آبادی ہو اسوقت حضرت نے فرمایا کہ اے لوگو کہنا اسکا راست تصور کرو فی الحقیقت اُس مخلوق کی آبادی کلوخ گل پر ہے اور اُس مخلوق کا نبی آخر الزمان مین ہون جب وہان کے مجمع کو یقین واثق آیا اس لیے اوپر کا قول صادق آتا ہی البتہ بھید الٰہی کسی نے نہین پایا اور نہ پاویگا اسکی کچھ انتہا نہین ہے جسطرف بنظر تعمق دیکھو اُسکی قدرت موج زن ہی بشر کا کیا امکان جو چون وچرا کرے اب یہ حسب فرمودۂ حضرت حافظ جی صاحب کے بیان کیا جاتا ہی ہدایۃ النبی قادری مرحوم باشندۂ گوالیار ولد سید چراغ الدین جد بزرگوار انکے محمد اسمٰعیل خان عرف نواب دلاور خان ناغر بعہد سلطان بہلول لودی ولایت سے ہند مین تشریف لائے اور وہ دادا بھی جد امجد راقم ہذا کے ہوتے ہین اُسوقت ہمراہ اُنکی قوم سید بھی تشریف لائی تھی اُنمین سے چند خانہ اس قوم بزرگوار کے آجتک ہم لوگون کے ہمراہ کردلی مین ہین والد انکے سید چراغ الدین مرحوم جبکہ قصبہ سیل گڈھہ واگذاشت ہوا یہ صاحب سیل گڈھہ سے گوالیار تشریف لیگئے تھے اُس جگہ بزمرہ سواران یکہ نوکر ہو گئے اسواسطے بود وباش اپنی گوالیار مین اختیار کی یہ صاحب یعنی حافظ ہدایۃ النبی قادری درویش باکمال وخدا پرست گذرے ہین انکو فیض حضرت جی گوالیاری جو کہ حضرت جی سنگڑی مشہور ومعروف ہین پہونچا اور ان سب سے طالب جناب عبدالوہاب خان صاحب ہین اب جو کہ تحریر ہوتا ہے یہ تصنیف

سید حافظ جی صاحب کا قول جاننا چاہیئے حضرات صوفیہ نے تین مقام مقرر کیے ہین احدیت - وحدت واحدیت - و یاہوت ولاہوت - وجبروت - وملکوت - وناسوت - بھی کہتے ہین - اور حقیقۃ الحقائق ومعرفت وطریقت وشریعت بھی نام ہین اور بیچ اصطلاح ہندی کے ہوا و آب وخاک ہی جانو کہ احدیت مرتبہ ہی کہ بے علمی وبیرنگی ونیستی وغیب وسہو وغفلات خودانیہ ہے اور واسطے خود مراد اس سے ہی اور وحدت مرتبہ علم کا ہی کہ پہچاننا وجاننا وسمجھنا اپنا آپ مین ہی واحدیت مرتبہ مراتب علم اور روح ودل سے ہے اور جان کہ بے علمی تیری بیچ تیرے مرتبہ ذات کا ہی کہ اپنے مین آپ ہمیشہ محو وبیخود وغائب وفراموش ونسیان وسہو وغافل ونادان ہوتا ہی تو تجکو چاہیئے کہ ہردم اس مرتبہ سے آپکو آگاہ رکھے اور جو اس مرتبہ کا شغل ذکر ہے تجکو تعلیم کرو نمین اول رات کو باوضو قبلہ کیطرف منہ کرکے دوزانو بیٹھ کہ تیرے پاس کوئی نہ آوے یعنے دروازہ حجرہ کا بند کرکے آپ کو ہمہ وجوہ خاموش مثل بت ہوکر بموجب شعر حضرت مرشدی ومولائی جناب حضرت صاحب قدس اللہ سرہ شعر تو اسکی بزم مین خاموش رہ جون بتکدہ مین بت * مقام اے یار یہ کھلتا نہین بتلا ہی حیرت کا * بیٹھے تو اور آنکھ کو چندے بیچ مشاہدہ بیرنگی کے بند رکھے بشرطیکہ پلک برہم نہ مارے اس حالت مین آنکھ بند کرے جیسا کہ بیچ آنکھ کھولنے کے آنکھ بیچ مشاہدہ ذات کا رکھتا ہوا اور باطن مین اُسی طریق بیچ ذات کے رکھے اور ذکر سوائے مشاہدہ تا نام اللہ زبان پر نہ لاوے صرف خاموش رہے بموجب شعر حضرت جی رحمۃ اللہ علیہ کے شعر یا تو غنیمت ہے یا ہے بے ادبی * یار وست نام لیا کرو خدا کا * بیچ اثر خاموشی کے ایسا مصروف ہو کہ سوای خاموشی وانوار لطیف آپ مین خیال وقیاس ووہم وگمان نہ پیدا ہو تجکو چاہیئے کہ ایسے انوار لطیف اپنی بین قرار دے تاکہ تو نہ رہی وصرف انوار لطیف مین جسوقت کہ تو کثرت اس شغل کی کرے مقام حیرت کا بیچ حیرت کے کھلنے والا ہوا اور ہمیشہ صرف متحیر آپ مین رہے اُسوقت کہ تو آپ مین نہ رہے تمام عالم نظر مین خواب وخیال کے مانند دکھلائی دے تو حق مین اور حق تجھ مین ہو بموجب شعر حضرت مولوی معنوی شعر تو در وگم شود وصال اینست وبس * تو مباش اصلا کمال اینست وبس * یہ طریق شغل پانے کا ہے اور صاحب اس شغل کا خوش رہتا ہے یہ شغل منتہی کا ہے نہ مبتدی کا

شغل دوم مرتبہ وحدت

کہ اُسکو مرتبہ علم کا کہتے ہین وہ صرف آتا ہی جو تو چاہتا ہی کہ بیچ شغل اس مرتبہ کے مشغول ہو تو چاہیئے کہ رات کو یا دن کو حجرۂ تنہائی مین بدوزانو روبہ قبلہ بیٹھے حواس ظاہری وباطنی اپنے کو آپ مین جمع کرکے ہرطرف سے دروازہ بند کرے اور علم کو آپ مین رکھکر اور آپکو اپنے مین پہچانکر معرفت کو آپ مین دیکھے اور آپکو حق مین جانے اور کہے اسم ذات یعنے اللہ کو اپنے ساتھ مخاطب

کرے یعنی آپکو اللہ اللہ کہے تو اور اسم اپنے کا بھی اسم حق جانے جو آپکو حق جانے اسم اپنے کو بھی حق جان
کہ کثرت اس شغل کی کرے انوار معرفت و شناسائی و لذت و حلاوت تجھ مین پیدا ہو تجکو نام حق یعنی
ذاتی کا چھپا ہوا پوشیدہ لذت و سرور پیدا ہوا اور تجکو محو و مستغرق کرے اور حیرت ساتھ تیرے منھ مین
دکھلاوے بموجب شعر حضرت جی کے شعر علم کو اپنی طرف علم کو رکھ اپنے رجوع + تا حقیقت مین تجھے
روح کی حیرت ہووے + کیا کہون مین مذاق و حلاوت اسکی بیان نہین ہو سکتی بموجب شعر حضرت جی
قدس اللہ سرہ کے شعر تجھ سے ہرگز رکھون نہ پوشیدہ + حال دل گریبان مین آوے شغل سوم مرتبہ واحدیت
کہ اسکو ذکر روحی و قلبی بھی کہتے ہین اول تجکو طریق ذکر روحی کا یاد دلاؤن بعدہ ذکر قلبی کا لکھونگا اگر ذکر
روحی کرے تو حجرہ مین تنہا دو زانو بقبلہ بیٹھے اور پریشانی ہر طرف سے آپکو اپنے مین یکسو جمع کرکے اور ساتھ اپنے مخاطب
ہو کر کہے وحدہ وجہہ وکلامہ وعلمہ وعلمہ ذاتہ کی مجھ مین اور تمام عالم مین ذات حق کی محیط
ہے اس خیال و تصور مین آپ مین متوجہ رہے اور محو کرے اور جو اثر محویت اور انوار لطیف و شکر کے
تجھ مین پیدا ہون آپکو اسمین محو کرے اور ہمیشہ نظر جان وار پر رکھے کیا انسان سے اور کیا حیوان سے
اور حرکات و سکنات ہر ایک کے پیش نظر تیرے آوے حرکات و سکنات حق دیکھنے اور جاننے
کے مانند کثرت اس ذکر کی کرے حرکات و سکنات تمام عالم کے بیچ نظر تیرے حق آوے چہارم
ذکر قلبی کرے چاہیے کہ جگہ تنہا مین دو زانو طرف قبلہ بیٹھکر ہر طرف سے آپ کو یکسو کرکے خیال اپنے کو کرے مانند
یاد ردان واسپ دوان کے ہو بیچ مقام دل کہ دو انگشت زیر پستان رکھے اور صورت دل کی خیال
نہ کرے صرف متوجہ رہے اور زبان دل سے ہمیشہ ساتھ اپنے گویا رہے بموجب شعر حضرت جی
قدس اللہ سرہ کے شعر برابر ہو زبان کے یہ حدیث النفس ہے گویا + دلا دعوی خموشی مین غلط ہے بے زبانی کا
جان مین ہزار ہزار خیال و خطرات پیش آتے ہین اور وہ زبان دل ہے تجکو چاہیے کہ
رو زن زبان و دل مین صرف اللہ اللہ کہنا رہے اور چشم و گوش کا منشا ہم
رکھے مگر آنکھ بند رکھے اور جبتک کہ حواس خمسہ ظاہری و باطنی سے متوجہ نہو فائدہ کامل نہ پاوے
مگر اول اندک آنکھ کھول کر یہ ذکر کرے جو اثر خاموشی و عشق و سرور تجھ مین پیدا ہوا اسوقت آنکھ
بند کرکے ذاکر ہووے اور وقت آنکھ بند کرنے کے خطرات اور خیالات تیرے دلمین بہت پیدا ہون
تجکو چاہیے کہ علم اپنا دو قسم کرے ایک کو مائل ذکر رکھے اور دوسرے کو واسطے دفع کرنے خطرات
کے مقرر کرے جو کثرت اس ذکر کی کرے تیرے دلمین حیرت و ذوق و لذت و سرور و گریہ و
انوار پیدا ہون آپ کو اس مین مستغرق کرے بعد چندے شورش و گریہ و قہقہہ امن حال تیرے کا

پکڑے اور تجکو جوش مین لاوے جسوقت کہ تیرا یہ حال ہو اسوقت جاننا چاہیئے اور یہ حال بغیر صحبت مرشد کامل صاحب حال وقال و لیشت و پناہی جذبی متعدی موحد تنہائی مین ہرگز ہرگز نہ کرے کیونکہ کچھ حاصل نہوگا تجکو چاہیئے کہ اول صحبت مرشد مین ذکر کرے اور حاضر حضور اُسکے ہو تو اور حال پیدا کرے تو بعدہ اگر تنہا کرے فائدہ پاوے جانمن مشکل ہی کہ یہ حال تجکو بدون توجہ مرشد موحد کے حاصل نہوے بموجب شعر حضرت جی صاحب شعر تلاش اُسکی نہو دیگی ہمتسے اے یارو ❊ تلاش اسکی کرو جسنے کی ہو اُسکی تلاش ❊ پس جسوقت کہ لطیفۂ قلبی و روحی و سر خفی تیرے او پر ظاہر ہون اسوقت تیری نظر مین انوار زرد و سرخ و سفید و سیاہ آوینگے اور خطرات و وسواس و خیالات و وہمات جاوید و ناقص و غنیمت کے تجھ مین آوینگے یہ مقام نفس کا ہے اور خیالات نیک و توفیق طاعت و عمل خیر تجھ سے آوین یہ جگہ تیرے قلب کی ہے و ذوق و لذت و حلاوت و معرفت خودی کی خود تجھ مین ہین اور یہ جگہ قلب اعلی تیرے کی ہے اور معرفت حق اور ایک ہونا اور رہنا تجھ مین یہ مقام تیری روح کا ہے نفس و قلب و روح و علم و بے علمی و خیال شک و بد و ذوق و حلاوت و خیالت و بیحجابی سب تجھ مین ہے لیکن جبکہ تو ہی ہے تو تمام تجلیات ظاہری و باطنی کا حجاب تجھ مین ہی جبتک کہ تو ایمان نہ لاوے مرتبہ تیرا ظاہر نہوگا چاہیئے کہ عادت تصوّر کی ہمیشہ کرے کہ یار ہے اغیار نہین ہے آپ کو اور سب کو یار جانے و دیکھے جو چیز کہ آگے تیرے ہو کیا انسان اور کیا حیوان اور کیا شجر اور کیا حجر سب کو یار دیکھے اور جانے بموجب شعر حضرت پیران پیر سید فتح علی قدس اللہ سرہ شعر آن حقیقت را کہ در دیر و حرم جویند خلق ❊ آشکارا در در و دیوار می بینیم ما

باب ہفتم دربیان مشاہدات

دربیان مشاہدات یعنے روبرو ہونا یعنے جاننا علم کو مانند صورت آئینہ کے

مشاہدہ اول بسم اللہ الرحمن الرحیم دیکھے تمثیل بسم اللہ کیا مقصود واحد بصورت بسم و بصورت اللہ و بصورت رحمن و بصورت رحیم ظاہر ہے اسی طور چار صورت عناصر اربعہ کی ساتھ پاک واحد کے جانے اور جو عقل قرار قبول کرے غلبۂ شکر سے نعرہ مارے بیت ندیم و مطرب و ساقی ہمہ اوست ❊ خیال آب و گل در رہ بہانہ است ❊ مشاہدہ دوم بعبارت دیگر ان اللہ لا ینظر الی صورکم ولا الی اعمالکم ولکن ینظر الی قلوبکم ونیاتکم یعنے معلوم کرنا چاہیے کہ اللہ تعالے نظر نہین کرتا ہے طرف صورت تمھاری اور نہ طرف عمل تمھارے کے ولیکن نظر کرتا ہی طرف دل اور نیت تمھاری کے مگر طالب مشاہدہ کو لازم ہی کہ اشارہ معنی اس حدیث مذکورہ سے اعمال و صورت اپنی کو صور نیستی کا پھونکے اور جبکہ صور نیستی کا پھونکا ہستی آسمان و زمین مین پرواز شروع کی اور جبکہ ہستی و خودی پر پرواز کیا آئینہ دل کا صاف ہوا جو حقتعالے بنظر کرم آئینہ دل اُسکا

صاف کرے اُسوقت پھر اُسپر نظر کرم عنایت الٰہی فرمادے جو نظر کرم و عنایت کی صفائی باطن
سے آئینہ دل اپنے کو مانند صورت آئینہ کے دیکھے جب ذوق بینائی سے نعرہ یکتائی کا مارے اور کہے

مشاہدہ سوم بعبارت دیگر

کنت کنزا مخفیا فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق خدا تعالی فرماتا ہے کہ تھا مین گنج پنہان مین پھر چاہا کہ
پہچانا جاؤن مین پس پیدا کیا مین نے خلق کو تحقیق پہچانا گیا مین لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ اب ہی
لشکر معنے اس حدیث سلطانی سے آنکھ نفسانی کو بند کرکے تو غبار پریشانی کا نہ بھرے جو غبار پریشانی کا
نہ بھرا اسوقت جمال سلطانی کا عیان ہوا اور آنکھ کھولی اور جبکہ آنکھ کھلی مساوی ہو روحانی و نفسانی جو
مساوی ہوئی روحانی و نفسانی پس بیٹھے اوپر تخت ربانی کے اور جسوقت کہ تخت ربانی پر بیٹھا اوسوقت
ذوق سلطانی سے کہے من رانی فقد رای الحق **مشاہدہ چہارم بعبارت دیگر** ان اللہ خلق آدم
علی صورتہ یعنے خدا تعالے نے اپنی صورت پر آدم کو پیدا کیا لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ اپنے جمال
جمال کو مشاہدہ حق کا دیکھے اور بلکہ ہر ایک وجود کو اسی طرح پر دیکھے جیسا اسمین تمام ہے اور ایک عارف مقام فرماتا ہے
بیت گر تجلی خاص خواہی صورت انسان ببین + ذات خود شد آشکارا اندران خندان ببین
ہر ولی سالک طالب کو کہ ایسا مشاہدہ تحقیق ہو دریائے تحقیق سے بعالم تفریق آگاہی ہو بجاوے
التوحید اسقاط الاضافۃ بقولے ضمیر طرف آدم کے ہے یعنے پیدا کیا خدائے تعالے نے آدم کو
بصورت اس آدم کے پس طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ اس معنی مین بھی جمال اپنے کو مشاہدہ کل
حق کا دیکھے مانند خاتم کے اگرچہ بصورت خاتم کے ہین لیکن اسکی اصل مین تغیر نہین ہے جیسی کہ تھی
ویسی ہی ہے بسبب صورت کے اضافت ظاہر ہوئی ولیکن اضافت بیانیہ ہے نہ کہ اضافت حقیقی
فہم من فہم **مشاہدہ پنجم بصورت دیگر** ان اللہ جمیل و یحب الجمال یعنے خدا تعالے
نیک ہے اور نیک خصلتون سے محبت رکھتا ہے نیک خصلت کیا یعنے سیرت و صورت خودی و خودنمائی
اپنی کو درمیان سے اٹھاوے کہ آئینہ دل کا صاف ہو جبکہ آئینہ دل کا صاف ہو اس مقصد اپنے کا
عکس آپ دیکھے اُسوقت دریائے مشاہدہ مین پیرے اُس حالت مین مراتب بی نی حسن کی صورت
نرکھے اس کے معنی مین مولانا روم فرماتے ہین **بیت** اے قوم بحج رفتہ کجا ئید کجا ئید معشوق
ہمین جاست بیائید بیائید + آنہا کہ طلبگار خدا ئید خدا ئید + حاجت بطلب نیست شما ئید شما ئید
مشاہدہ ششم بعبارت دیگر یا عبدی انا اقرب الیک منک خدا تعالے فرماتا ہے کہ اے
بندہ میرے مین نزدیک ہون طرف تمہارے تم سے لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ اشارہ معنی اس

حدیث سلطانی سے وہم نفسانی کو حک کرے کہ مشاہدۂ ربانی مین کچھ نقاب نہ رہے مانند حرف سیاہی کے ہوجاوے یعنے خلقت حرف سیاہی سے ہی اگر حرف متاخر ہو تو بجز اپنے کسی کو معلوم ہووے اور جانے کہ تمام حروف ہا کتاب مظہر نگہداشت سیاہی ہی اگرچہ ساتھ لکھنے نقش کے ہر ایک کا نام علیحدہ علیحدہ رکھا گیا ہے جو طالب مشاہدہ اس تمثیل کو پاوے اس عالم مین مجاز اپنا کیا دیکھے کہ دریا ہے جبکہ جانا دریا ہی پس موجہا مشاہدہ کی خود بخود اسمین مارے اور جو خود بخود موجہاے مشاہدہ کی مارین الانسان سرّی وانا سرّہ کا خداتعالی فرماوے کہ انسان راز میرا ہی اور مین راز انسان کا ہون مگر طالب مشاہدہ کو لازم ہی کہ اشارت مولی نفی و اثبات کو تصور کرے کہ لا آلہ دوئی مین ہی اور اس جگہ دوئی نہین ہی میتاہدہ مشاہدہ نہین ہی مشاہدہ ہشتم بعبارت دیگر لا آلہ الا اللہ یعنے نہین ہی کسی چیز الٰہی مین بجز اللہ واحد کے لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیئے کہ معنی کلمہ طیب سے آپکو طیب کرے طیبّ کیا کہ برابر ایک بال کے عزیز ہے جو بجز ذات واحد کے رہے موحد ہوا اسوقت جس طرف کو نظر کرے اپنا مشاہدہ دیکھے بہ حسب اس بیت کے بیت وجود محض مطلق را ہمہ جا ہر زمان دیدم * بہر سوے بہر کوئے بہر مظہر عیان دیدم ہوا اے عزیز میری عبارت کی انتہا نہین ہی ہر چند کہ طویل کیا جاتا اسواسطے مختصر کیا گیا کسواسطے کہ جگہ اس کسی کی ہی جسکو ایک حرف بس ہی پس و بیش راست و چپ تحت و فوق اور در و دیوار مین مشاہدہ در مشاہدہ یہ مضمون اس بیت کی ہے بیت در و دیوار من آئینہ شد از کثرت شوق * ہر کجا می نگرم روئے ترا می بینم ہے

باب ہشتم در بیان مقالات

سنو کہ ایک مقام ہی بیان اسکا کیا جاتا ہے کہ جو یہ ہمارے لایزالی بمکان لامکان سر مراقبہ مین رکھتا تھا جیسا کہ بجز اپنے نہ رکھتا تھا اس مقام کا نام عارفون نے ہوت رکھا ہی اور جو بعلم اپنے آیا کہ خود بخود اس مقام کا نام لاہوت ہوا اور جو سر اٹھایا اور نظر آپ مین بڑی اجزاے وجود کو یک بیک مشاہدہ کرنے لگا جب نام اس مقام کا جبروت رکھا جو ساتھ فنا اپنی کے آیا نام اس مقام کا ملکوت ہوا جبکہ لذّت وجود کی آئی نام اس مقام کا ناسوت ہوا اور جس مقام مین کہ کھڑا ہوا اسی نام سے ہین اگر لذات فقط مین کھڑا ہوا اسکا نام غفلت اگر بیچ وصف کے جلوے علم الیقین کہین اور جو مشاہدہ مین جاوے عین الیقین کہین اور اگر بخود کھڑا ہو حق الیقین کہین اور جو خود بخود ہے حق الحق یہ چارون مقام تفرج گاہ اسکے شاہد ہین حق الحق بالاخانہ کے مانند ہے اور حق الیقین مثل گھر کی ہی اور عین الیقین مثل صحن خانہ ہی اور علم الیقین مثل دیوانخانہ ہی اور لذات وجودی مثل مطبخ خانہ دکارخانہ کے ہی فہم من فہم اب بیان اس طرف کے مقامات کا سنو کہ جو اروا ح

پاک نے دریاے احدیت سے موج ارادت مین سر اُٹھایا ذات الف نے کو موج الف مین پایا
ہر موج مین صورت الف الف کے مانند پائی اور ہر صورت مین خوبی الف الف کی دیکھی
اور خوبی مین لذات الف الف کی چکھی جبکہ لذات الف الف کی چکھی شہر لذات مین متمکن ہوا اور
جسوقت نغمہ حب الوطن من الایمان کا اسکے کان مین پہونچا دلمین اثر کیا مائل اصل وطن اپنے کی
طرف ہوا اور کہا کہ کون سی راہ سے جاؤن مین چنانچہ عارفون نے دو راہ کی ہین ایک راہ تقدیر اور
دوسری تدبیر راہ تدبیر مین چار منزل ہین شریعت طریقت حقیقت معرفت اگر چاہے کہ براہ چارون
منزل کے تفرج کنان جاوے اول برزخ مرشد کو راہبر کرے اور توشہ یقین کا اوپر کمر صبر کے باندھکر
روان ہو جو منزل شریعت مین آوے چاہئیے کہ سینہ اپنے کو اوصاف ذمیمہ سے پاک کرے یعنے
غفلت و خواب و طمع و خشم و کینہ و خیانت و زنا و دالی و کاہلی و تکبر و بخیلی و پندار و غیبت و حسد کو دل سے
ترک کرے اکل الحلال و صدق المقال کا شیوہ اختیار کرے اور پانچ چیز پر استقامت کرے نماز و روزہ و
حج و زکوۃ و کلمۂ طیب قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم علے خمستہ چاہیئے کہ اس منزل مین مقام نہ کرے سافر
ہووے آگے منزل طریقت کی آوے جبکہ اس منزل مین پہونچے تھوڑی کوشش مین باختیار رہو چنانچہ
اس باب مین حافظ فرماتے ہین مصرع تکیہ بر تقوی و دانش در طریقت کافریست رہ چاہیئے کہ اس منزل مین
مقام نہ کرے روانہ ہو تو نظر اوپر توکل کے ہو آگے منزل حقیقت کی آوے جو اس منزل مین پہونچے تمام
حق دیکھے اور شوق مستی حق سے نعرہ مارے و کہے ما رأیت شیئا الا رأیت اللہ چاہیئے کہ اس منزل مین
قیام نہ کرے روانہ ہو جیسا کہ حکم ہے السکون علی قلوب الاولیاء حرام آگے منزل معرفت کی
آوے جو اس منزل مین آوے بخود دیکھے وبخود کہے وبخود سنے قال النبی علیہ الصلوۃ والسلام الشریعۃ
اقوالی والطریقۃ افعالی والحقیقۃ احوالی والمعرفۃ وصالی اور راہ دوم تقدیر ہے
اُس جگہ اختیار اپنا شرک ہے جس جگہ ہو اسی جگہ وطن اصلی ہے کیونکہ کاروبار خدا کا ہے دوسرے
کسی کا نہین کہ اختیار کرے قال النبی علیہ السلام الاختیار شرک فہم من فہم

باب نہم دربیان رموزات

آغاز چار منزل یعنے شریعت و طریقت و حقیقت و معرفت جاننا چاہیئے کہ شریعت بمعنی لغوی شروع
کرنا یعنے حق کی طرف رجوع کرنا جیسا کہ حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتی ہین کہ پانچ
چیز ہین اول کلمۂ طیب کہنا دوم پنج وقتی نماز گذارنا سوم روزہ رکھنا چہارم زکوۃ دینا پنجم حج کو جانا اور ان پانچ چیز کے
سوائے درود و ریخ ہے خود سرور عالم نے فرمایا ہے بنی الاسلام علی خمسۃ اشیاء جوان پانچ

چیز کو بجالاوے وہ اوپر ماہیت وحقیقت اُسکی مقید محرم وواقف ہو اُسوقت مسلمان ہو اور ماہیت
کا اُسکی بیان کیا جاتا ہے سنو رموز اول کہنا کلمۂ طیب کا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ جو طالب
صادق ہو لا الٰہ الا اللہ کے کہنے سے ماہیت اور مقصد اسکا پاوے اور ایسا پاوے کہ بد نہ بد کی مثال ہو
بیت عجب بد بود لے نابود نابود ٭ عجب شد مظہر ماہست ہم نہست ٭ جیسا کہ اس باب مین کسی بزرگ نے کہا ہے
بیت فنا اندر فنا یعنی فنا است ٭ بقا اندر بقا یعنی بقا است ٭ جو سالک اس مقام پر پہونچے معنے یخرج
الحی من المیت ویخرج المیت من الحی کے اُسپر ظاہر ہوں اور فنا سے مقام مین آوے رموز دوم
نماز کے گذارنے مین جاننا چاہیئے کہ نماز گذارنا فرض عین ہے اور گذارنا دل و جان سے فرض عین ہے اور اگر بے ریا نماز
گذارے اسلام اسلام مین ہے اور اگر گذارنا نماز بے ریا کا بھی دل وجان سے فرض عین ہے اور اگر باریا نماز گذارے
کفر عین ہے اور گذارنا اسکا فرض عین ہی چاہیئے کہ نماز بے ریا گذارے اور اسطرح گذارے کہ جیسا اس جگہ کہا ہے
من اراد العبادۃ بعد الوصول فقد اشرک باللہ العظیم جو کوئی ایسی نماز گذارے اور ادا کرے
یعنے کہ اسکو ظاہر ہوں اُسوقت مصلی مسلم ہو اور نماز اُسکی قبول ہووے اور جو قبول ہوئی اضافت اُسکو
ہوئی واعبد ربک حتے یاتیک الیقین کی پائی مانند برف وآب کے اسوقت برف کیا اور
آپ سالک ہوا سیراب یہاں سے ہے کہ کہا ہے قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من عرف نفسہ فقد
عرف ربہ جو سالک اس مقام پر پہونچے شراب لذت وحدت کی چکھے اس وقت معنے لا الٰہ
الا اللہ کے اُسپر ظاہر ہوں رموز سوم روزہ رکھنا معلوم ہوا کہ روزہ بمعنی راز ہے یعنے
منھ باندھنا راز ہے کہ کہا ہے صوموا برویتہ عین ہے وافطروا برویتہ جان کر روزہ رکھنا فرض یعنے
رکھنا خود عین فرض ہے تحقیق اسی طور سے ہے اٰمنا وصدقنا جس کسی نے آپ کو عین درست پایا
اسوقت عین آپ کو دیکھا کہ عین ہوا حدیث من رانی فقد رای الحق زبان سے کہے بیت
چو او عین من و عین اویم ٭ انا الحق خویشتن را چون نگویم ٭ جیسا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لو دلیت
دلی بربی جو سالک اس مقام پر پہونچے معنے اللہ نور السموات والارض کے اُسپر ظاہر ہوں رموز
چہارم زکوۃ کے دینے مین جاننا چاہیئے کہ زکوۃ کا دینا فرض ہے یعنے اپنا فرض ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
ان اللہ مع المتقین تحقیق اسی طور ہے جس کسی نے آپکو کھویا خدا کو پایا کہ کہا ہے اپنا نہ پانا پانا اُسکا اور نہ
دیکھنا اپنا دیکھنا اُسکا ہے یہانتک کہ سالک آپکو خودی سے نہ اُٹھا سکے اگر زائد ہو تو مانند بریان کے ہو
دنیا دار قارون کے مانند ہو کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حب الدنیا
راس کل خطیئۃ وترک الدنیا راس کل عبادۃ جو سالک یہانتک سیر تو کلی تفرقہ اپنے کی سیر کرے

اسوقت معنی انما الهکم الله واحد لا اله الا هو الرحمن الرحیم کے اُسپر ظاہر ہون رموز پنجم
حج کے جانے مین جاننا چاہئیے کہ جانا حج کا فرض ہے یعنے جانا اپنا فرض ہے تحقیق اسی طور ہے اپنے جانے
مین خدائی ہے اور اُسکے جانے مین خود آئی ہے اور جس جگہ کو خود آئی ہے خود نمائی ہے اور جس جگہ کہ خود نمائی
ہے جدائی ہے اور جہان کہ جدائی ہے بے نمائی ہے اور جس جگہ بے نمائی ہے یہ آیت اسپر نازل ہوئی ہے ومن کان
فی هذه اعمی فهو فی الاخرة اعمی واضل سبیلا چاہیے کہ وہ کام کرے کہ کوئی نہ کرے اور یاری
کرے کہ کوئی نہ کرے اسوقت حج درست آوے اور مقصد راست دکھلائی دیوے جبکہ
سالک یہانتک کہ سیر کرے اُسوقت معنی فاینما تولوا فثم وجه الله اسپر ظاہر ہون رموز
ششم طریقت ہونے کے بیان مین جاننا چاہیے کہ طریقت کے معنی اصطلاحی مجاہدہ کرنا اپنے
نفس مین یعنے سہو کرنا نفس کو نفس مین سالک یہانتک سیر کرے کہ معنی والذین جاهدوا
فینا لنهدینهم سبلنا کے اسپر ظاہر ہون اور طریقت بمعنی لغوی راہ چلنا یعنی آپ مین جانا ہے
تحقیق اسی طور ہے خدا کو پانا آپ مین ہے نہ آسمان مین اور نہ زمین مین جیسا کہ حدیث مین آیا ہے
القلوب بیت الله یعنے جسنے گھر کو پایا صاحب گھر کو پایا جسنے صاحب کو پایا پہچانا اور جسنے آپکو پہچانا خودی اپنی
عالم مین پائی اسوقت معنی کنت کنزا مخفیا فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق کے پائے
رموز ہفتم حقیقت کے بیان مین جان کہ حقیقت کے معنے لغوی حق ہونا اور اضافت لیجانا
اور بیعت پھاڑنا اور آرزو کرنا ہی جیسا کہ کہا ہے الفقر لا یحتاج سوی الله جو سالک اس
جگہ تک سیر کرے اسوقت معنی قل هو الله احد کے آخر تک اسکو ظاہر ہون رموز ہشتم معرفت
کے ہونے مین جاننا چاہئیے کہ معرفت اسم ظرف ہے معنے اُسکے پہچاننا یعنے تمام
جگہ پاک ذات واحد کی پانا اور اسمین ظہور کو تین طرح طرح غیر نگر یا حق دل کی ہے اگرچہ
صورتین مختلف دہشت ناک یا پاک پیش آوین خوف د ذوق نہ چاہیے احدیت مین محکم اس
جگہ تک ہے کہ کہا ہے الایمان بین الخوف والرجا جو سالک اس جگہ تک پہونچے معنے
الحمد لله رب العالمین آخر تک اسکو ظاہر ہون بیان چار منزل کا دوسری طرح سنو
ناسوت وملکوت وجبروت ولاہوت رموز نہم لاہوت مین ہونیکی جان تو معنی لفظ
لاہوت کے یعنے نہین ہے وہ سوائے تیرے اگر کہین کہ سیر کیونکر اسکی ہوتی کلام کو رب العالمین
کے سنو کہ حضرت میران محی الدین نے کہا یا غوث الاعظم جسم الانسان ونفسه وقلبه وروحه
وسمعه وبصره ویده ورجله وکل ذلک اظهرت له بنفسه لا هو الا انا و

لا انا غیرہ) جو سالک اس جگہ تک سیر کرے کتابت لوح محفوظ آیہ انی انا اللہ لا الہ الا انا کا اسکے اوپر پوشیدہ نرہے رموز دہم جبروت مین ہونگی یعنے مشاہدہ ہونا رب کا اس جگہ کہا ہے ما رأیت شیئا الا رأیت اللہ فیہ جو سالک اس جگہ سیر کرے معنے ان اللہ علی کل شئ محیط کے اسکو معلوم ہووین رموز یازدہم لاہوت مین ہونگی یعنے پاک وصاف ہونا ما سوی اللہ سے ان اللہ جمیل ویحب الجمال ہمہ حال اللہ اللہ اللہ کہنا اور ہو ہو جاننا جیسا کہ کہا ہے بیت ہر خیال غیر حق در دو جہان ＊ این ریاضت سالکان را فرض دان جو سالک اس جگہ تک سیر کرے اس کو معنے وھو معکم اینما کنتم کے دکھائی دیوین رموز دوازدہم ناسوت مین ہونا جان کہ ناسوت کے معنے غافل ہونا اور غفلت ＊ اور معنی آمد بمعنی بد ＊ اگر غفلت صفت کی گئی ہو اوصاف ذمیمہ کے ساتھ وہ بمعنی بد ہے ان الانسان لفی خسر الا الذین امنوا وعملوا الصلحت اسکے اوپر نازل ہوئی ہے اور اگر غفلت موصوف ہو باوصاف حمیدہ وہ بمعنی بد ہی یعنے جیسا کہ تھا ویسا ہی ہو ایسا تھا کہ خبر وحدت وکثرت کی نہین رکھتا تھا اور شرک اور اضافت نہ رکھتا مطلق تھا بلکہ بے یقین جیسا کہ اسلف نے کہا ہے النہایۃ ھو الرجوع الی البدایۃ وہ مقام باہوت ہی پس باہوت اور ناسوت دونون ایک جگہ ہوے جیسے کہ تھے ظاہر ہوے کہ کہا ہی من عرف ربہ کل لسانہ جو سالک اس مقام پر پہونچے تیس ہزار کلام کہ عوام الناس محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوشیدہ تھے علم خود سے اسپر ظاہر ہون وجہ دوسری نہ جاننے ناسوت اور جاننے ملکوت کی اور جبروت دیکھنا اور لاہوت ہونا اور ناسوت وباہوت مین گذرنا پھر ناسوت و باہوت ایک ہوکے وجہ دوسری نہونے باہوت اور لاہوت مین ہونیکی اور جبروت مین دیکھہ اور ملکوت مین سُننا اور ناسوت مین نہونا پھر ناسوت وباہوت ایک ہوئی وجہ دوسری ناسوت مین مانند جواب کے اور ملکوت مین بیداری کے مانند اور جبروت مین پایا اور لاہوت مین خود یار اور لاہوت مین یار پھر ناسوت اور باہوت ایک ہوے عارف باللہ ہر چہار منزل مین مرکب ہے مانند جلوہ کی اور چہار چیزین اُس سی کہ ہر چہار صفت موصوف ہین صفت موصوف سے جدا نہین ہوتی ہے رموز سیزدہم ای عزیز شروع کو ایک دیکھتا ہی تو مانند لام کے ہے اور ہمین جان الف کی مانند ہی اور میم اسکا گفتگوی محمدی ہی اندر اسکے حروف اشارت مقامات ہر طرف فہم من فہم رموز چہاردہم جو کوئی حقتعالے سے جدائی رکھے اُسکے علم سے محروم رہا اور جو کوئی جدائی سے محروم نہین ہوا اُسکے بھید سے محروم ہے ای سالک جوان مردی چاہیئے نہ کہ غیر ہو اور عین کہ چلنے سے راہ کے رہائی یا دے بیت ہجر تو مرا خوشتر از بودن وصلت ＊ عجز تو مرا بہتر از بودن قدرت ＊ جنے

سلہ تحقیق مین اللہ ہون نہین ہے کوئی معبود مگر مین سلہ نہین دیکھا مین نے اللہ بیچ اُس کے سلہ تحقیق اللہ اوپر ہر شئے کے گھیر والا ہی سلہ بزرگ اور دوست رکھتا ہے نیکو سلہ وہ ہر ساتھ تمہارے جہان ہو تم ہی سلہ تحقیق انسان بیچ ٹوٹے کے ہین مگر وہ لوگ ایمان لائے اور عمل کیے نیک سلہ نہایت وہ رجوع ہی طرف شروع وہ سلہ جس نے پہچانا اللہ کو بس بند ہوئی زبان اسکی ۱۲ ۱۲ ۱۲

کہ قدر عاجزی کی پانی منھ قدرت سے پھیرا جوہر عاجزی ایک جوہر ہے کہ جو ساتھ نامردی کے کھینچتا ہی
اور صلابت اسکی قدرت کی مراد کو پہونچاتی ہی رموز پانزدہم خداکو ہم سے غیریت نہین ہے اگر ایکدم
آشنائی کا اس سے مارین ہم شرک دور ہوتا ہی اور راضی ہنون مین جبتک کہ یہ اور وہ وقت اوٹھے
قطعہ نہ ہر جائیکہ افلاس ہست جان راہ دل آنوقت است غربا ے جہان راہ بگذشتن از خودی ہم مولود
تمنا ہم بریدن عشق جان او رموز شانزدہم ہر مسافر کو کہ شیر جان تک پہونچا اُسنے گھر کو کہ گم کیا تھا
اُسی گھر مین پہونچا لیکن وہ گھر نہ چاہیے کہ مسکن اپنا کرے بلکہ منہدم کرے رموز ہفدہم جو کوئی
کہ سر رکھے سر توحید سے محروم ہے رموز ہیژدہم اے عزیز ہرگز تعلم اپنے ساتھ خدا کے
نہ پہونچے اور جو کہ تعلم آپ نہ پہونچے ہرگز ساتھ نہایت کے نہ پہونچے رموز نوزدہم جو کہ
محجوب ہی خدا سے دور ہے اور جو کہ محجوب نہین ہی مغز معنی سے دور ہے رموز بستم
جو کہ بے خدا ہی غافل ہی کہ بے خدا نہو رموز بست و یکم جو کہ قدم نیستی پر مارے مشرک ہو جب تک
کہ نیست نہو عارف باللہ نہو رموز بست و دوم جو کہ اثبات پر ثابت ہی کافر ہے جب تک اثبات نہ کرے
لذت ایمان سے محروم رہے رموز بست و سوم جو کہ آپ کو خدا جانے کافر ہے جبتک کہ آپکو جدا نہ جانے
کفر سے باہر نہ آوے رموز بست و چہارم جو کہ راہ سے گم راہ ہی ہرگز مقام پر نہ پہونچے جب تک گمراہ نہو
مقام پر نہ پہونچے رموز بست و پنجم جو کہ دم آشنائی کا مارے غیر ہے جب تک کہ غیر نہو یار نہو رموز
بست و ششم جو کہ حضور مین پر کھے مطلقاً دور ہے جب تک دور نہو حضور نہ کہین رموز بست و
ہفتدہم جو کہ خلق کو بے خالق دیکھے اِسکو محقق نہ کہین رموز بست و
ہشتم جو کہ خدائتعالے کو اندر اپنے جانے مشرک ہی اور اگر اپنے باہر جانے مردود ہی رموز بست و نہم
جو کہ ساتھ خدا کے مشغول ہی نفسانی رکھے جبتک کہ نفسانی نہ کرے ہرزہ کہین رموز سی ام
جو کہ درم واسطے تلاش کے رکھے درہم ہی جبتک اور پر مطلوب کے نہ پہونچے قائم نہ کہین رموز سی
و یکم جو کہ مراد رکھے نامراد ہی جبتک نامراد نہو مراد کو نہ پہونچے رموز سی و دوم ایک مراد
ایک مدت تک آپ کو بخود پہچانتا تھا جو خدا کو پہچانا کچھ نہ پایا رموز سی و سوم طالب سالہا
حقتعالی کی طلب مین تھا جبکہ حقتعالی کو شناخت کیا اسکا نام لینا غیرت آیا رموز سی و چہارم
جو آپ سے گیا مین کفر کیا مین نے اور جو آپ مین آیا شرک دیکھا مین نے رموز سی و پنجم
جو بینا تھا مین کچھ نہ دیکھا مین نے اور جبکہ نابینا ہوا مین بینا ہوا مین رموز سی و ششم
ای جان میری خواب ہے جو کچھ کہ یقین کرتا تھا مین احوال تھا مین جو یقین سے ہوا مین اور گیا

مین راست ہوا مین رموز سی و ہفتم جو کہ خدا کیساتھ ہستی رکھے اگرچہ گمنام ہی ہستی نہ رکھے ہمارا ست
نہو ہستی سے مست ہو رموز سی و ہشتم اے جان میری جو کہ خواب سے بیدار نہین ہی بے یار ہی جو کہ
رکھے اغیار ہی رموز سی و نہم وہ کوئی شخص کہ خانقاہ انا الحق مین بیٹھا ہی اسکے اوپر اعتکاف نامردی
کا سنت ہے وَمَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی کی مراد پاوے رموز چہلم اے عزیز سنو کہ شرک تین نوع کا ہی
شرک جلی و خفی و اخفی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ شرک جلی ہی و الا شرک خفی ہی و اللہ شرک اخفی ہی
جو کہ جلی ہی وہ شرک ناسوتی ہی اور جو کہ خفی ہی شرک ملکوتی اور جو کہ اخفی ہی شرک جبروتی ہی اور مومن حقیقت لاہوت
مین ہوتا ہی رموز چہل و یکم بندگی و بندہ ہونے مین بندہ وہ ہی کہ بند سے آپ توڑا دے بیت
نہ او در بندوی باشد ٭ ہمیشہ فرد خود باشد اگر او مرد خود باشد شعر نخواہد از کسے چیزے بسوزاند
تمنا را ہد ران وقتے بود بندہ اگر داند تمنا را بد لیکن بندہ کو اپنی بندگی سے کام ہی نہ کہ چون و چرا در کار ہے
جو کچھ ہوتا ہی اسکے اوپر گذار سے ہے اور جو کچھ کہ ہوا اسپر راضی ہوا اور جو کچھ ہوگا اسپر ناخوشی ہووا الا تمنا آزاری
ہوا اور اسمین سوزی و سازی ہوا اسوقت بندگی بندہ کی درست آوے یبنی اسرائیل اذکروا نعمتی
التی انعمت علیکم کے اسپر دکھلائی دین رموز چہل و دوم در بیان عشق جان کہ مراد عشق سے وہ
ہے کہ عاشق یہ معشوق اسکا ہی وہ جو درمیان بہانہ کے ہے بیت عشق ہمون عاشق و معشوق او ہو
عرف ہمون عارف و معروف اوہد جو کیا ہی مظہر واسطے دیکھنے اسکے خود آئینہ ہوا خود دیکھنے والا اسکا
جیسا کہ کہا ہے المومن مراۃ المومن جسنے اس مقام کو پایا واللہ الغنی وانتم الفقراء اسپر ظاہر ہوے
رموز چہل و سوم در بیان موحد جان کہ موحد وہ ہی کہ بے نام و نشان ہی اور جو با نام ہی ہمیشہ
الآن کما کان اور طفولیت اسکی برہان بیت نہ بیند خودی را نہ بیند خدا ہد نباشد وصالش
نباشد جدا ہد اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہی من عرف اللہ
لا یقول اللہ سالک نے جو اس مذکور کو معلوم کرلیا لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار
اسپر ظاہر ہووے رموز چہل و چہارم در بیان نفس جان کہ نفس کا دو وجہ پر نام رکھا ہو
بوجہ نفس اور اوصاف ذمیمہ کو کہین اور وہ یہ ہے شرک و بغض و نفاق و حسرت و حسد و حرص و
ہوا و پندار و جاہ و خود نمائی و ہستی اسی قیاس پر ہر صفت ہوئی ہو جیسا کہ حدیث نبوی اقتلوا
انفسکم لسیوف المجاہدات والمخالفات کہ کہا ہے من قتل نفسہ عن فنا فانا دیتہ
سالک جو اسی مقام کو دریافت کرے ونہی النفس عن الہوی فان الجنۃ ھی الماوی
اسکو دکھلائی دے جی نفسی نفس کو کہتے ہین جیسا کہ نفس بدار ہی یس جو کچھ کہ نفس سے آوے نفس ہو

۵ اور ڈر گیا نفس کو ہوا سے یس تحقیق بہشت ہی ٹھکانا اسکا ۱۲

مثلاً جیسے کہ نیشکر سے نیشکر آتا ہی نہ کہ دوسرے سے کہ گندم سے گندم اور اسیطرح آدم آدم سے آتا ہی
علی ہذالقیاس شیٔ شیٔ سے آتی ہی نہ کہ دوسرے سے آتی ہی وہ کہ نفس بمنزلہ نفس ہو جو اس
مذکور کو دریافت کرلیا و لا تقتلوا النفس التی حرم اللہ الا بالحق ذالکم وصکم بہ لعلکم
تعقلون رموز چہل و پنجم دربیان قلب اسس وجہ سے قلب کو قلب کہتے ہین
جان کہ قلب جب تک قلب مین ہو قلب ہے کبھی حاجت ہو کبھی ناظر ہے اور کبھی عاجز
ہو اور کبھی شاکر ہے اور کبھی خیر ہے اور کبھی شر ہے اور کبھی جاہل اور کبھی عالم اور کبھی بے اسکے
اور کبھی ساتھ اسکے اور کبھی باہر دونون سے جیسا کہ کہا ہے یا لیت ربک محمد لم یخلق محمدا
سالک جو اسس مذکور دریافت کرے معنے والقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ والبعث
بعد الموت کے اسس پر ظاہر ہون بوجہ دوسرے قلب کو قلب کہین یعنے قلب
احدیت قدم کے مانند محکم بند ہوا ہے کہ غیرت احدیت اپنے سے کسی کو منھ نہین دکھلاتا ہی
لیکن آپ کو جیسا کہ کہا ہے لن ترانی دہ ہیچ ہے کہان ڈھونڈہ اور کہان دیکھے
چنانچہ واقع ہوا ہے القلوب ھو اللہ ط جو سالک یہ مذکور معلوم کرے معنے لا
تفکروا فی ذاتہ کے اسس پر ظاہر ہون رموز چہل و ششم در
بیان روح جان کہ روح بیچون و بیچگون و بے شبہہ و بے نمون ہو نقلی بقلی بعقلا
جیسا کہ ہر چند فکر کرتے ہین کچھ دریافت نہین ہوتا اور نقلاً شریعت مین کہا ہی کہ بیچون و
بیچگون بے شبہہ و بے نمون ہے پس یہ صفات ذات ہو جس جگہ کہ صفات ذات ہو وہ
یہی ذات ہو کہ حق تعالے نے حضرت میران محی الدین کو فرمایا خلقت الانسان
ببطنی اور حضرت پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمائی ہو کہ اگر عوام الناس مین
کوئی نیک فہم رکھے وہ باوے قل الروح من امر ربی اور اپنے اصحابون کو یہ ظاہر کیا ہے
کہ الروح ھو اللہ اور وجہ دوسری سنو کہ روح و قلب و نفس بیک زبان اسم ذات ہین کہ شیخ عطا
بموجب بیت کے فرماتا ہی بیت نفس و روح و عقل و دل جملہ یکیست ٭ می ندانم تا اگر اینجا شکست
اور حضرت نظامی فرماتے ہین بیت ای عالم تا دانی چندین بچہ میخوانی ٭ عالم کہ مفید است دانم کہ ہمی
دانی ٭ سر موے توشد برفے در علم نحو صرفے ٭ معلوم نہ شد حرفے وہ علم کہ ربانی ہو العارف
ھو الذی لا یعرف سواک اللہ جو سالک اس مقام سے واقف ہو ان اللہ
خلق آدم علی صورتہ اسپر ظاہر ہو رموز چہل و ہفتم دربیان بہشت جان کہ بہشت

یگانگی مین ہی اس سے کہ بیگانگی سے باہر ہی جس جگہ کہ باہر یگانگی سے ہے تمام حال بیگانگی ہی اور اس جگہ کام ساتھ ایک دیکھنے اور ایک جاننے اور ایک سننے اور ایک کہنا کہ حضرت جنید بغدادی نے فرمایا ہی حدیث لیس فی الجنۃ رسول اللہ سالک جو اس مقام صید مصطفےٰ کو صید کرے لیس فی الجنۃ حورٌ ولا قصور ولا لبن ولا عسل ضاحکا جو کہ اس مقام پر پہونچے اس کو ابدا ابد بہشت ہے آخر کیا ہوگا آپ بہشت مین ہے جو سالک اس مقام کو اپنی جگہ کرے اسوقت آپ کو آئینہ کے مانند دیکھے اللہ ولی الذین امنوا یخرجہم من الظلمات الی النور جب معنے ان الذین امنوا و عملوا الصلحت لہم جنت تجری من تحتہا الانہار ذلک الفوز الکبیر کے اُس پر منکشف ہون رموز جہل وہشتم دربیان دوزخ کہ دوزخ بیچ بیگانگی کے ہے اس سے یگانگی اور جس جگہ کہ بیگانگی ہے بیگانگی ہے کہ حقتعالے نے فرمایا ہے انی بری مما تشرکون جیسے کہ اللہ تعالے فرماتا ہے انی بری مما تشرکون جس کسی سے اللہ تعالے بیزار ہوا اُسکو ابد الابد دوزخ ہے آخر کیا ہوگا نعوذ باللہ منہا اب دوزخ اور آگ بیگانگی جلاتی ہے کسواسطے کہ حدیث یگانگی کی نہین سُنی تھی اس سبب سے سیاہی آگ بیگانگی نے فراموش کیا یگانگی آگ دوزخ کو سیاہ رکھتے ہین اور سیاہی آگ کی بیچ اسکے یگانگی یافتہ ہوا پس یہ حقیقت معلوم کر کہ مراد بہشت سے یگانگی ہے اور مراد دوزخ سے بیگانگی ہے قال اللہ تعالی والذین کفروا اولیاءہم الطاغوت یخرجونہم من النور الی الظلمات اولئک اصحاب النار ہم فیہا خالدون بیت یکی را بہشت آن بیگانگی دوزخ بدان ٭ چون شدی واقف زہر دو ہر دو راز خود بران ٭ اور بزرگون نے کہا ہی کہ کرنا اپنا اوپر اپنے ہے جو سالک اپنے کئے سے واقف ہو یہ آیت معلوم ہو قال اللہ تعالی ولا تلقوا بایدیکم الی التہلکۃ رموز جہل ونہم دربیان قیامت جان کہ قیامت بمعنے اصطلاحی قطر ہوتا ہی اور وہ کھڑا ہوتا ہی کئی وجہ سے ایک ہر دم کفر اور جاتا ہی اور کھڑا ہوتا ہی دوم ہر ساعت ہی اور اوپر چاہنے قلوب کے ہے کہ ہر ساعت اطراف مین قلت ہی سوم ہر روز ہے اور وہ طلوع دن ہے کہ ہر روز طلوع کرتا ہی اور تمام عالم کو کاروبار مین مشغول کرتا ہی چہارم ایک دن اور وہ خواہش وجود سے ہے ان ہر چہار وجہ سے اوپر تمام عالم کے مرکب ہے وجہ پنجم ایک وقت ہی اور وہ جانا خودی کا ہے جو آپ سے گیا آپکو خدا سے پایا اور پھر اپنی خود کیطرف نہ دوڑا جیسا کہ سرور عالم نے فرمایا

الله دوست رکھتا ہے ان لوگون کو جو ایمان لائے نکالتا ہی انکو اندھیرے سے طرف روشنی کے ۱۲ ۵۲ تحقیق وہ لوگ ایمان لائے ہین اور عمل کئے نیکی واسطے اسکے جنت ہے جاری ہین اسکے نیچے نہرین یہ بڑی کامیابی ہے ۱۲ ۵۳ ہم پناہ مانگتے ہین ساتھ اللہ کے اس سے ۱۲ ۵۴ اور وہ لوگ کافر ہوتے ہین دوست رکھتے ہین شیطان کو نکالتا ہے انکو نور سے طرف اندھیرے کے یہ لوگ ہین صاحب آگ کے وہ بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے ۱۲ ۵۵ نہ ڈالو اپنے ہاتھون اپنے طرف ہلاکت کے ۱۲

ہر من مات فقد قامت قیامتہ جو سالک اس مقام پر پہونچے معنے کل من علیہا فان
ویبقی وجہ ربك ذوالجلال والاکرام اُسپر دکھلائی دین مقصود کلی ہیچ وجہ پانچوین کی
ہو ماورائے اسکے جو کچھ ہے بے مقصود ہو اور قیامت بمعنی لغوی قائم ہونا ہو تحقیق جسوقت سے
کہ حقتعالے ظاہر ہوا ہے اُسکی نہایت نہین ہو قیام اسکا ابدا ابد ہو جیساکہ کہا ہو **بیت** قیامت
شدہ رفت آخر نخواہد آمد ﴿ باقی خیال عشق است ہر دم قیام دارد ﴾ جو سالک اس مقام پر
پہونچے معنے اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم تا آخر اُسپر ظاہر ہوون رموز پنجاہ دربیان دنیا
جان کہ دنیا بمعنی دون ہو اور جو کہ کمینہ ہو وہ نجاست ہو اور محبت اُسکی کثافت ہے
کہ حضرت رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے الدنیا جیفۃ وطالبہا
کلاب سالک جو اس مذکور کو معلوم کرے معنے انما الحیوۃ الدنیا لھو ولعب
کے اسکو معلوم ہوون پس فرض ہو کہ اس مقام سے گذرے ایسا گذرے کہ گذر جاوے اسوقت
معنی الصوفی ھو اللہ کے اسکو روشن ہوون رموز پنجاہ و یکم دربیان دین جان کہ
دین بعضے دین ہو اور دین بمعنی عین ہو اور ناظر ہو بعین بے تقدیر اپنے اوپر
رکھے دین من ناظر علی اللہ فھو محجوب عن حقیقتہ کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے فرمایا ہو کہ طالب العقبی مؤنث پس طالب پر فرض ہو کہ اس مقام سے گذرے
کہ عین گذر جاوے جو عین ہوا اسوقت الان کما کان اسوقت ظاہر ہوے رموز پنجاہ و دوم
دربیان ذکر جان کہ ذکر بمعنی یاد کرنا حقتعالے کا غفلت سے ہے کہ کہا ہو فاذکرونی اذکرکم
کہ اسکا یاد کرنا دو نوع پر آیا ایک معنی دوم لفظ پس ذکر لفظی محروم سر سے ہے جیساکہ کہا ہے
من یقول اللہ الفاظ ذاکر معنی محروم اسرار سے ہے اور نا محروم سر سے ہے کہ کہا ہے من یقول
اللہ معنی فھو محروم عن سرہ لا ھو میسرہ جیساکہ کہا ہے کہ لو کان المذکور فھو مؤنث
لا ھو مذکور ولو کان المذکور فھو مذکر پس معلوم ہوا کہ یاد کرنے سے یاد کرنا ہو نہ کہ دستار
پیچ گردن کے بلکہ ہاتھ گردن سے تحقیق دور ہونا بیگانگی کا طالب نے جو اس مذکور کو دریافت کرلیا
معنے اذکر ربك اذا نسیت کے اُسپر معلوم ہوون رموز پنجاہ و سوم دربیان فکر
فکر بمعنی دریافت یعنے دریافت کرنا اس دریاے وطن کا جو دریاے تن کا دریافت کرلیا موتی
پایا مراد در سے وجود ہے اور مراد دریا سے موجود ہے طالب جسوقت دریا مین غوطہ مارے
اسوقت موتی پاوے **بیت** عجب دریا کہ در وے ہست پنہان ﴿ عجب در کہ در وی دریا

بناشد جبیسا کہ کہا ہی الانسان سری وانا سرہ جو سالک اس مقام پر پہونچے معنے لا تتخذوا
الٰہین اثنین کے اسپر ظاہر ہون **رموز پنجاہ وچہارم دربیان تلاوت کلام اللہ**
جان کہ تلاوت کلام اللہ کی سنت ہی اور دریافت کرنا اُسکا فرض ہی اور دریافت کرنا اسکا کیا ہے
یعنے تامل او پر ظاہر کرنے اور اُس سے واقف ہونے کا تحقیق بیچ تامل کے ظہور اشارت
کا ہے اور اسے پڑھنے مین عبارت ہی اور جس جگہ کہ عبارت ہے باب اشارت سے ہے جبیسا کہ حضرت
رسالت پناہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ الحافظ کالاعمے
جس جگہ کہ اشارت ہی بصارت ہی اور جس جگہ کہ بصارت ہی حاضر ہے ور وبرو ناظر ہے چنانچہ قاسم
انوار نے فرمایا ہی **بیت** درہمہ جا زہمہ روے تو در جلوہ گری است × مصحف روے ترا ازہمہ
رومی خوانم × کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے افضل العبادۃ
تلاوۃ القران طالب جو اس مذکور کو دریافت کرلے گویا خزانہ غیب کا دریافت کیا اسوقت
معنی اقرأ باسم ربک الذی خلق خلق الانسان من علق اقرأ وربک الاکرم الذی علم
بالقلم علم الانسان مالم یعلم کے اُسپر ظاہر ہون **رموز پنجاہ وپنجم** اے عزیز بناء کلام اللہ بس ۲۸
حروف ہین اور شروع اسکا الف اور آخر اُسکا یا اور کچھ جانتا ہے تو کون تھا اور کون ہی تو اور کہان
تھا اور کہان سے آیا یعنے آپ کو دیکھکر احد وعشر ہے تو بلکہ اُس سے بھی گذر کہ دوئی نہ رہے **رموز
پنجاہ وششم دربیان علم** یعنے جاننا مطلق جبیسا کہ اس باب مین ایک بزرگ کہتا ہی **بیت**
آن شاہد لاہوتی درکسوت انسانی است × انسان شخصی زان شان نظرے کن × اور حضرت رسول
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہی کہ نوم العالم افضل من عبادۃ الجاہل جو طالب اس علم کو تحصیل کرے اُسکو
عالم العلماء کہین العلم نکتہ کہ اسکو ہی اور کمال اُسکا وہ ہی کہ ذات اسکی ہی اور مطلق سے بے مطلق ہو جبیسا کہ حضرت
میران محی الدین نے درگاہ رب العالمین مین سوال کیا کہ یارب ما علم العلم جواب آیا کہ یا غوث
الاعظم علم العلم ہو الجہل عن العلم جو سالک اس مقام کو پاوے اسوقت معنی ہو اللہ
الذی لا الہ الا ہو عالم الغیب والشہادۃ کے اسپر منکشف ہون **رموز پنجاہ وہفتم دربیان حلم**
جان کہ حلم یعنے سلیم ہونا ہے ایسا سلیم ہونا جیسا کہ پانی بیچ پانی کے اتنا کہ تھوڑا اُس سے
گرم کرین اور تھوڑا سرد پھر دونوں کو ایک جگہ کرین اور گرم سرد سے بھاگتا ہی ورنہ سرد
گرم سے بھاگتا ہی اور دوسرے ہزار کوچہ پاک وناپاک سے آتا ہی اور کوچہ اسلام وکفر سے
دریا مین جاتا ہے اور کچھ تمیز نہین ہوسکتا ہے کہ وہی ہی یا کہ دریا سے ہے جو کہ ایسا ہو

۵۷ پڑھ تو نام رب اپنے کے جسنے پیدا کیا انسان کو لہو کی پھٹکی سے اور پڑھ تو اور رب تیرا بزرگ ہے جسنے علم سکھایا قلم سے اور تعلیم دی انسان کو وہ جو نہ جانتا تھا ۱۲ واللہ

ایسا اللہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ جاننے والا غیب کا اور ظاہر کا ۱۲

وہ دریا ہوا اسوقت معنے ھو الاول ھوالآخر والظاہر والباطن وھو بکل شئ علیم ۵
کے اسکو معلوم ہووین رموز پنجاہ وہشتم دربیان خلق وخالق جان کہ خلق خالق
سے ہے جیسے کہ موج دریا سے طالب جبکہ ان دونون کو تلاش کرے پانی پاوے کہ کہا
ہے لا امر اللہ تعالےٰ جسوقت کہ طالب اس مذکور کو دریافت کرے معنے التعظیم
تخلقوا باخلاق اللہ کے اسوقت معلوم کرے رموز پنجاہ ونہم دربیان خلق یعنے
علم سے خلق کہ خلق سے تمام انبیاء واولیاء بیچ خلق کے ہوے جیسا کہ کہا ہے یا
احمد آدم علی ذکری یارب کیف علی ذکرک والھالک من الناس ہر سالک
کہ اس مقام کو معلوم کرے اسوقت معنی انا الموجود فاطلبنی تجدنی سے واقف ہو
رموز شصتم دربیان خاموش جان کہ خاموش ہوا ہو کہ کوئی دم نے فائدہ نہ گذارے اور
آپ کو میانہ رکھے یعنے آپ سے کچھ نہ کہے اور جو کچھ کہ کہے اسی سے کہے کہ کہا ہے من
سکت سلم ومن سلم نجی ومن نجی فلہ الجنۃ ہر سالک کہ مذکور سے واقفیت حاصل کرے
خزانہ حق معلوم کرے اسوقت معنی ان اللہ علی کل شئ علیم کے اس پر منکشف ہون رموز
شصت ویکم دربیان قناعت قناعت وہ ہے کہ بے وجود بیٹھے نہ کہ با وجود مین
بیٹھے مراد بے وجود سے وہ ہے کہ آپ درمیان بہانہ کے جو کچھ کہ ہے وہ ہے کہ کہا ہے القناعۃ
کنز لا یفنی ابدا جو کوئی اس مذکور کو معلوم کرے اسوقت معنے ان اللہ یحب المؤمنین
کے اسپر ظاہر ہون رموز شصت ودوم بیچ بیان حجرہ مین بیٹھنے کے جان کہ حجرہ مین
بیٹھنا وہ ہو کہ آپسے ہجر کرے نہ کہ آپ کو چہار دیواری مین حبس کرے جیسا کہ کہا ہے من حبس
فی اربعین معک کالطیر فی القفس ہر سالک کہ اس مقام کو معلوم کرے معنی ونفخت
فیہ من روحی کے اسپر ظاہر ہون رموز شصت وسوم دربیان تسبیح کہ تسبیح نہ وہ
ہے کہ دانہ ہاے چوب سے بنائی جاتی ہے باسم اللہ اللہ بلکہ تسبیح وہ ہے کہ تمام مظہر کو جانے
اللہ اللہ چنانچہ ایک چوب سے صد دانہ طالب اسوقت ہو کہ بناوے جیسا ایک بزرگ نے
کہا ہے بیت کہ بچشمان دل مبین جز دوست * ہر چہ بینی بدانکہ مظہر اوست * من علم حرفا فھو
المولےٰ جو طالب کہ اس مذکور کو پاوے اسوقت معنے افلا ینظرون الی الابل کیف
خلقت والی السماء کیف رفعت والی الجبال کیف نصبت والی الارض کیف سطحت
فذکر انما انت مذکر کے اسکو ظاہر ہون رموز شصت وچہارم دربیان مراقبہ

قرب ہوتا ہے کہ تمام حال مین وہی ہی نہ کہ سر مانند فکر زدون کے ڈالے کہا ہے کہ من تقرب
الی شبراً تقرب الیہ ذراعاً جب کہ سالک اس مقام پر پہونچے اسوقت سے لی مع
اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل اسکو معلوم ہوون رموز شصت و
پنجم دربیان مجاہدہ یعنے جہد کرنا اپنے نفس کے ساتھ جان کہ جہد وہ ہے کہ کچھ نہ کرے اور اگر
کرتا ہو وہ جہد نہین ہے وہ فریب نفس ہی جیسا کہ کہا ہی الاختیار شوم جو طالب اس مقام پر
پہونچے اسوقت معنے وضع اللہ فہو خیر کے اُسپر منکشف ہووین رموز شصت و ششم
دربیان مشاہدہ یعنے روبرو ہونا جان کہ روبرو ہونا وہ کہ آپ درمیان بہانہ کے ہے اور تمام
جہان عین العیان ہے جیسا کہ کہا ہے الم ذلک الکتاب لاریب فیہ
ھدی للمتقین الذین یومنون بالغیب کی اُسکو واقفیت ہو رموز شصت و ہفتم
دربیان تقویٰ یعنے پرہیز کرنا وہ ہے کہ اپنی خودی سے پرہیز کرے نہ کہ آب وطعام سے پرہیز
کرنا تحقیق جو کہ آب وطعام سے پرہیز کرے وہ پرہیز ہے جیسا کہ کہا ہے من تزھد بغیر علم
تقدمات کا فرا وجھوٹا جو کہ آپ سے پرہیز کرنیوالا ہے وہ پرہیز ہے العلماء ورثۃ
الانبیاء جبکہ سالک اس مقام پر پہونچے حقیقت اللہ کی صید کرے اسوقت معنی ان اللہ علیم بذات
الصدور اسکو معلوم ہون رموز شصت و ہشتم دربیان صلاحیت جان کہ صلاحیت وہ ہے
کہ آپ سے روان ہے بے اضافت دوان ہی مانند پانی کے پانی مین ہیچ دریاے وحدت کے روان ہی
بیت صلاحیت ہمان باشد کہ باحق ہر زمان باشد ٭ نباشد بے خدا ہرگز ہمیشہ باخدا باشد ٭ اور
کہا ہی من یقول الاضافۃ فی ذات المطلق فہو عامی لا صالح جو سالک کہ اس مقام پر پہونچے
خم وحدت سے شراب طہورا پیوے سب معنی فمن کان یرجوا لقاء ربہ فلیعمل عملا صالحا ولا
یشرک بعبادۃ ربہ احدا اسپر ظاہر ہون رموز شصت و نہم دربیان ہمت جان کہ ہمت وہ
کہ دونون جہان سے مستغنی ہووے تارک ایمان و بے ایمان کا ہی اور فارغ نفس شیطان
سے ہے اور صابر سبحان سے ہے ورحمن بیت ہر کہ صاحب ہمت آمد مرد شد ٭ ہمچو خورشید از
بلندی فرد شد ٭ اور کہا کہ صاحب الھمۃ مستغنی عن الکل سالک جو اس مقام پر پہونچے معنے
ازالۃ الفقراء فہو اللہ اسکو معلوم ہون رموز ہفتادم دربیان مسکنت مسکنت وہ ہی کہ تمام
مقامات وکرامات سے سکونت کرے کسی وقت اور پر کسی جگہ کے رجوع نہ کرے بیت
غیر صد بیچارگی گرد او ست آید مرد را ٭ آنزمان عشق لا سوزد تمام مرد را ٭ کہ کہا ہے اللہم احینی مسکینا

واحشرنی فی زمرۃ المساکین جوکہ سالک اس مقام پر پہونچے اور ہستی اپنی سے نیستی کومارے اسوقت معنی موتوا قبل انت موتوا کے اسپر ظاہر ہوں رموز ہفتاد و یکم دربیان رضا جان کہ رضا وہ ہے کہ بیچ تمام حال کے خدا سے راضی ہو یعنے ساتھ خدا کے راضی ہو اور ساتھ اپنے ناز کرے نیازی بیت ناز و نیازی باخودی کردن تماشا خوشتر است ٭ ہر کہ داند او تماشا دائما او خوشتر است ٭ اور یہ بھی کہا ہے الاخلاص بناء الایمان جو سالک اس مقام پر پہونچے پھر ایمان جانے اسوقت معنی رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ کے اسکو معلوم ہوں رموز ہفتاد و دوم دربیان ایمان جان کہ ایمان وہ ہے کہ آپ سے بے نشان ہو اور بیچ حال کے ناظر ساتھ سبحان کے ہے جیسا کہ کہا ہے سبحانی ما اعظم شانی جو طالب اس مقام پر پہونچے شراب طہور کی خم وحدت سے پیوے اسوقت معنی سبحان الملک الحی الذی لاینام ولایموت کے اسپر ظاہر ہوں رموز ہفتاد و سوم دربیان اخلاص جاننا چاہیئے کہ اخلاص وہ ہے کہ آپ سے خلاص ہے جیسا کہ برف بیچ پانی کے بیت اگر مرد واقف بود بر وجود ٭ نگوید خدا ہم نہ گوید وجود ٭ اور یہ بھی کہا ہے کہ سعید واثق المعرودون جو سالک اس مقام پر پہونچے اسوقت معنی من عرف اللہ کل لسان کے اسپر ہویدا ہوں رموز ہفتاد و چہارم دربیان استقامت یہ معنی قرار کرنے کے ہے اس باب میں ہے الاستقامۃ فوق الامامۃ جو طالب سالک اس مقام پر پہونچے اسوقت سبح اسم ربک الاعلی الذی خلق فسوی والذی قدر فھدی والذی اخرج المرعی فجعلہ غثاء احوی اسپر ظاہر ہوں رموز ہفتاد و پنجم دربیان توبہ جان کہ توبہ وہ ہے کہ آپ اختیار سے توبہ کرے بلکہ جو کچھ گذرا اسکے اوپر افسوس اور جو کہ کرتا ہے اسپر کوشش نہ کرے اندر اور باہر حق پوشش کا کرے جیسا کہ کہا ہے من ترک ذرۃ مما نہی اللہ تعالے خیر من عبادۃ الثقلین جو کہ اس مقام پر پہونچے پھل درخت طوبی کا چکھے اسوقت معنے ان للمتقین مفازا حدائق واعنابا وکواعب اترابا وکاسا دھاقا لا یسمعون فیھا لغوا ولا کذابا جزاء من ربک عطاء حسابا رب السموات والارض وما بینھما الرحمن لا یملکون منہ خطابا اُس پر ظاہر ہوں رموز ہفتاد و ششم دربیان شاکر و شاکر ہونے کے جان کہ شاکر وہ ہے کہ اس کا شاکر کرے نہ شاکر شکر سے یعنے دل مین ایک جانے اور زبان سے ثنا پڑھے جانان ساتھ جانان کے جان ساتھ جسم کے جانے ایسے ہی مقصد و معنی ساتھ لفظ کے پڑھے اور بغور تلاش کرے ہر سر کو ایک جانے اُسکو شاکر کہین کہ کہا ہے یا عبادی مما اقرب الیک منک جو شاکر اس جگہ شکر بجا لاکر آپ کو بجا لاوے اسوقت معنی نحن اقرب الیہ من حبل الورید کے اُسپر ظاہر ہون

رموز ہفتاد وہفتم دربیان صبر وصابر ہونے کے جان کہ صبر وہ ہے کہ اس سے صبر کرے
نہ کہ دونون کو آپ مین دیکھے اور آپ کو ایسے ہی ہیچ وجود کے نزدیک جان کہ روبرو بیٹھے ایک اسکی
مرو ملک مین رہتا ہو اور دوسرا ہیچ مرد ہالک کے والعالم مرات العارف جو کوئی اس صبر
کو بجالاوے اُسی کو صابر کہتے ہین کہ کہا ہے کل نفس واحد اسوقت یا ایتہا النفس
المطمئنۃ ترجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی کے معنے اسپر ظاہر
ہون رموز ہفتاد وہشتم دربیان توکل ومتوکل ہونے کے جان کہ توکل وہ ہے کہ ملک سے توکل
کرے نہ کہ ملک ونصیب سے توکل نہ کہ کسب سے جو کوئی کہ ملک وملک سے توکل کرے
اس کو کہین متوکل ورنہ متاکل رعیت نفس ہے نہ کہ صاحب نفس ہو اور کہا ہے
کہ کن فی الدنیا کانک غریب او کعابر فی سبیل وعد نفسک من اصحاب القبور جو کہ ایسا متوکل
ہو وہ کلام حق تعالے نے حضرت میران محی الدین کہا ہے کہ اُسکو ظاہر ہوا اور وہ کلام یہ ہے
قال لی عبادی سو لنبیین والمرسلین لایطلع علے ان ادجوہم احد من اہل الدنیا ولا احد
من اہل الاخرۃ ولا احد من اہل النار ولا مالک ولا الارض او ماخلقتہم للجنۃ
والنار ولا للثواب ولا للحور ولا للقصور ولا للغلمان فطوبی من امن منہم انکم یعرفہم
رموز ہفتاد ونہم دربیان تلقین یعنے تلاقی کرنا ساتھ حقتعالے کے اسکا ملاقی کرنا دو نوع پر
آیا ایک یہ کہ طالب کو مشغول کرنا ساتھ الفاظ ملحوظ بصوم وصلوۃ وتہجد واشراق وچاشت
وفی الزوال دوگانہ اور ہمیشہ باوضو رہنا کہ مقصد یاد وے اور طرح دوسری یہ ہے کہ طالب کو شغل کرنا
بعیان ثابت یعنے مقصد جیسا کہ نہین ہو کوئی آدمی سواے مقصد کے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہی من یرید ان یجلس مع اللہ فلیجلس مع الفقراء ومن یرید
ان یجلس مع الانبیاء فیجلس مع العلماء جو طالب تلقین ثانی کا فہم کرے اسوقت کان اللہ
ولم یکن معہ شئ اسپر ظاہر ہون رموز ہشتادم دربیان تصوف یعنے صاف ہونا جان کہ صاف
ہونا کیا ہو کہ خود رہے نہ خدا اور نہ وصل رہے نہ جدائی لی مع اللہ وقت لا فیہ عبد ولا رب
لی مع اللہ جیسا کہ کہا ہے التصوف حال ولا لذ بیان رموز ہشتاد ویکم دربیان تجرید تجرید یہ ہے الذی
ناظر علی اللہ وحاضر من اللہ جان کہ تجرید وہ ہوتا ہو کہ ہر طرف مولا کو دیکھو اور دنیا کو نہ چاہو یون
ہمیشہ مولا ناظر اسکا ہووے کہ کہا ہو ما زاغ البصر وما طغے ہر سالک کہ اسکے معنے دریافت کرے
لا الہ الا اللہ اسپر ظاہر ہو رموز ہشتاد ودوم دربیان تفرید جان کہ بے نام ونشان

ہو الان کما کان بیت مگر تفرید آن باشد کہ سہو سہو خود باشد ہو ولے چون نیک مے بیند سہو سہو خود باشد
اور کہا ہے التفرید الذی لا یکون ثانی الا ھو جو سالک اس کو دریافت کرے
اللہ اسپر ظاہر ہو رموز ہشتاد و سوم جس کسی کی نظر او پہ عرفان کے عارفان سے نہو رموز
ہشتاد و چہارم نظر او پر مراد کے ہو دریاے مراد سے جرعہ نہ چکھا ہو رموز ہشتاد
و پنجم جو کہ منظور ناظر ہو حقیقت اسکی سے اندھا ہو رموز ہشتاد و ششم جو کہ علم
سننے سے بے بہرہ ہو وہ عالم نہین رموز ہشتاد و ہفتم ہر عاشق کی نظر عشق پر ہو ابھی بہ کمالیت
عشق نہ پہونچا ہو رموز ہشتاد و ہشتم واصل کو ساتھ حقیقت کے کوئی گذر نہین ہے
رموز ہشتاد و نہم یافت اسکی وہ ہے کہ بے یافت ہو رموز نود ام جس کسی کی نظر او پر رویت
کے ہو اندھا ہو اور بینا اسوقت ہو کہ نابینا ہو رموز نود و یکم جو کہ دیکھنے سے
آنکھ بند رکھے آپکو کلفت سے باز رکھے رموز نود و دوم نفی و اثبات وجود سے ہے جو
وجود سے جاوے کچھ نرہے رموز نود و سوم خلق کو ساتھ خلق کے دیکھنا شرک ہے اور خالق
جانتا شرک ہے اور اخلاص وہ ہے کہ بے شرک ہو رموز نود و چہارم جو کہ ڈھونڈھے نپاوے
رموز نود و پنجم جو کہ کہے نہ جانے رموز نود و ششم جو کوئی دوڑ نہ پہونچے رموز
نود و ہفتم جو طالب مطلوب ہو مطلوب سے ہو رموز نود و ہشتم جو سالک منزل پر پہونچے منزل نہ دیکھے
رموز نود و نہم جو یقین کے ساتھ کمال کے پہونچے بے یقین ہو رموز صدم جو ایمان مسلم ہو ایمان سے بے بہرہ
رموز صد و یکم ایک بزرگ نے ساتھ سیاہی کے ملاقات کی اور پوچھا اے سیاہی کہا سے کہانتک
ہوئی اور کہانتک پہونچی اُسنے جواب مین کہا کہ جو ملک عدم سے باہر آئی مین بیچ ولایت لاکے پہونچی
مین اور جتنی کہ پھری مین بیچ ملک لاکے لائی ہین ×

اختتام کتاب

یا الٰہی بہ طفیل اپنے حبیب نبی کریم کے اس رسالہ کو مقبول فرماکر مجکو اور اُسکے ناظرین کو اس سے
بہرہ مند فرما یا اللہ تو غفور و رحیم ہے مین از سرتا پا گنہگار ہون مجکو اور میرے فرزندان اور خویش و
اقارب کو کونین مین باآبرو رکھیو اور بروز قیامت نامۂ اعمال دست راست مین دیجیو آمین رب العالمین

منقبت بجناب حضرت رسول مقبول صلعم

محمد تو نور خداے جہان ہے	یہ سب نور سے تیرے کون و مکان ہے	سراپا ہے تو نور اس صمدیت کا	یہ ظاہر عیان ہے کہ سایہ کہان ہے

گذر کر کے ایکدم مین ہیئت ہے اسمانکو
ولی جامۂ بشری مین تقلید کی تھی
پیمبر نبی اور مرسل بہت ہین
تو لیسن وطٰہٰ حبیب اللہ
یہ ہے عرض میری نبی الکریم
نہین ناخدا ہے نہ حامی کوئی ہے
مین امت مین تیری گنہگار ہونگا
ملادے خدا سے بچا آفتون سے
پڑا اور یہ تیرے گنہگار زردار

عرش پر تو پہونچا جہان لامکان ہے
جہان تو تھا پہلے وہان اب کہان ہے
ولیکن یہ رتبہ کسی کو کہان ہے
خدا کی خدائی مین یکتا نشان ہے
کہو یا تو امت کا پیارا کہان ہے
مگر تجھ پہ مچھلی کشادہ دہان ہے
بچالے تو لا اکہ تیری امان ہے
مجھے نفس ہر دم ستاوے یہان ہے
شرم باندھ گہی کی تجھی کو تو ہان ہے

فرشتو نکے پر جس جگہ ہو وین سوزان
یہ اسرار مخفی انسے کون پہونچے
سبھی منہ کو تکتے ہین تجھ ماہ رو کے
لکھون نعت کیا مین کہ بیحد ہے تو
مری ناؤ ٹوٹی پڑی منجدھار
مین تنہا غریب اور طوفان بہت ہین
لگا پار مجکو تو محبوب رب ہے
گنہگار امت کو اسطرح اجل

بشر کی یہ امکان و طاقت کہان ہے
فنا ذات حق مین تو مثلہ جہان ہے
تو محبوب رب ہے شفیع مگیان ہے
زبان و قلم مین یہ طاقت کہان ہے
شب تیرہ ہے اور بھنور بھی وہان ہے
یہ دریا عمیق اور کنارہ کہان ہے
سوا تیرے میرا ٹھکانا کہان ہے
مع بچون جاوے جو تیر غران ہے

ناظرین پر تمکین سے التجا رکھتا ہون کہ اسمین جس جگہ پر قصور دیکھین قلم اصلاح سے زینت بخشین اور اس عاصی پر معاصی کو بدعاے خیر یاد کرین تاکہ باعث میری مغفرت کا ہو

قطعات تاریخ مطبوعہ سابق از منشی سکھ لال صاحب متخلص بہ آہ ساکن رامپور روہیلکھنڈ

خان زردار خان چو خوش رو است
پیرو دین و حامی حرمین

ہر کسی ہم او ثنا خوان است
رہرو شاہ راہ عرفان است
گفت سکھ لال آہ تاریخش

خوب رو نیکخو نکو طلعت
رہبر حق چہ نسخہ خوش ساخت
عابدان را سبیل عرفان است
۱۲۹۳ھ

نکتہ چین نکتہ دان سخندان است
بہر آن یکجہان خواہان است

ایضاً

رہبر حق چہ خوش مرتب ساخت
آہ را شد خیال تاریخش

خان زردار خان امیر زمان
بہر آن نسخۂ پسند جہان

رمز دان طریق عرفان است
ہاتفے گفت از سر الہام

پیرو دین و رہبر ایمان
قبلۂ فیض و کعبۂ ایمان
ھ ۱۲ ۹۳

ایضاً

رہبر حق ساخت چون زردار خان

باکمال فکر از طبع رسا
ہاتفی گفت از سر کاخ برین

آہ شد آن نسخہ مقبول خالق
آفرین زردار خان را مرحبا
۱۲ ۹۳ ہجری

بہر تاریخش خیال آمد مرا

بعون صناع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

مثنوی نادر مضامین محتوی بر مطالب اہل تصوف ارباب اذہان دیقین مسمے بہ

مثنوی تحفة العاشقین

از انکشاف طبع روشن صاحب کرامات حضرت محمد عبد الصمد معروف بہ شاہ نعمت خان مغفور

مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بطبع لطیف مزین مطبوع ہوا

۱۹۳۷ء

بسم الله الرحمن الرحیم

حمد نامحدود و درود نامعدود معبودے راسزا است کہ جان عارفان را گلزار عرفان ساخت و شجرۂ طیبۂ شریعت و طریقت را بمواد اصلها ثابت فی الارض وفرعها فی السماء باوج کمال افراخت دردمندان لنش ترنم این رباعی پرداختہ رباعی عشقست کہ آن مغز دل و جان من است + برگ من و عیش من و سامان من است رمزیکہ توانم زثنایش گفتن + این است کہ درد من و درمان من است رباعی بے جاہ و جلال کبریا میخواہیم + نے درد ترا ہیچ دوا میخواہیم + ہر کس ز در تو مطلبے میخواہید + ما خستہ دلان ترا میخواہیم + جمالش را در ہر ذرہ جلوہ دیگر ست و نور ذاتش را ہمہ اشیا مظہر بیت ناقص و کامل مبین اندر جہان مظہرش ہر جزو ہر کل می شود + و تحیات وافیات و صلوۃ زاکیات محمود یرا کہ ذات کامل الصفاتش نور الانوار است و بہترین مظاہر پروردگار سینۂ پاکان از تربیت ہدایتش معدن نور الٰہی و دل سالکان بتائید ارشادش مخزن اسرار کماہی و رحمت رضوان عرب ابر ز دمنان آل و اصحاب لا اشانش کہ پروانہ جمال باکمال او و متادب بآداب خصال ام بعد میگوید پشت بدیوار زاویہ خمول ضراعت خاکساری مجمع منقصتہا بے بجید و عدد محمد عبد الصمد عفا عنہ الاحد کہ من شکستہ بال سرگشتہ مال مدتی مدید و زمانے بعید بمقتضائے این بیت شاید کہ تو ہم سوزی + پروانہ شوم ہم پروانہ ما سوختن آموزی + باسوختگان بنشین شمع دلان و سوختہ وادی طلب حاصلان بودم سینۂ بریان و دیدۂ گریان

درصحراے طلب پویان وصحبت کیمیاخاصیت سیمادلان جویان تہ دل رازین کارصبرے نہ ازسماے فیض صاحبدلی بارش ابرے تا اینکہ بگوش دلم خبر رسید کہ مطلوب تو حاصل نتواند شد الا از افادات و افاضات رہنماے سالکین قدوة العارفین مخزن اسرار کماہی مطلع انوار آلہی ہادی منازل طریقت بدرقہ مراحل حقیقت شاہباز اوج تجرید عنقاے قاف تفرید برگزیدۂ اہل دل امام رہروان منزل وصل سرحلقہ عاشقان دلفگار حضرت شاہ نامدار کہ اکسیر سیماب دلان ہمگی اضطراب اند درونق بخش سرزمین پنجاب بمجرد شنیدن این خبر شوق اثرے عالم برنگے دیگر وشوقم بیشتر از بیشتر گردیدہ دلم برعزم جازم شد و درغایت شوق باین قطعہ مترنم قطعہ

آتش عشق کو کہ از اثرش — عقل آتش بدفتر اندازد
مستی شور کو کہ نعرۂ من — واعظان را ز منبر اندازد
عمر کو کہ داد روح دہد — سر نفس ستمگر اندازد
کو علی تا بہ قتل این کفار — شور اللہ اکبر اندازد
یارب آن شاہ نامدار کجا است — کہ دمش جان بہ پیکر اندازد
نعرۂ ہو اگر زند در دل — گنبد چرخ اخضر اندازد
وقت آن شد کہ بر دل مردہ — نفس روح پرور اندازد
یعنی این تنگدست در پایش
کو عقاب جنون کہ از ستمش — مرغ ادراک شہپر اندازد
دلم از زہد در گذشت و کنون — طرح طور قلندر اندازد
لشکر آراست نفس کافر کیش — تا بہ مشکل نگاہ در اندازد
مستی عشق کو کہ از اثرش — عقل دستار از سر اندازد
نفسے گر بجسم مردہ زند — نعرہ اش قصر قیصر اندازد
وقت آن شد کہ از کرم نظرے — بر دل وجان مضطر اندازد
واصف این رہ آنکہ در قدمش — تحفۂ لیس محقر اندازد
از تہی پایگی سر اندازد

درراہ آن مطلوب عاشقان دویدم واز حصول خدمت سعادت آئینش بمقصود دل رسیدم واز انجا کہ طبع من برشیوہ از خود رمیدگان مستانہ و متوحش از خویش وبیگانہ بود از صحبت خلق تجرد از یار و اغیار تفردی جستم تعلیم وارشاد را بامن کارے واندیشۂ اخذ بیعت را در دلم بارے نبود آنجناب توجہی در دلم ریختند کہ بہ تعلیم آنچہ در نسبت چرامی کوشی واز طالبان صداقت کیش ارادت اندیش چشم التفات چرامی پوشی در اشاعت این امر بجد باش وبرفیض مبداء فیاض معتمد بمقتضاے وجوب اطاعت امر خود را بکار اہل ارادت مصروف ساختم وطور قلندری وشیوہ آزادی برانداختم وخواستم کہ براے یاران محبان خبرے از اداب طریقت برزبان آرم وبہ طرز مثنوی بیان نمایم وبہ تبیین آنچہ ضروریات است گرایم تا دستان را یادگار واہل شوق را معین و دستیار باشد واین مثنوی را تحفة العاشقین نام نہادم ودیرے مقبول دست دعا کشادم امید کہ صاحبدلان معنی بین وبزرگان کرم آئین چشم بر الفاظ وتوافی نہ کشایند ونہ نظر عنایت منظہر بمعنی نمایند باللہ التوفیق

بیدہ ازمة التحقیق

آغاز مثنوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دستگیری کیجیو میرے خدا   تا کوئی دم ہوں نہ میں تجھسے جدا
دمبدم ہوتا رہوں تجھپر فدا   آرزو تجھ سے یہی ہی ای خدا
ہو زبان پر ذکر دلمیں ہو حضور   ماسوی تیرے یہ دل ہو سب سے دور
بے حضور دل نہ لوں میں تیرا نام   جبکہ لوں میں ہوں حضور دل تمام
ہر گھڑی ہر لحظہ ہو تیرا حضور   بے جہت بے کیف مجکو ای غفور
التجا کس سے کروں تیرے سوا   کون بر لاویگا میرا مدعا
نور وحدت کر دی مجھپہ آشکار   پس یہی ہی مدعا پروردگار
یہ دعا عاجز کی ہی کیجیو قبول   از برائے آل و اصحاب رسول

بیان وحدت و گفتن انا در ولولۂ اول سلوک

ماسوی تیری ہوں فانی سب خیال   یان تلک ہستی کا رہنا ہو محال
معرفت کا جوش ہو منصور وار   پر نہ نکلے لفظ انا کا زینہار
جسپہ ظاہر راز لا ہو ای عزیز   پھر کہاں اثبات کا اسکو تمیز
بیشک اظہار کی بھی ہی دوئی   مدعی یان پر نہیں ہی تا کوئی
لا و الا سے بھی ہی نزدیکتر   پر نہیں تجھکو خبر اے بیخبر
جسنے کی گفتار اسمیں ای حبیب   وہ ہوا دونوں جہاں سے بے نصیب
کیونکہ ہی یہ خود پسندی ہوشکی   یہ نہیں ہی بات وانکی جوشکی
گر نہیں ہی وہم ہستی ای پسر   پھر انا سے کیا وہ توڑی بیخبر
جسکو ہو کچھ وہم ہستی کا گمان   وہ نہیں عارف ہی ہرگز ای جوان
بلکہ اسمیں وہم ہی شرک خدا   عین جانے وہم سے ہو کر جدا
وہم ہستی کا ہی بس ایسا حجاب   یہ نہ ٹوٹے وار بن عالیجناب
مولوی نے ملکہ اسمیں یون لکھا   راز مخفی کل دیا سب کو بتا
وہم کی کیا بات ہی اے بیخبر   مولوی کے قول پر کر ٹک نظر
جملہ معشوقست عاشق پردہ   زندہ معشوقست عاشق مردہ
چاہیے کرنا تجھے یان پر سکوت   یہ حدیث مصطفے سے ہی ثبوت

حدیث شریف مَنْ سَکَتَ سَلِمَ وَمَنْ سَلِمَ نَجیٰ

من سکت کو دل سی پڑھ تو ای عزیز   تجکو تا رمز خفی پر ہو تمیز
یعنے جسنے بند کی اپنی زبان   پا گیا اندوہ نکبا تھون امان
دیکھ کیا فرماتے ہیں عالیجناب   یعنے حضرت مصطفے ای فیضیاب

حدیث شریف کَلِّمُوا النَّاسَ بِمَا یَعْرِفُونَ وَدَعُوا مَا یُنْکِرُونَ اَتُرِیدُونَ اَنْ یُکَذَّبَ اللّٰہُ وَرَسُولُہٗ

قول اُسکے عقل پر کر ای جوان   تا نہو وہ راز حق سے بدگمان
دوسرا فرمان سن اس پاک کا   مرتبہ ہے جسکے باعث خاک کا

حدیث شریف مَنْ عَرَفَ رَبَّہٗ کَلَّ لِسَانُہٗ

جسپہ کھل جاتا ہی راز حق نہان   بند ہو جاتی ہی اُسکی بس زبان
یعنے جسپر راز حق کا ہو ظہور   گفتگو سے وہ بشر از بس ہی دور
یاد رکھ اس بات کو ای جان من   خامشی اسکا یہ ہی گویا سخن
یون کہو یا تھونکو اپنے تم اٹھا   ماسوی اپنے تو مولا سب مٹا

سر بسر ہر شے میں دیکھوں ہے اوہ نور / دیکھ اسکو سوختہ ہوں مثل طور
نیست تیرے روبرو ہوں اسقدر / جیسے پیش شمس ہوتا ہی قمر
بس زیادہ تو نہ کہیو کچھ کلام / نیست تو باقی خدا ہو والسلام
بھید یہ ہے فہم انسانی سے دور / چاہیے خاموش رہنا ذی شعور
دیکھ فرماتے ہیں دانائے علوم / مثنوی میں یعنی مولانائے روم
علم حق در علم صوفی گم شود / این سخن کے باور مردم شود
راز حق کا گر ہی طالب اے پسر / نیست کر ہستی کو جب ہو باخبر

در بیان انتشار دل و وسوسہ شیطان و باز داشتن از و

غیر کا دلمیں نہ آنے دے خیال / تاکہ ہووے نفس کا دیا پامال
غیرت ہے سدا انوار خدا / دور کر اسکو شتاب اے باصفا
یاد رکھ اس بات کو اے ہوشیار / جب تلک ہے غیر کب ہو وصل یار
یہ ہی کافر بلا کفر ذی شعور / روز و شب رکھتا ہی حق سے تجکو دور
دیکھ فرماتے ہیں یوں اہل عمل / نفس نے ڈالا ہے دلمیں کیا خلل
کاش کے ہرگز نزادی مادرم / تا نہ کردی کشتہ نفس کافرم
کاش کے ہرگز نبودی نام من / تا نبودی جنبش و آرام من
یوں کرو ہر وقت حق سے تم دعا / تاکہ حاصل ہووے دلکا مدعا
نفس شیطان نے کیا ہمکو اسیر / تو ہی بڑا ہمکو ہمارے دستگیر
سخت تر دشمن ہی شیطان لعین / الغرض ہم اسکے کچھ واقف نہیں
جسکو ہم جانے کہ ہی بیشک بلا / اسمیں کرتا ہے ہمیں پھر مبتلا
یہ ہوا ہے ابتدا سے دو بدو / کیا بھلا ہم ہیں اسکے روبرو
دام سے اسکے نہیں کوئی بچا / ہو دی گردہ لاکھ دانا پر پھنسا
کیونکہ ہے یہ مکر شیطاں کی دقیق / کر سکیں جبتک نہو دے تو توفیق
کر تو آگاہ اس سے ہمکو اے کریم / تا سمجھ لیں مکر شیطان رجیم
گر کریں نیکی تو بد دیوے بنا / یا کریں کچھ بد تو کر دیوے بھلا
جسکا دشمن سخت ایسا ہو لعین / ماسوا تیری پناہ اسکو نہیں
یا الہ العالمین بہر رسول / اس دعا کو کیجیو میری قبول
گنج وحدت کا ہے تو نہیں / بند رکھتا ہی یہ چشم یقین
خود نمائی سے یہ پرہیز گر / ماسوا اپنے نہیں کرتا نظر
اس سبب سے نور وحدت ہے چھپا / ورنہ دیکھو تو وہی ہے جابجا
کونسا دل ہے کہ جسمیں وہ نہیں / پر نہیں ہے چشم تیری نور بین
غور سے اس قول پر کر تو نظر / مولوی فرماتے ہیں کیا باثمر
آنچہ تو گم کردہ رہ کز کردہ / ہست اندر تو تو خود را پردہ

در بیان آیت نحن اقرب

پاسبانی دل کی کر تو اسقدر / ماسوای حق کے نادی کچھ نظر
غرق بحر وحدت ایسا ہو عزیز / تا نہو پھر این و آن کی کچھ تمیز
عارفان حق کی یہ ہی گفتگو / جبتلک تو ہی نہیں ہی تو ہی تو
اسکو کہتے معرفت ہیں عارفان / وہ عیاں ہو تو نہاں ہو اے جوان
سن یہ فرماتے ہیں شاہ بو علی / محرم راز خفی و ہم جلی
تا تو ئی کے یار گردد یار تو / چون بنا شی یار باشد یار تو
جبتلک تو ہی نشاں اسکا کہاں / نیست کر ہستی کو تو پاوے نشاں
گر تو پروانہ کی ہمت پر نظر / واصل جانان ہے جلکر سر بسر
ہے یہ پردہ تجھ سے اے محبوب بین / دور کر خود کو تو دیکھے دلمین
وہ تو ہے نزدیک تو ہے اس سے دور / یہ عجب سے حال تیرا بے شعور
کیوں پڑا ہے دور ہے نزدیک تو / دلمیں اسکی کر ذرا تو جستجو
گرچہ ڈھونڈھے عرش سے تا فرش تو / راہ حق دلکو سوا پاوے نہیں
کیونکہ رہ اسکی ہی دلمیں اقرب ہے / دیکھ تو دلمیں ذرا تو ہوشیار
دیکھ لے کیا لکھتے ہیں مولوی / واقف ہر رمز و اسرار خفی

ای کمان از تیرہا پر ساختہ ۔ صید نزدیکست و دورش ساختہ

قولہ تعالیٰ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْد

سخن اقرب کو نہین سمجھا اگر ۔ اسلیئے اس بعید سی ہے بے خبر
عقل جزوی عقل ظاہر اے جوان ۔ عقل کلی عقل باطن بیگمان
عقل ظاہر ہین تو گر تو بسی دور ۔ دیکھ تو پھر ہر طرف اسکا ظہور
عقل کلی تھی نبی ہین بس تمام ۔ دیکھ فرماتے ہین کیا خیر الانام

دربیان حدیث قدسی سَمْعُہُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ

بعد فرض و واجبات والامقام ۔ عقل پر جو لوگ کرتے ہین دوام

حدیث قدسی مَا تَقَرَّبَ اِلَیَّ عَبْدِیْ بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَیْہِ وَلَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اَحْبَبْتُہٗ فَکُنْتُ سَمْعَہُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ وَبَصَرَہُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِہٖ وَیَدَہُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِہَا وَرِجْلَہُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِہَا وَاِنْ سَاَلَنِیْ لَاُعْطِیَنَّہٗ وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِیْ لَاُعِیْذَنَّہٗ وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَیْءٍ اَنَا فَاعِلُہٗ تَرَدُّدِیْ عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ یَکْرَہُ الْمَوْتَ وَاَنَا اَکْرَہُ مَسَاءَتَہٗ وَلَا بُدَّ لَہٗ مِنْہُ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

حق نے فرمایا کہ اسکے دست و پا ۔ کان اور چشم و زبان ہین برملا
یہ مجرد معنی لفظ حدیث ۔ کچھ نہین تاویل اسمین اے حبیب
یہ حدیث مصطفی ہے تیغ لا ۔ نیست کرتی ہے دوئی کو اے فنا
یون لکھا خاصان حق نے اسکا حال ۔ فہم کر دلمین نہ کر کچھ قیل و قال
بحر وحدت مین یہی جوہین حباب ۔ یہ وہ لاے در وحدت بیگمان
لام مین جیسے الف اے بیخبر ۔ اسطرح کثرت مین وحدت سربسر
یعنی کثرت نیست ہے وحدت بقا ۔ بے الف جیسے نہین ہوتا ہے لا
لام لا الا الف ہے اے جوان ۔ لا ہے کثرت وحدت الا بیگمان
لا فنا الا فنا اے زشت خو ۔ ہو کی لا پھر دیکھ جانان ہو بسو
پردہ الا ہے لا اے بیخبر ۔ توڑ اسکو دیکھ الا سربسر
عین کثرت مین ہے وحدت یون نہان ۔ جسطرح ہوتی ہے گل مین بو نہان
بس ضمیر لا ہے لا معبود غیر ۔ ہو کی حق مین تو ذرا کر دل کی سیر
لا کے قائل مشرکین ہین مرد دین ۔ ہین مقر الا کے مومن بالیقین
اسلیئے واقع ہوا الا ہی لیسر ۔ تا کہ ہووے کفر اسنے دور تر
لا کو لا جانتے وہ بدنصیب ۔ یہ تھا باعث کفر کا انکی حبیب
یعنی الا کو کیا لا سے نہان ۔ اسقدر تھی محو لا وہ بدگمان
جو کرے الا کو لا اے بیخبر ۔ وہ ہے کافر دین حق مین سربسر
جو کرین لا سے لا کو بس نہان ۔ وہ ہین ذات حق کی عارف بیگمان
انکی ضد مین جو ہوا کافر ہوا ۔ انکی ضد مین مومن ظاہر ہوا
فرق حال کافر و مغفور کا ۔ ہے یہی فرعون اور منصور کا
تھا انا فرعون سے لا کا بقا ۔ تھا انا منصور سے لا کا فنا
دیکھ فرماتے ہین مولانا یہ راز ۔ یعنی حضرت مولوی پاکباز
گفت فرعون انا الحق گشت پست ۔ گفت منصور انا الحق و برست
این انا را رحمت اللہ ای محب ۔ وان انا را لعنت اللہ در عقب
زانکہ او سنگ سیہ بود این عقیق ۔ آن عدوی نور بود و این عشیق
این انا گفت و ز خود آزاد شد ۔ وان انا گفت و ز خود برباد شد
جیسے پیش مشرکین لا ہے نہان ۔ ویسے نزد عارفان الا عیان
جیسے نزد مشرکین لا ہے عیان ۔ ویسے نزد عارفان لا ہے نہان
لا کو لا جانین ہین مومن ہی فنا ۔ لیک الا سے ہوا الا کا فنا
یعنی الا کا ہے ابتر یہ اثر ۔ غیر الا ہے نہین انکو خبر

مولوی نے کیا تاسف سے لکھا
سنگ سے بھی ہے ترا دل سخت تر

سن کے گر پتھر ہو شق تو ہے بجا
پھر بھلا ہو تجھکو کیا پتھر اثر

ازرہ مہجوری و دوری ای فلان
چشم باطن مین نہین تیری ہے نور

آہ از دست تو دارم صد فغان
پھر بھلا ہو کسطرح تجھکو حضور

دربیان درست کردن دل بموجب حدیث

دلکو کر آراستہ ای مرد دین
ماسوی اسکے نہین راہ تین

گر نہین دلبر ترے دین کا اثر
جو عمل ہے دل سے بس بہتر ہے وہ

کیسے ہون اعمال ظاہر معتبر
گر نہین دلسے تو بس ابتر ہے وہ

حدیث شریف اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَلَا اِلٰی اَعْمَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَّنظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ دُنیاتکم

یون ہوا فرمان حق ای ہوشمند
ماسوی دلکے نہین ہمکو پسند

جو عمل دلسے نہین ہے تلف
الغرض ہین بس بیان ہین سب سلف

حدیث شریف اِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَۃً اِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ اَلَا وَھِیَ الْقَلْبُ

بلکہ فرمایا نبی نے اے دغل
ما برون را ننگریم و قال را
صاف دل کہتے ہین اسکو باکمال
پھر کرین جو کچھ کہ وہی سب ہے درست

جسکے دلمین ہے خلل سب مین خلل
ما درون را بنگریم و حال را
ماسوی حق کے نہو جسمین خیال
عشق حق سے وہ ہو چالاک و چست

دیکھ فرماتی ہین مولانا ہے دین
دل نہین جبتک ترا ہو باصفا
یعنے جو کچھ ہو وہ ہو بہر خدا
ہر عبادت مین ہو پھر زنگ دگر

مومنونکو جب سے ہوتا ہے یقین
سب عبادت ہے تری بس نا روا
غیر سے دلمین نہو جون چرا
زنگ وہ عالم ہو جس سے بے خبر

دربیان ترجیح نماز اہل باطن بر نماز اہل ظاہر

انکی دو رکعت ہی تیری صد نماز
اُنسے کیا نسبت ہے تجھکو ای ذلیل
اُنکا سونا تیری بیداری سے بہتر
گر ہون آسودہ تو ہون شاغل ہے سر
لاکھون کا فریب بہتر اس سے ہوگئے
دیکھکر یہ انبیا کا معجزا
عشق حق سے منتشر ہو جسکا حال
اشقیا را دیدۂ بینا نہ بود
آب و خور برانکی تھا انکو خیال
مغز باطن پر نہ کی انکے نظر

بلکہ بہتر اس سے بھی ای نابکار
تو اندیس نفس وہ حق کی خلیل
روز و شب کا فرق ہے بابصر گر
ہو اگر تو سنگ ہو ای بے ادب
انبیا کو آپ سا جانا کیے
کہتے تھے یہ سحر ہے سب ملا
یہ کہین مجنون اسکو بد خصال
دید شان سنگ و بد کیا نمی
یا لباس ظاہری پر زی خصال
مثل سگ کے استخوان پر کی گذر
کیونکہ علم غیب ہے علم خدا

کیونکہ تو ہے اسم خوان بے بصر
تیرا ہمدم نفس شیطان لعین
گرسنہ ہون وہ تو ہون جبرئیل ور
ہین تری ہمشکل لیکن وہ عزیز
انبیا اور اولیا کو اے بسر
ہو کرامت جب کسی سے ای عزیز
راست فرماتے ہین وہ عالیجناب
ہمسری انبیا سے یہ تب اہ
یعنے جیسے وہ ہین ایسے ہم ہین سب
یہ نہ سمجھے دلمین اپنے بے بصر
غیر پر ہوتا نہین ہرگز یہ وا

وہ ہین بینا سے سمی سر بسر
انکا ہمدم نور وحدت بالیقین
ہو اگر تو مثل سگ ہو بد شعار
بے ادب اس سے ہوا تو بے تمیز
کہتے تھے مجنون و ساحر یہ بشر
سحر سب جانا کیے یہ بے تمیز
یعنے حضرت مولوی ای فیضیاب
ہوگئے درگاہ حق سے رو سیاہ
پھر کہا انسے آیا انپر فضل رب
علم باطن سے نہین ہمکو خبر

قولہ تعالٰی فَضَّلْنَا بَعْضَہُمْ عَلٰی بَعْضٍ

لفظ فضل سے غافل لعین | ہوگئے انفصال حق سے بالیقین
باوجود اسکے شقی و مرتدین | مثل ہے انکو جانین بالیقین
دیکھ کیا نکتہ ہین وہ عالیمقام | یعنی حضرت مولوی نیکنام
یعنی صورت مین ہون مثل ہم مگر | فرق ہے اخلاص مین لیکن بسر

عقل کے نزدیک کہاں ہے دو نصاب | کل کا ہونا ایک سا ہے محال
مثل ہے جو انہین جانے جوان | یہ شقاوت کا نشان ہے بیگمان
کار پاکان را قیاس از خود مگیر | گرچہ ماند در نبشتن شیر و شیر
تیرے جو حسنات ہین ابرار سے | سیئات انکے ہین نیکی سے

قولہ تعالیٰ فمنہم ظالم لنفسہ ومنہم مقتصد ومنہم سابق بالخیرات

یعنی ظالم مقتصد تم اے پسر | سابق الخیرات وہ ہین سربسر
بے ادب ہونے سے ہم پر وبال | یعنی غالب نفس ہم پر بالکمال
ہے شرف انسان کو از علم ادب | بے ادب ہوتی ہے کب عالی نسب

حدیث شریف ظنوا المومنین خیرا

کیا نہین ہے یہ حدیث مصطفیٰ | ظن مومن کا ہو مومن سے بھلا
نفس نے لیکن کیا تمکو خراب | حشر مین دیکھوگے تم اسکا عذاب
دوستی سے انکی جنت ہو نصیب | دشمنی سے انکی دوزخ ہو حبیب

حدیث قدسی وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالیٰ قال
قال من عادیٰ لی ولیا فقد عادیتہ بالحرب | یون ہوا فرمان حق ای خوبرو | جو لڑا اُسسے وہ مجھسے رشت غو

حدیث قدسی حب الفقراء مفتاح الجنۃ

دوستی ہے انکی جنت کی کلید | یہ حدیث مصطفیٰ ہے ای سعید
بے ادب پر فضل رب ہوتا نہین | یاد رکھ اس بات کو ای مرد دین
کیا لکھا ہے مولوی نے وعظ و پند | بے ادب کے حق مین سن ای ہوشمند
از خدا خواہیم توفیق ادب | بے ادب محروم گشت از فضل رب
اب بیان کر فرق ان دونون کا تو | بے ادب اور با ادب کا ہے جو
کیونکہ ہے وہ بے ادب اسکے سبب | جانتا ہے مین بھی یہ کرتا ہون سب
یہ نہ سمجھے بے ادب وہ دین بسر | کام وہ پر ہم نہین دیتی بشر
لیک کھاوے تو مرض مین اسکے پسر | سم قاتل تجکو ہوا ای بے خبر
تخم ہو برباد محنت رائیگان | پھر شجر کا ذکر کیا ای نیکدان

ہمنشین ہو ایکدم گر با ادب | دیکھ کیا ہوتا ہے تجھپہ فضل رب
بے ادب تنہا نہ خود ہے بی ادب | باز رکھی خلق کو از فضل رب
بی ادب تنہا نہ خود را داشت بد | بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد
ختم کر اب ذکر ادب کی گفتگو | بے ادب سنتا ہے کب ای نیکخو
فعل دونون ایک کرتے ہین مدام | فرق اسمین ہے نکالا ہے نیکنام
یعنی یہ جو دین کا کرتے ہین کام | مین بھی کرتا ہون ادا اسکو تمام
یعنی جیسے ہو مرغن یہ طعام | کھاتے سے جسکے ہو قوت بس تمام
بلکہ جیسے تخم ہو اچھا بھلا | پر زمین سخت مین بووے فنا
بس زمین دل ہے تیری سخت تر | دیکھ فرماتا ہے حق ای بے خبر

قولہ تعالیٰ ثم قست قلوبکم من بعد ذلک فہی کالحجارۃ او اشد قسوۃ وان من الحجارۃ لما یتفجر منہ الانہار وان منہا لما یشقق فیخرج منہ الماء وان منہا لما یہبط من خشیۃ اللہ
وما اللہ بغافل عما تعملون ۵ | یعنی پتھر سے زیادہ سخت ہے | دل جو تیرا دیکھ یہ بدبخت ہے

پس بعض انمین سے اپنے نفسو پر ظلم کرتے ہین اور بعض میانہ رو ہین اور بعض امور نیک کی طرف سبقت کرتے ہین ۱۲ ت مومنین کو اچھا گمان کرو ۱۲ ت ابی ہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو کوئی کسی دوست میرے سے عداوت کرتا ہے تو اس سے لڑائی کرتا ہون ۱۲ ت فقرا کی دوستی جنت کی کنجی ہے ۱۲ ت پھر سخت ہوگئے تمہارے دل اسکے بعد تو وہ مثل پتھر کے ہین یا اس سے کڑے اور پتھر ونمین بھی بعض مین سے نہرین نکلتی ہین اور بعضو نمین سے پھٹکر پانی نکلتا ہے اور بعضے خدا کے خوف سے گر پڑتے ہین اللہ تمہارے کامون سے غافل نہین ۱۲

یعنے بہتین نہرین ہین اسسے مدام	تو بھی ہی کچھ چشم تر ای نیکنام	شق ہو کر آب ہوا نسے روان	خوف حق سی بھر گرین وہ بیگمان
سچ بتا ہوتا ہی کچھ دل پر اثر	نام حق سنتا ہی جب اے بیخبر	دیکھ تو گرتے ہین یہ کوہ عظیم	تو نہین گرتا ہی کیون مرد سلیم
کیونکہ ہی وہ خوف واحد کا اثر	پر نہین تجھپر اثر کیون بیخبر	خوف حق مین کچھ نہین گر قصور	لیک تیری دلمین ہی ای بیشعور
سخت دل تیرا ہی یعنے کالحجر	پھر بھلا ہو کسطرح تجھپر اثر	دیکھ فرماتے ہین یہ حضرت رسول	گوش دل سی سن لے ای بوالفضول

حدیث شریف وعن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لا تکثروا الکلام بغیر ذکر اللہ فان کثرۃ الکلام بغیر ذکر اللہ قسوۃ للقلب وان ابعد الناس من اللہ القلب القاسی

قلب مین جسکے قساوت ہو پسر	وہ خدا سے دور ازبس دور تر	قلب قاسی توڑ ای مرد خدا	نور وحدت دیکھ تو پھر جا بجا
جبتلک قسوت ہے تجھ مین اے جوان	گنج وحدت کا نہو تجھپر عیان	مولوی کی یہ ہدایت ہے السیر	سننکے اسکو کر عمل ای بیخبر
صورت سرکش گنہگاران کس رنج	تا نہ بینی زیر او وحدت چو گنج	فرق تجھ مین اور انہین ہی عظیم	تو ہی با قسوت وہ ہین مرد علیم
لیک تو ہی چشم دلسی بے بصر	نور دل انکے سے تو ای بیخبر	صاف دل روشن ہی وہ با آب و تاب	نور ایمان کی ہین گویا آفتاب
یعنے روشن دین ہی اُنسے اے جوان	لیک وہ ہین چشم شپیر سے نہان	ہو زمین کی جسقدر ناپاک خاک	شمس کے پرتو سے ہو جاتی ہی پاک
آفتاب آسمانسے اے پسر	آفتاب معرفت ہی تیز تر	اُس سے جلتی ہی نجاست ظاہری	اس سی خبث باطنی ای متقی
وہ کرے ہی نور ظلمات زمین	یہ منور دل کرے ای نازنین	اسکا پرتو گر تو ای زشت خو	دین کا تو بھی ہو پھر اک بار رو
لیک تو خفاش ہی ای بدشعار	آفتاب معرفت سی تجکو عار	یعنے باطن کی نجاست یہ تمام	اسکے پرتو سے جلے ای نیکنام
جانتا ہی کون ہی وہ آفتاب	جسکی یہ ہی گفتگو عالیجناب	دیکھ وہ ہی نور حق اور تو زمین	یعنے وہ ہی رحمۃ للعالمین
فیض اُسکا خاص ہی اک علم ہی	فرق اسمین مثل صبح وشام ہی	عام سی حاصل نجات تام ہی	خاص سی حاصل وصال تام ہی
تام کے حامل ہین عالم ظاہری	خاص کے ارباب باطن انکی	جو کہ دونون صفت سے موصوف ہی	عالم راسخ وہ تب معروف ہو
	عام کو چاہیے تو پڑھ لے تو کتاب	خاص گر چاہے وسیلہ لے شتاب	

دربیان آیت وابتغوا الیہ الوسیلۃ

قولہ تعالی یا ایہا الذین امنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ وجاہدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون

وابتغوا ہے حکم رب ای بیخبر	کیون ہی غافل اُس سے تو عالی گہر	جسقدر گذری ہین دین مین [illegible]	کے وسیلہ سے جدا کوئی نہ تھا
	کیونکہ بے اسکے نہین ہو دل درست	گرچہ ظاہر ہو مگر باطن ہی سست	

حدیث شریف انما الاعمال بالنیات

ظاہری پر حق نہین کرتا نظر	لیک نیت پر کرے ای بیخبر	اسلیے ہی واسطہ تجکو ضرور	تا کہ ہووے ہر عبادت مین حضور
جب حقیقت واسطہ کی سن جوان	تا کہ اسکا بھید ہو تجھپر عیان	یعنے رکھہ تو واسطہ اس سی بسر	عشق حق کی جو جلا ہو سر بسر

زاہدون کی قال پر مت کر نظر / اور ما من کو تو حاصل کر پسر
گر نہین تو اسکے لائق ای پسر / واسطہ سے کچھ نہو تجھ پر اثر
یعنے ایسا ہو کہ ہو آتش پذیر / جب تو قابل فیض کی ہو ای فقیر
شمس وحدت سے ہو جسکا واسطہ / کر چکا حاصل ہوا اس سے رابطہ
منتقل کرنے پہ قادر ہو مگر / شعلہ زن ہو غیر پر تا سر بسر
دلمین پھر کر وہ شعاع آفتاب / ڈالے تل دلبر تری با التہاب

ہو تو لائق واسطہ کر ای جوان / جلد ہووے فائدہ پھر بیگمان
بیشتر ہو صاف دل ای مرد دین / مثل پنبہ کے سبک ہو بالیقین
بعد اسکے پیر کی کر جستجو / مثل شیشہ دل ہو جسکا ہو بہو
یعنے جب چاہی شعاع آفتاب / اور حرارت کرلے دلمین اکتساب
جب ملے ایسا تجھے کوئی بشر / پنبہ دلکو تو اسکے نذر کر
یعنے دلبر جب پڑے وہ تل پسر / تو جلے پھر مثل پنبہ سر بسر

پیر کی نسبت کا جب ہو یہ اثر / رابطہ رکھ پیر سے ای ذی سیر

در بیان آیت کونوا مع الصادقین

قولہ تعالیٰ یَاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ ○

لفظ کونوا دیکھ لے قرآن مین / حق نے فرمایا ہی اُنکی شان مین
کثرت و قلت نہو لیکن ذرا / دین مین ناقص ہین دونون ای فتا
رابطہ کیا ہو یہ جنکے سے پسر / نور وحدت صاف آتا ہی نظر

قولہ تعالیٰ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

لفظ فی خلق السما کہتا ہی حق / عالم راسخ سے پڑھ اسکا سبق
مانع وسواس ہی یہ رابطہ / ماسوائی حق کے نہ دی یہ واسطہ
ہیچ نکشد نفس را جز ظل پیر / دامن آن نفس کش را سخت گیر
ہی غذا یہ جان و دل سے ای پسر / وہ غذا ہے مال و تن سے سر بسر
وہ غذا ہو خنجر و تلوار سے / یہ غذا ہو دست بے ہتھیار سے
ظاہری سامان ہی ظاہر کا معین / باطنی کا باطنی ای مرد دین

رابطہ کیا ہی غذا ہی ای پسر / دے شفا دلکو مرض کو تو مگر
دیکھ فرماتی ہین کیا وہ پاکباز / یعنے حضرت مولوی اہل راز
ہی غذا یہ باطنی کی ای امام / نفس امارہ کو کر دی یہ تمام
یہ غذا فی الوحدت ہی ای مرد دین / وہ غذا ہی اجتماع مومنین
وہ غذا ہو بر زمین و بر نشان / یہ غذا ہی بر مکان لامکان
علم اسکا اور ہی ای بیخبر / سن حدیث مصطفے یہ معتبر

حدیث شریف عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دُعَائَیْنِ فَاِنَّمَا اَحَدُھُمَا فَبَثَثْتُہٗ فِیْکُمْ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَلَوْ بَثَثْتُہٗ قُطِعَ ھٰذَا الْحُلْقُوْمُ یَعْنِیْ مَجْرَی الطَّعَامِ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

بوہریرہ کی روایت دیکھ تو / دیکھ کر خاموش ہو ای زشت خو
یعنے وہ ہی علم ظاہر سر بسر / جو ہدایت تمکو کرتا ہون پسر
یعنے وہ ہی علم خاص اہل خدا / فہم مین کب غیر کے ہو ای فتا
جسکو ظاہر ہو مگر باطن نہو / رہزن باطن ہی وہ ای نیکخو
علم رسمی رہزن ہر سالک است / این عقیدہ حنبل و ہم مالک است

پاے مین نے علم دو حضرت سے یار / ایک مین سی کرو مین آشکار
دوسرے کا گر کرون کچھ بیان / نرخرا کاٹو مرا تم ای جوان
کیا ہوا گر پڑھ لئی حرف کتاب / بے وسیلہ کے نہو تو فیضیاب
یعنے فرماتی ہین مولانائے روم / مثنوی مین دیکھ لے یہ ہی عموم
ہر کہ او در بند قال و قیل شد / ہمچو فرعون غرق اندر نیل شد

لوح دل از نقش شیطان بشوی / ای مدرس درس عشقی ہم بگوی
چند چند از حکمت یونانیان / حکمت ایمانیان را ہم بخوان
دل منور کن با نور جلی / چند باشی کاسہ لیس بوعلی
علم باطن خاص ہی علم خدا / غیر کی شرکت نہین اسمین ذرا
یہ ہی بس تعلیم حق ای بے خبر / مولوی کے قول پر کر تو نظر
این ہمہ علمی ز تعلیم حق است / نے ز جد و جہد نی ز ابق و سبق
علم حق وہ ہی کرے حق پر فدا / ماسوی حق کے کرو سکو فنا
علم جسکو یہ ہی حاصل ای جوان / یعنے مومن خاص ہی وہ بیگمان
دیکھ فرماتے ہین کیا وہ باخدا / مولوی معنوی با صفا
صاحب ایمان ہمان باشد ہمان / گر نباشد غافل از وی بگذران

در بیان نماز کامل کہ عاشقان حق ادا میکنند

دیکھ یہ انکی نماز ای ذی سیر / حق سے واصل غیر سے ہین بیخبر
جب کرین تکبیر اولی وہ تمام / نور وحدت دیکھ لیتین ای نیکنام
بعد اسکے جب پڑھین ام الکتاب / جلوہ گر ہو معرفت کا آفتاب
دیکھ کر انوار اسکے ذی سیر / سوختہ ہوتی ہین عاشق سربسر
جب پڑھین اخلاص کو بصدق دل / نور وحدت سے وہین جاتی ہین مل
یعنے ہستی نیست کرتی ہین عزیز / ماسوا حق کی نہین رکھتی تمیز
کیا لکھا ہے دیکھ تو ای ذی نصیب / مولوی نے جو کہ دین کا ہے طبیب
چونکہ با تکبیرہا مقرون شوند / ہمچو قربان از جہان بیرون شوند
جسکی ہستی نیست ہو پیش خدا / اسکو کہتے ہین ملائک مرحبا
خوب پہچانا خدا کو ای بشر / ماسوا حق کی گیا سب سے گذر

حدیث شریف الصلوٰة معراج المؤمنین

یعنے یہ ہے وہ صلوٰة ای ذی سیر / جو کہ ہی معراج مومن سربسر
اسکو کہتے ہین نماز با حضور / سعی کر اسمین اگر ہی ذی شعور
سعی جو کرتا نہین اسمین بشر / وہ ہی بدتر خر سے احمق بیخبر
دیکھ فرماتے ہین یہ حضرت علیؓ / گوش دل سی ہی سن ذرا تو ای اخی
بار سے اسکے زمین و آسمان / کھینچتے ہین الامان والامان
زرد ہو جاتا تھا رنگ مرتضیٰ / جبکہ فرض و نفل کرتے تھے ادا
خوف حق سی مومن ہوتی تھے خاک / یعنے کپڑے پھاڑ دیتی تھے پاک
یون ادا کرتے تھے وہ شیر خدا / پنجگانہ بس صلوٰة ای با صفا
ایکدن کا حال سن ای بیخبر / دلپہ تیرے تا ہو کچھ اس سے اثر
تیر تن مین چبھ گیا انکی جوان / جلد مین جا کر ہوا مطلق نہان
جب نکالین درد ہو انکی حبیب / دشمنونکی بھی نہو ایسا نصیب
اس سبب سے دیر تک تھین نہ ہلا / شاہ بھی اس درد مین تھے مبتلا
درد تھا ایسا بھی بلائے دو جہان / رنگ حضرت کا تھا اس سے زعفران
دیکھکر عاشق ہوئی سب بیقرار / تیر انکے تھین انکے دلمین خار
فکر کی سب نے نکالین جلد تر / پر نہو حضرت کو کچھ اس سی خبر
فکر مین تھی تا ہوے وہ با نماز / اور گئی سجدہ مین با عجز و نیاز
پیچھے سے اسکو لیا سب نے نکال / ہو گیا پھر سب مصلا خون سے لال
جب ہی ہو فارغ وہ شاہ اولیا / یون کہا ہو ملتفت با اتقیا
غرق کیون خون سے مصلا ہے سبب / دوستو اسکا بتاؤ تم سبب
پھر حقیقت سب نے کی اسکی بیان / جب ہوا اس شاہ دین پہ یہ عیان
دیکھ لے یہ ہے صلوٰة با حضور / ہو مقلد اسکا گر ہی ذی شعور
ایک شب حضرت کو آیا یہ خیال / چلکے دیکھون اپنی امت کا مین حال
کون سوتا کون ہے بیدار ہے / سوز دل سے کون روتا زار ہی
جب گئی مسجد مین دیکھی تین یار / عشق حق سے ہو رہی ہین بیقرار
یعنے ہین صدیقؓ و بعد انکی عمرؓ / تیسرے حضرت علیؓ والا گہر
یہ کھڑے تینون اکابر با نیاز / کرتے تھے اپنی ادا وان کی نماز

اسقدر روئے تھے وہ صدیق پاک ۔ تر ہوئی تھی اشک سے انکی خاک
شمع ساں جلتی کھڑی تھی وہ خموش ۔ دیگساں نکلی مگر سینہ سے جوش

دیکھکر صدیق کا یہ وجد و حال ۔ خوش ہوئی اور کچھ نہ کی اُن سے قیل و قال
یہ ندا آئی فلک سے ای رسول ۔ درد دل انکا ہوا ہمکو قبول

کچھ طوالت پر نہین ہمکو نظر ۔ ہے مگر اخلاص پر عالی گہر
گر پڑھے اخلاص سے کوئی صلوٰۃ ۔ ایک بہتر لاکھ سے اسکی برکات

یہ لکھا ہے دیکھ تو ای جانِ من ۔ مولوی نے از برائے مرد و زن
پیش حق یک نعرہ از روی نیاز ۔ بہ کہ عمرے بے نیازانہ نماز

یہ نہ حاصل تجکو سوای بیخبر ۔ تا قیامت ہو وسیلہ سے مگر
کیونکہ یہہ ہی رازِ دل ای مرد دین ۔ علم سینہ ہے سفینہ یہ نہین

سوختہ دل سے ہو حاصل یہ ادب ۔ یاد رکھ اس بات کو عالی نسب

در بیان صحبت اولیاء و فضیلت آنحضرت

ایک ساعت صحبت دل سوختہ ۔ تجکو کردے مثل گل افروختہ
دیکھ فرماتے ہین مُلّائے پاک ۔ قدر جانے اسکی کیا یہ مشت خاک

صحبت مردان اگر یکساعت است ۔ بہتر از صد خلوت و صد طاعت است
سوختہ دل کون یعنی اولیا ۔ انکو حاصل ہے ودادِ انبیا

حدیث شریف تخلقوا باخلاق اللہ

ہے تخلق پر عمل انکا قوی ۔ دین حق کو دیکھ یہ ہین متقی

حدیث شریف مثلهم کمثل الانبیاء علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل

کانبیا کے لفظ سے موصوف ہین ۔ عارف باللہ یہ معروف ہین

حدیث شریف اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم

اقتدیتم سے مشرف یہ بشر ۔ یہ مبصر اور سب ہین کور و کر
نفس ہے مغلوب شیطان ان سے دور ۔ حق سے رکھتے دمبدم ہین یہ حضور

قوله تعالی ومن يطع الله والرسول فاولئك مع الذين انعم الله عليهم من النبيين والصديقين والشهداء والصالحين وحسن اولئك رفيقا

اسلیے فرماتا ہے رب جلیل ۔ نیک ہے انکی رفاقت ای خلیل
کیا رفاقت یعنے ہے ظل اله ۔ دور جو اس سے ہوا وہ ہے تباہ

انکی صحبت مردہ کو زندہ کرے ۔ زندہ ایسا ہو نہ پھر ہرگز مرے
انکی صحبت دیو کو کردے ملک ۔ ہے اثر صحبت مین انکی تا فلک

انکی صحبت مین ہون عالم جاہلان ۔ یعنے وہ بہتر ہوان از صد عالمان
انکی صحبت مین نہین آتا شقی ۔ یہ خبر دی مصطفے نے ای تقی

گر تو چاہے ہمنشینی با خدا ۔ ہمنشین انکا تو ہو ای باصفا
دیکھ یہ فرماتا ہے حق ای حبیب ۔ جو شکستہ دل ہون انکے ہو قریب

مولوی نے مثنوی مین یہ سخن ۔ کیا لکھا ہے دیکھ تو ای جانِ من
ہر کہ خواہد ہمنشینی با خدا ۔ او نشیند در حضور اولیا

حکایت حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ کامل بایزید پارسا ۔ مانگتے حق سے بدل تھے یہ دعا
وصل اپنا دے مجھے پروردگار ۔ ہجر سے تیرے ہوا ہون بیقرار

یہ ہوا فرمان حق ای بایزید ۔ گرچہ محنت تیری ہے از بس مزید
پھر نہ ہووے وصل سے بہرہ تجھے ۔ جب تک لاوے نہ تو تحفہ مجھے

یعنی وہ لا چیز جو مجھ مین نہو ۔ دون تجھے وہ چیز جو تجھ مین نہو
سنکے یہ الہام روئے زار زار ۔ پھر کہا یون اے مرے پروردگار
تجھ سے سب شے جانتا ہون اے خدا ۔ تجھ سے کوئی شی نہین پاتا جدا
روزہ رکھتا اور پڑھتا ہون صلوٰۃ ۔ حج کرتا اور دیتا ہون زکوٰۃ
علم تیرے واسطے مین نے پڑھا ۔ وعظ و پند اس سے سدا کہتا رہا
راتدن کرتا رہا مین تیرا ذکر ۔ اور آنے دی نہین ہے کوئی فکر
ہر بلا پہ صبر مین کرتا رہا ۔ شکر تیری نعمتونکا بھی کیا
مال و جان تجھپہ کیا مین نے فدا ۔ پیروی سنت بھی مین کرتا رہا
یہ بھی ہو توفیق تجھ سے اے آلہ ۔ ورنہ شیطان کر دے اکدم مین تباہ
کہہ چکے جب یہ ازحق وہ باصفا ۔ پھر ہوئی حق کیطرف سے یہ ندا
یعنی یہ اعمال جو تونے کیئے ۔ حور و غلمان اسکے بدلے مین لیئے
ان عباداتون سے اے حالی گہر ۔ یان بھرے لاکھون خزانے سربسر
سنکے یہ الہام رویا وہ فقیر ۔ اور کہا دے علم اسکا دستگیر
مین نہین واقف ہے اس سے کچھ ذرا ۔ تو ہی مجکو دے بتا اے رہنما
پھر ہوا یون حکم رب دو جہان ۔ گوش دل سے سُن ذرا اے نکتہ دان
یعنی وہ ہے درد سوز و انکسار ۔ ہم منزہ جس سے ہین اے باوقار
دور کیا ہے وصل کا پیغام ہے ۔ عجز کیا ہے وصل کا انجام ہے
وصف ان دونون کا سن اے باخدا ۔ مولوی روم نے بھی ہے لکھا
کیست فرعون آنکہ او خود را بدید ۔ کیست موسی آنکہ خود را در رہید
دیدۂ یعقوب بینندہ روئے او ۔ خویش را قربان کند بر بوئے او
گر تو فریادی کنی یعقوب وار ۔ تا بتو بوئے رسد از نزد یار
یوسف کنعان نہان در چاہ دل ۔ تو ورا جوئی ہمین در آب و گل
تو ہے غافل نور حق سے اے بشر ۔ پھر بھلا ہو کس طرح تجھپہ اثر
ہر عبادت مین ہے یہ نقص عظیم ۔ پر نہین واقف ہے تو مرد سلیم

در بیان نماز بحضور

جب کھڑا ہوتا ہے تو بہر نماز ۔ سج بنا ہوتا ہے کچھ دل مین نیاز
چاہیئے وقت نماز ایسا نیاز ۔ جس سے حاصل دلکو ہو سوز و گداز
عشق حق سے دل جلے جیسے کباب ۔ یا کہ جیسے برف پیش آفتاب
گر نہین کچھ خوف حق دل مین ذرا ۔ پھر کہان تیری نماز اے بیحیا
مولوی نے مثنوی مین ہے لکھا ۔ پڑھ اُسے گر ہے تجھے فہم و ذکا
بر زبان تسبیح و در دل گاؤ خر ۔ این چنین تسبیح کے دارد اثر
ماسوا حق کے جو ہو دل مین خیال ۔ بت سے کچھ وہ کم نہین صاحب کمال
جبتلک سکو نہ توڑے اے پسر ۔ نور وحدت سے رہے تو بے خبر
بے حضور دل اگر ہووے صلوٰۃ ۔ وہ نہین ہرگز صلوٰۃ ہے اینکذات

حدیث شریف لاصلوٰۃ الا بحضور القلب

کیونکہ یہ ہے بس حدیث مصطفے ۔ بے حضور دل نہین ہوتی ادا
گر ذرا تو فکر باطل دل سے دور ۔ تاکہ ہووے یہ نماز باحضور
فکر باطل نے کیا تجکو تباہ ۔ ہوگیا درگاہ حق سے رو سیاہ
کیا ہے باطل فکر اے مرد خدا ۔ یعنی ہووے غیر حق جو مدعا
روز و شب کرتا ہے جسکی جستجو ۔ تیرا تو اسمین ضرر ہے موبمو
گفتگو مین عمر ضایع تونے کی ۔ راہ عقبی کی نہ تونے دل سے لی
فخر دنیا پر کیا تونے خیال ۔ یہ نہ سمجھا دین مین ہے یہ وبال
طالب شہرت رہا تو روز و شب ۔ دل سے کچھ چاہا نہ تونے فضل رب
علم وہ سیکھا کہ جسمین کچھ ہو دم ۔ اور جانین مولوی مجکو عموم
پڑھ وہ دین مین ہوا رونق پذیر ۔ عالمون سے جا کے دی اپنی نظیر
جو ملا ہم سے ملا وہ بار سول ۔ فخر کر کہنے لگا مرد فضول
یعنی وہ سیکھا کہ جسمین کچھ ہو نام ۔ اور نکلے سو طرحکا اس سے کام

دربیان علم حقیقت

وہ نہ سیکھا چشم دل جس سے ہو وا — تا قیامت کو نہ اعمی ہون بھلا
وہ نہ سیکھا خلق ہے جو ہو نہان — قرب حق لیکن ہوا اس سے بیگان

وہ نہ سیکھا ہیبت حق جس سے ہو — ما سوا اپنی وہ دیوے سب کو کھو
وہ نہ سیکھا جس سے دنیا ہو ذلیل — دین کے تا لوگ ہون تجکو خلیل

وہ نہ سیکھا جس سے ہو عشق آلہ — تا کہ ہو یہ نفس امارہ تباہ
وہ نہ سیکھا ہو ریا جس سے کہ دور — تا کہ ہو اخلاص سے دلکو سرور

وہ نہ سیکھا جس سے ہو یاد خدا — تا رہون مین دمبدم حق پر فدا
وہ نہ سیکھا عجب ہو جس سے عیان — یعنے وہ جو اپنے دلمین ہے نہان

وہ نہ سیکھا سینۂ احمد کا نور — تا کہ ہووے یہ نماز با حضور
وہ نہ سیکھا جس سے ہو عجز و نیاز — تا تکبر دور ہو اسے حیلہ ساز

وہ نہ سیکھا جس سے ہووے چشم تر — تا پڑے پھر روے جانان پر نظر
جسکے دلمین ہون مرض ایسے نہان — نور وحدت وہ نہ دیکھے بیگمان

اصل وحدت کی نہ پی جسنے شراب — یا نہ کھائے نفس کافر کے کباب
ہر حجی ہون یا کہ عالم بے بدل — تف ہے دونون پر کہ یہ ہین بے عمل

علم تو بیشک پڑھا تونی حبیب — علت غائی سے کیون ہے بے نصیب
علم ظاہر شرط باطن ای پسر — شرط بے مشروط باطل سر بسر

یعنے جیسے ہے وضو شرط صلوٰۃ — بے نمازی کا وضو کیا نیک ذات
مولوی کی یہ نصیحت ہے شتاب — تا کہ ہووے دین کا تو آفتاب

صد کتاب و صد ورق در نار کن — جان و دل را جانب دلدار کن
بی نشان را کس نیابد از فصوص — ہم نیابد از فتوحات و نصوص

عمر را ضایع مکن در گفتگو — گفتگو چون پردہ ہای تو بتو
پردہ ہای تو بتو در دم بسوز — تا بہ بینی روے آن فیروزہ روز

جہد کن تا تو بچشم دل عیان — بے دلیل و بے بشارت در بیان
ہر کہ روے یار در سینا نہ دید — ہم نہ بیند روی عقبیٰ ای مرید

مولوی گشتی تو آگہ نیستی — خود کجا و از کجاؤ کیستی
از خود آگہ چون نۂ ای بشنو — پس نیابد زین چنین علمت غرو

علم سے تجکو جہالت ہو گئی — عقل جو تھی نور بین وہ کھو گئی

دربیان حقیقت جہل

جہل کیا ہے یعنے مس ہے آکسیر — تو نہوس ہی مگر ہے بے خبر
اسکو زر خالص بنا رکھا ای جوان — یہ تو نسخہ یاد رکھ ای مہربان

جہل کو دی علم سے اپنے شکست — جب یہ چھوٹک ہو تو دی اسکو نشست
بو لا اخلاق مین عالی گہر — کر توکل حکمت سخاوت کی مگر

اسم اعظم کی تو دی بوٹی ملا — عشق کی آتش سے دی تو پھر جلا
جلکے جب یہ خاک ہون سب اے پسر — تب یہ ہو اکسیر اعظم سر بسر

علم جسنے اسطرح روشن کیا — حکمت باطن کو اسنے کھو دیا
دین احمد کا ہے بیشک یہ طبیب — جو پھرا اس سے ہوا وہ بے نصیب

جو ملا اس سے ملا با مصطفے — جو لڑا اس سے لڑا با مصطفے
کیونکہ ہے نائب نبی کا مرد دین — اسکی صحبت مین ہے رحمت بالیقین

جسکو دیکھ اس سے کچھ بھی بر خلاف — وہ نہ عالم ہے عالم کا خلاف
مولوی نے بھی لکھا ہے ای عزیز — مثنوی مین اسطرح ہے کر تمیز

اینکہ می بینی خلاف آدم اند — نیستند آدم خلاف آدم اند
علم اسکا شرط دنیا ہے عزیز — اسلیئے دین سے رہا یہ بے تمیز

گر نہین ہے شرط دنیا بی ادب — کیون نہین کرتا بھلا حق کی طلب
جسطرح اس شرط کو لایا بجا — اسطرح مشروط کو بھی کر ادا

کیونکہ اس سے ہر عبادت ہو ادا — گر نہین ہے یہ تو گویا ہے قضا

در بیان نماز بے حضور

بلکہ فرمایا نبیؐ نے اے دغل — جسکے دلمیں ہے خلل سب میں خلل
گر پڑھے کوئی نماز بے حضور — نور وحدت سے وہ ہوجاتا ہے دور

حدیث اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا قَامَ فَاِنَّهٗ بَیْنَ یَدَیِ الرَّحْمٰنِ فَاِذَا الْتَفَتَ قَالَ لَهُ الرَّبُّ اِلٰی مَنْ تَلْتَفِتُ مَنْ هُوَ خَیْرٌ لَّکَ مِنِّیْ اِبْنُ اٰدَمَ اَقْبِلْ اِلَیَّ فَاِنِّیْ خَیْرٌ لَّکَ مِمَّنْ تَلْتَفِتُ اِلَیْهِ الْحَدِیْث

یہ ندا اسوقت کرتا ہے خدا — کیوں نہیں ہوتا ہے تو مجھ پر فدا
کون بہتر مجھ سے ہے اے بے بصر — جسکی خاطر مجھ سے ہے تو بے خبر
کر ذرا انصاف ای دل بے نصیب — مجھ سے بہتر کون ہے تیرا حبیب
جب نہیں سنتا یہ بندہ وہ ندا — حکم حق ہوتا ہے پھر یہ برملا
یعنی دلمیں رکھتا ہے جسکا خیال — وہ ہی ہے معبود تیرا بد خصال
اسکو کردو نور وحدت سے جدا — یہ ابھی قابل نہیں اسکے ہوا
یہ فرشتے کہتے ہیں عالی نسب — کیوں رہا آداب حق سے بے ادب
یعنی ہو آداب حق ایسا بسر — جز خدا دلپر نہو جس سے اثر

حدیث شریف قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ امْرَءٍ لَا یَشْهَدُ فِیْهَا قَلْبُهٗ كَمَا یَشْهَدُ بَدَنُهٗ وَاِنَّ الرَّجُلَ عَلٰی صَلٰوتِهٖ دَائِمٌ لَا یُکْتَبُ لَهٗ عُشْرُهَا اِذَا كَانَ قَلْبُهٗ سَاهِیًا لَاهِیًا

دیکھ فرماتے ہیں یہ خیر الوریٰ — جسم و دل دونوں ہوں حاضر با خدا
یعنی جیسے تن کیا ہے قبلہ رو — دل بھی ویسے کر خدا کے روبرو
۵۳ کیونکہ وہ ہے بیحجاب و جلوہ گر — اس زمان ای بے خبر ای بے بصر

حدیث شریف فِی الْخَبَرِ اَنَّ الْعَبْدَ اِذَا قَامَ اِلَی الصَّلٰوةِ رَفَعَ اللّٰهُ تَعَالَی الْحِجَابَ بَیْنَهٗ قَاطِبَةً وَجْهَهٗ بِوَجْهِهٖ

وہ قریب و بیحجاب و تو ہے دور — پھر بھلا کب ہو نماز ای بیشعور
غور کر انصاف کر دلمیں ذرا — کیا پڑھا اور کیا لکھا تو نے بھلا
جلوہ گر تو دیکھ وہ محبوب ہے — تو خودی سے اپنی پر محجوب ہے
نور افشانی کریں سارے ملک — آفرین دیویں زمین و نہ فلک
سو سو جلوے خود کرے وہ با کرم — پھر بھی تو دیکھے نہ اسکو ایکدم
جب وہ فرماتا ہے تجلی بیت پرست — یعنی تو ہے بت پرست از خود پرست
یہ ہوا القاب پھر بھی بیخبر — نفس نے غارت کیا تجھکو بسر

اللّٰهُ اَکْبَرُ

ذبح اسکو کر تو تکبیر خدا — یعنی تکبیر یہ ہیں اے فتا
تن کو قربان کر تو ای مرد جلیل — مثل اسمٰعیل کے تا ہو خلیل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ہو تو بسم اللہ سے بسمل شتاب — تا شہادت کا ملے حق سے خطاب

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ

پھر کھڑا ہو کر تو پڑھ حمد و ثنا — یہ دعا کر حق سے پھر با التجا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

میرا دشمن سخت بد کردار ہے — یعنی شیطان مانع انوار ہے
گر نظر تجھ پر ذرا میرے اِلٰہ — تا نہ کر دے یہ نماز و نکو تباہ

جب کرے رحمت سے وہ تجھپر نظر
ماسوا حق کے نہو پھر کچھ اثر

حمد حامد مین فنا ہو یکجان
حمد ہو محمود مین پھر یکسان

حمد حامد محو با محمود ہون
عرض جوہر یعنے با مقصود ہون

دربیان نماز کامل کہ حاصل نمیشود مگر بتوجہ مرشد کامل

لیک شرط اسمین ہے ای نیکنام
چشم روشن ہو مگر کوئی امام

دیکھ فرماتے ہین کیا وہ مولوی
یعنے جو ہین مولوی معنوی

این نماز آمد سلوک معنوی
بے دلیل در نماز ست چون عمی

گرچہ حافظ باشد و چست و فقیہ
چشم روشن بر اگر باشد سفیہ

او پلیدی را نہ بیند در عبور
ہیچ مومن را مبادا چشم کور

کور ظاہر کا سنا تو نے بیان
کور باطن کا بھی سن لے ای جوان

کیونکہ اسمین تو مکلف ہے عزیز
اس حدیث مصطفےٰ سے کر تمیز

کیونکہ وہ تو کور اور معذور ہے
دیدہ و دانستہ تو تو کور ہے

جب یہ تیری ہو نماز با ادب
یاد رکھ اس بات کو عالی نسب

چون امام چشم روشن در صلوٰۃ
چشم روشن باید اندر پیش راہ

در شریعت ہست مکروہ ہی کیا
در امامت پیش کردن کور را

کور را پرہیز نبود از قذر
چشم باشد اصل و پرہیز و حذر

کور ظاہر در نجاست ظاہر است
کور باطن در نجاست اسیر است

وہ تو ہے معذور از طرف خدا
تو نہین معذور اس سے ای فتا

جبتلک تیرا نہین اسپر عمل
کور بہتر تجھسے اے مرد دغل

یہ حدیث مصطفےٰ ہے معتبر
اس سے کیون غافل ہے تو ای بیخبر

بغیر ارکان صلوٰۃ ظاہری و اخلاص دل نماز کامل نمیشود

حدیث شریف العِلمُ فریضۃٌ علیٰ کُلِّ مُسلِمٍ و مُسلِمۃٍ

دو طرح کا علم ہے تجھپر ضرور
حاصل اسکو کر اگر ہے ذی شعور

ایک بھی ہو ترک اینین سے اگر
پھر کہان تیری نماز اے بیخبر

کیونکہ ہے جسکے عقاید مین قصور
دین حق سے وہ بشر ہے سب سے دور

امر حق کر عشق سے ایسا ادا
جیسے ہو معشوق پر عاشق فدا

بلکہ زائد اس سے ہو تو اے حبیب
کیونکہ ایمان سے کرے یہ یہ نصیب

سب سے بدتر نہی دشمن ہے قوی
یاد رکھ اس بات کو ای متقی

ایک تو ہی علم ارکان صلوٰۃ
دوسرا اخلاص دل ای نیک ذات

بیشتر کر تو عقاید کو درست
بعد اسکے دین مین ہو چالاک و چست

کر چکے کامل عقاید جب جوان
بعد اسکے یاد رکھو اے نیکدان

پر حذر ہو نہی سے تو اسقدر
جیسے ہووی شیر سے بکری بدر

دشمن جان شیر گرچہ ہے جوان
دشمن ایمان نہین وہ بیگمان

دربیان علم دین یعنی تفسیر و حدیث و فقہ و علم تصوف کہ ہمہ لازم و ملزوم اند

آئے ہم اسپر کرین تجھسے بیان
یعنے جس سے راز مخفی ہو عیان

علم ظاہر کو تو کر دل کا رفیق
روح کا کر علم باطن کو شفیق

ایک تو ہی علم ظاہر مرد دین
دوسرا ہے علم باطن بالیقین

جب کھلے یہ سر حق تجھپر بسیر
علم باطن سے ذرا ہو با خبر

قال امام مالک مَن تَصَوَّفَ وَلَم یَتَفَقَّہ فَقَد تَزَندَقَ وَمَن تَفَقَّہَ وَلَم یَتَصَوَّف فَقَد تَفَسَّقَ وَمَن جَمَعَ بَینَہُمَا فَقَد تَحَقَّقَ

گرچہ ظاہر علم حاصل ہو عزیز
پر نہووے علم باطن کچھ تمیز

جان بغیر جسم کب پکڑے قرار
جسم ہو بیجان خراب اور نگار

یہ ہین دونون علم مثل جان و تن
ایک بن دونون ہون ناقص جانمن

جو نہ جانے اسکو حق ہی جانتے ہین
ہے یہ تمثیل شریعت ذی شعور

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ جس نے تصوف سیکھا اور فقہ نہ جانے وہ زندیق ہوا اور جس نے فقہ سیکھی اور تصوف نہ سیکھا وہ فاسق ہوا اور جس نے دونون کو سیکھا وہ محقق ہوا

علم ظاہر اور باطن سے بسر / شرع احمد ہے مرکب سر بسر
شرع دونوں سی مرکب اتقیا / ماسوا اسکے نہین مرد خدا
ایک بھی گر ترک ہو تجھ سے پسر / دین حق سے کچھ نہین تجکو خبر
علم ظاہر ہے سبب باطن کا دوست / علم باطن مغز اسکا ہی وہ پوست
علم ظاہر فخر دے انسان کو / علم باطن فخر دے ایمان کو
علم ظاہر سے گرے تو خاک پر / علم باطن سے اڑے افلاک پر
علم ظاہر مبدء کبر و حسد / علم باطن معدن نور احد
علم ظاہر موجب کبر و ریا / علم باطن دافع انکا ای فتا
دیکھ فرماتے ہین کیا ای بیخبر / یعنی حضرت مولوی والاگہر
علم باطن کیا ہی بس اخلاص دل / جس سے جاتا ہی خدا ہر اک سے مل
وہ ہی ہی علم خدا علم نبی / جس سے ہو مغلوب شیطان دنی
دیکھ فرماتی ہین حضرت مولوی / مثنوی مین اسطرح پیرا ای اخی
ماسوا اسکے نہ پڑھ تو ای پسر / تاکہ آوے نور حق تجکو نظر
فقہ کردی بند تیری گفتگو / تا عیان ہو خیر و شر پھر مو بمو
ایک جان ہی ایک تن ای بے نصیب / جان و تن بن انسیت کب ہو نصیب
جو کہ منکر ایک سے بھی ہی حبیب / وہ ہوا دونوں سے منکر بے نصیب
جسکو ظاہر ہو مگر باطن نہو / اسنے اپنی عمر دی ناحق ہین کھو
علم ظاہر سی ہو بس باطن درست / علم باطن سے ہو دل چالاک و چست
علم ظاہر نفس کو کر دے بقا / علم باطن نفس کو کر دی فنا
علم ظاہر سے ہو حاصل قیل و قال / علم باطن سی ہو حاصل وجد و حال
علم ظاہر علت دنیا و دین / علم باطن علت حق الیقین
علم ظاہر تجکو کر دے بس تباہ / گر نہ رکھے نور باطن سی نگاہ
علم گر بر تن زنی مارے بود / علم گر بر دل زنی یارے بود
جلتا ہی اخلاص سے نفس لعین / بھاگتا شیطان ہے اس سے حزین
ماسوی اسکے نہین علم و عمل / جو پڑھے اسکی سوا وہ ہی دغل
علم دین فقہ است و تفسیر و حدیث / ہر کہ خواند غیر ازین گردد خبیث
حذف ہو تفسیر کے پڑھنے سے یات / دے جلا دلکو حدیث ای نیکذات

دربیان اخلاص دل

لیک ہی اخلاص دل شرط ای پسر / کچھ نہ ہو اخلاص بن ہرگز اثر
دور کرتا ہی اسے عشق خدا / ماسوا اسکے نہین اسکی دوا
عشق ہی آب حیات ای بیخبر / گر نہو یہ موت ہی پھر سر بسر
عشق ڈالے ذرہ پر گر ایک تاب / دیکھ کر بیتاب ہووی آفتاب
عشق جتنے سب مرض ہوتی ہین دور / یاد رکھو اس بات کو ای ذیشعور
ہر کرا جامہ ز عشقی چاک شد / او ز حرص و عیب کلی پاک شد
جسم خاک از عشق بر افلاک شد / کوہ در رقص آمد و چالاک شد
ہر دلی کز عشق یزدان زندہ شد / از حیات معنوی پایندہ شد
کیونکہ دشمن تیری اندر ہی قوی / یہ نہ جاوے بن خلوص ای متقی
عشق افلاطون و جالینوس ہے / یہ دوائے نخوت و ناموس ہے
جسنے اسکا ایک بھی قطرہ پیا / وہ مسیحا کیطرح جیتا رہا
عشق کا پرتو پڑا جس خاک پر / خاک وہ اڑتی ہی پھر افلاک پر
مولوی کی گفتگو پر کر نظر / تاکہ ہووے عشق سے تجکو خبر
شاد باش ای عشق خوش سودای ما / ای طبیب جملہ علتہای ما
عشق جان طور آمد عاشقا / طور مست و خر موسی صاعقا

دربیان سوز دل

عشق کیا ہی سوز دل ہی ذی ہنر / نفس کو دیوی جلا یہ سر بسر
دیکھ ابراہیم کا تو سوز دل / رو برو جسکی تھی آتش آب و گل

سوز دل ہو دینی کا بس لیسر	جس سے آہن موم ہوتا ای بیخبر	سوز دل رکھتے تھے وہ خیر الانام	کفر کی ظلمت جلی جس سے تمام
ماسوا مطلوب کے ای مرد دین	سوختہ کردے یہ سبکو بالیقین	اسکو حاصل کر تو ای مرد خدا	تا جلے یہ نفس کافر بیحیا
جبتلک ہے نفس تجھپر ہی قوی	راہ حق ہرگز نہ پاوے گا ای اخی	دمبدم رکھتا ہے وہ تجھپر نظر	تا نہووے دین سے تو باخبر
جو پڑے انوار کی تجھپر جھلک	یہ نہ آنے دے اُسے اِس تجھ تلک	تو ہے غافل اسقدر اس سے عزیز	اسکی یہ یون ہے نہیں تجکو تمیز
جانتا ہے کیون یہ غافل ای لیسر	روز محشر ہے نہیں تجکو نظر	خوف حق سے گر ہو کچھ تجھپر اثر	نفس کیا تو خود نہووے ذی کسر
گر نہین دلمین ترے خوف و رجا	نور ایمان پھر کہان ای بیحیا	حقنے دی اسکو خبر ای نابکار	باوجود اسکے نہین تو ہوشیار

قوله تعالیٰ فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا كَثِيرًا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

خندہ کم کر گریہ زیادہ اے لیسر	تا کہ لطف حق سے ہو تجھپر اثر	خندہ سے مردہ ہو دل آی باتمیز	یہ حدیث مصطفیٰ ہے ای عزیز
دیکھ کیا وہ مولوی عالیجناب	مثنوی مین لکھ گئے باسوز و تاب	تا نہ گرید ابر کے خندد چمن	تا نہ نالد طفل کے جوشد لبن
با تضرع باش تا شادان شوی	گریہ کن تا کے دہان خندان شوی	کہ برابر ہے بند شاہ مجید	اشک را در وزن با خون شہید
زابر گریان باغ سبز و تر شود	وانکہ شمع از گریہ روشن تر شود	در پے ہر گریہ آخر خندہ ایست	مرد آخر بین مبارک بندہ ایست
طفل یکروزہ ہمی داند طریق	کہ بگریم تا شود دایہ شفیق	تو ہے نادان طفل سے زیادہ لیسر	گریہ کی تاثیر سے ہے بیخبر
	گر تو حاصل خوف حق عالیجناب	تا کہ ہووے نور حق سے فیضیاب	

دربیان پنجگانہ حضور کہ مومن را میسر میشود

پنجگانہ تو جو پڑھتا ہی نماز	مومنونکا حشر ہے ای بانماز	جب ادا کرتے ہین وہ اپنی صلوٰۃ	حشر برپا اُنپہ ہوا ہے نیک ذات
یعنے وہ دربار ہی قہار کا	سامنا ہی دیکھ وان جبار کا	صبح سے لے تا عشا و تا سحر	حشر کا میدان ہی یہ ای بیخبر
	ہے بجاے پرسش حق یہ خطاب	یعنے ہے وہ با صواب و با جواب	

قوله تعالیٰ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝

دیکھ فرماتا ہے یہ رب جہان	تیرا ہون ہر وقت محسن بیگمان	اسکے بدلے مین تو کیا لایا مجھے	مین نے مہلت دی جو دنیا مین تجھے
عمر اپنی صرف کی کس کام مین	اور رہا پابند تو کس دام مین	چشم روشن دی جو تجکو نور بین	وہ گنوائی کس جگہ ای خوردہ بین
عقل جو دی تھی تجھے بہر خدا	وہ تلف کس شے پہ کی ای بیحیا	حس جو دی تھین ہمنے تجکو پانچ جا	صرف کین کس کام مین ای نابکار
	جسکا دل ہوتا ہے حق سے کچھ رجوع	جب وہ کرتا ہی رکوع با خشوع	

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ

سر کو اپنے شرم سے وانپر جھکا	یون لگا کہنے کہ تو سب سے بڑا	پھر ہوا فرمان حق ای محترم	سر اُٹھا کر دیکھ تو میرا کرم

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَہٗ

سر اٹھاتا ہی یہ پڑھکر وہ بشر
یعنے سنتا ہو خدا تو سر بسر
حمد تیری دل سے کی جسنے ادا
نفس و شیطان سے لیا اسکو بچا

سر اٹھا کر دیکھتا گیا ہی جوان
نور وحدت جو نہان تھا ہی عیان

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

پڑھ کے پھر تکبیر بسمل ہو گیا
ہو کے بسمل جان سے اپنی کھو گیا

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

پھر کہا سجدہ مین سنو ای خلیل
تو جلیلو تھا جلیں ہی اے جلیل
ہو چکا اسکا تذلل جب تمام
پھر ہوا حق کی طرف سے یہ پیام

یعنے ہو کر ہمنشین تو دید کر
غرق ہو پھر نور مین تو سر بسر
دیکھ کر انوار یہ عالی نسب
یون لگا کہنے زبان سے با ادب

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوتُ وَالطَّیِّبٰتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْن

یعنے ہے سب تیری تجلو اله
مال کی ہون یا بدن کی یا شہ
پھر کیا اسنے نبی پر یون سلام
مہربانی حق کی ہو تمپر تمام

یعنے تمپر اور امت پر سدا
رحمت حق ہو سدا تمپر فدا

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

ہو کے لا پھر لا کیا حق کے سوا
جب ہوا اثبات حق اہی یا خدا
یعنے روشن چشم دل اسکی ہوئی
مٹ گئی پھر من و تو کی دوئی

قوله تعالیٰ حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی وَقُوْمُوْا لِلّٰہِ قَانِتِیْنَ ۝

ہے یہ آداب صلوٰۃ ای بے خبر
جسکے باعث سے مشرف ہو بشر
علم اسکا سیکھ ای عالی نسب
ہو شرف انسان کو از علم ادب

علم یہ اور وہ ادب ای ذی سیر
فرض یہ دونون ہین تجھپر سر بسر
ایک بھی گر ترک ہو تجھسے حبیب
تو اٹھے محشر مین اعمی بی نصیب

کیونکہ یہ صلوٰۃ ہی جاں وصال
گر نہو یان پھر کہان آئے خصال

قوله تعالیٰ وَمَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖۤ اَعْمٰی فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰی وَاَضَلُّ سَبِیْلًا ۝

دیکھ یہ فرمان حق ای مرد دین
یان جو اعمی وان بھی اعمی یا الیقین
جانتا کیا ہے نماز ای بیخبر
یعنے ہے معراج مومن سر بسر

شرط یہ مشروط اسکا وصل حق
پڑھ کسی عاشق سے جا اسکا سبق
لفظ ہے معراج کا اسپر دال
یعنے ہو وے وصل حق اس سے کمال

گر نہین ہی وصل حق اس سے بسر
پھر کہان معراج یہ اے بے خبر
یہ تو ہے معراج پر تو بے بصر
اسلیے تجکو نہین آتی نظر

اسم خوان ہی بے مسمی سے ہو دور
پھر بھلا ہو کسطرح تجکو حضور
یہ لکھا ہی بو علی نے اے حبیب
دیکھ گر ہو با نصیب اے بے نصیب

اسم گر خوانی مسمی را بجو
بے مسمی اسم کے باشد نکو
گر خدا خواہی خدا جوئی بکن
ور نہی جوئی مخوان اسم کہن

رو بہ قبلہ دل بدنیا ای مرید
پھر کہان تیری نماز اے نا سعید
گر نہین حق کی طلب اے بیحیا
دین مین اسکو ہی کہتے ہین ریا

اے مصلی گر ہے غافل از خدا
پھر یہ سجدہ کسکا ہی اب تو بتا
مست ہے یا سنگ ہے یا خاک آب
دے جواب اسکا مجھے تو با صواب

جو پڑھے کوئی بغیر حق صلوٰۃ
وہ ہی بیشک بت پرست اے نیک ذات

در بیان ریا

جو عمل ہے بے طلب معبود کے — وہ عمل ہے بار یا تو جان لے
جانتا ہے کیا ریا ہے ای جوان — یعنی یہ ہے شرک اصغر بے گمان
جسکے دلمین یہ ریا ہے ای حبیب — بت پرستون سی ہے وہ بے نصیب
پیر جی ہون یا کہ عالم ای پسر — خر سے بدتر ہین یہ دونون سر بسر
کیا ہوا اگر ہو گئی لاکھون مرید — اور کہے ہین انہین جو بایزید
وہ ہین شیطان یہ شیاطین لعین — خلق کو کرتی ہین حق سے بے یقین
صدق کو دین کذب سے اپنے چھپا — ہین یہ دونون اسقدر کے بیحیا
اس سے شوکت دین کی ہوتی ہے کم — کذب ہے گر اسمین تا ہے کوئی دم

در بیان پیر صادق

جب تلک حاصل نہو تجکو کمال — خلق سے بیعت نہ لے ای خوش خصال
اسکو کہتے ہین کمال ای نیکنام — ماسوا حق کے محبت ہو حرام
نور وحدت کا ہو دل پر یہ اثر — ماسوا حق کے نہ آوی کچھ نظر
جسکو دیکھے چشم دل سے ای حبیب — نور وحدت سے وہین ہو با نصیب
یا کہ دیوے درد حق جسکو عزیز — ماسوا حق کے نہو اسکو تمیز
جبتلک ایسا نہو تجھ مین اثر — تیری پیری مکر ہو گی سر بسر
دیکھ تو اسکو ذرا مرد خدا — مولوی روم نے یہ کیا لکھا
کار مردان روشنی و گرمی است — کار دونان حیلہ و بی شرمی است
لیک اسمین شرط یہ عالی گہر — ہو شریعت کی موافق وہ بشر
جو خلاف شرع ہو وہ کیا سعید — جانیو اسکو تو بس دیو مرید
یا طریقت کے مخالف ہو اگر — وہ نہین ہادی ہے دین کا سر بسر
پیر جی ہون یا کہ عالم بے نظیر — یہ نہین پیری کے قابل ای فقیر
گوش دل سے سن ذرا یہ گفتگو — کام آویگی خدا کے روبرو
راہ سنت ہے صراط المستقیم — راہ بدعت راہ شیطان الرجیم
دیکھ فرماتی ہین عطار ولی — گوش دل سے سن ذرا اسکو اخی
اہل بدعت شیخ سنت چون بود — رہ نہ دیدہ کے ترا رہبر شود
رہبر راہ طریقت او بود — کو بہ احکام شریعت میرود
دیکھ کیا لکھتے ہین شمس العارفین — یعنی مولانا کے مرشد مرد دین
باش ثابت در شریعت ای عزیز — تا حقیقت کشف گردد بر تو نیز

در بیان متصوفہ متقشف بے درد

یا کہ جو پابند صورت ہو بشر — وہ بتر اس سے ہے زاہد سر بسر
گر نہین باطن تو ظاہر سب خراب — دیکھ لے یہ تو حدیث با صواب
ظاہر و باطن ہو مثل جان و تن — وہ ولی اللہ ہے بیشک جانمن
ایک مین بھی ضعف گر ہو ای عزیز — وہ نہین پیری کے قابل بے تمیز
کیا لکھا عطار نے یہ اے حبیب — پڑھ ذرا دل سے کہ تا ہو با نصیب
آنکہ باشد دائما صورت پرست — دامن معنی کجا گیرد بدست
صد فسون و مکر دارد در درون — مخلص و صادق نماید از برون
مولوی نے بھی لکھا کیا دلپذیر — مثنوی مین اپنی دیکھو بے نظیر
جان یعنی درمین تن بخلاف — ہست ہمچون تیغ چوبین در غلاف
ظاہرش نغز است معنی نغز نے — جوز ہا بسیار در وی مغز نے
دانۂ بیمغز کے گردد نہال — صورت بیجان نباشد جز خیال

در بیان مرید شدن باحتیاط تمام و محترز شدن از صحبت نے اہل باطن

تو نہ پھنسنا دام مین انکے پسر — جھوٹی دیتی ہین جو خبر سر بسر
یہ نہین ہین مرغ قدسی آشیان — چغد ہین یا بوم یہ اندر جہان

قول یہ سن عارف باللہ کا ۔ نور دیکھا جسنے تھا اللہ کا
زانکہ صیاد آورد بانگ صفیر ۔ تا فریبد مرغ را زان مرغ گیر
بشنود آن مرغ بانگ جنس خویش ۔ از ہوا آید بیابد دام پیش
تو ہوا انکا مقید ذی سیر ۔ ہین یہ شیطان شکل انسان سر بسر
کیا ہوا گر ریش کی اسنے بلند ۔ ڈالی ہی اسنے ریا کی یہ کمند
پھانس لے اس سے سلیمونکو بسیر ۔ مولوی نی اسلیئے دی ہی خبر
حرف درویشان بدزدد مرد دون ۔ تا بخواند بر سلیمی آن فسون
ای بسا ابلیس آدم رو ہے ۔ پس بہر دستی نباید داد دست
جو ہوا انکا مقید ای حبیب ۔ نور وحدت سی ہوا وہ بی نصیب
یہ لکھا عطار نے اے باصفا ۔ گوش دل سی سن ذرا یہ برملا
ہر کہ باور کرد آن مکر و دروغ ۔ ماند از نور ولایت بیفروغ
گم شد و ہرگز بمنزل رہ نبرد ۔ در بیابان ہلاکت راز مرد
اشقیا از اولیا نشناختی ۔ دین و دنیا را از آن در باختی
رہزنان چون رہنما پنداشتی ۔ احمد و بوجہل چون ہم داشتی
ساختی دجال را مہدی و پیر ۔ خر عیسی چون ندانی ای فقیر
خود نہ بر ست او کہ شیطان رہ است ۔ از طریق رہ روان کی آگہ است
غول را کردی تصور رہنما ۔ تا کہ گشتی منکر اہل خدا
تو نہ جا نزدیک انکی ای عزیز ۔ تا کہ پاوی نور ایمان سے تمیز
انکی صحبت مار سے بھی ہی بتر ۔ یون لکھا ہی مولوی نی ای پسر
حق ذات پاک اللہ الصمد ۔ کہ بود از مار بد از یار بد
مار بد جانت ستاند ای سلیم ۔ یار بد آرد سوی نار جحیم
زہر قاتل می شمر صحبت بہ عام ۔ ہست صحبت را اثر تاکی تمام
جیسے قرب اولیا سے ہو ثمر ۔ ویسے قرب اشقیا سے ہو ضرر
یعنی حضرت مولوی با صفا ۔ دیکھ فرماتے ہین کیا وہ با خدا
صحبت صالح ترا صالح کند ۔ صحبت طالح ترا طالح کند

حدیث شریف للصحبۃ تاثیر

اس حدیث پاک پر کہ تو نظر ۔ تا کہ بد صحبت سے ہو تجکو حذر
انکی صحبت سے ہو حق سی بی نصیب ۔ انکی صحبت سے ہو حق کا تو حبیب

در بیان اقسام سالک

جستجو کر سالکون کی ای پسر ۔ تا کہ ہووے مرد دین حق سی باخبر
چار ہین اقسام سالک ای جوان ۔ یاد رکھ اس بات کو اے نیکدان
پہلا مجذوب سالک ای حبیب ۔ سب سے بہتر دین حق کا وہ طبیب
حق نے بھیجا ہی اُسے بس زود تر ۔ تا کرے مخلوق کو یہ باخبر
لیک مشکل سی میسر ہو یہ پیر ۔ یہ لکھا عطار نے سن اے فقیر
اولین مجذوب سالک مد است ۔ کو ز اول با خدا واصل شدہ است
حق فرستادش بسوی خلق زود ۔ تا کہ خلقان جہان را رہ نمود
سالہا باید فلک بر سر ۔ تا کہ پیرے این چنین پیدا شود
اسکو حاصل کر اگر ہی باخبر ۔ دیکھ دم مین کیا ہو پھر تجھپر اثر
سالک مجذوب ثانی ای حبیب ۔ محنتون سے جذب اسکو ہو نصیب
سالہا محنت کرے جب وہ جوان ۔ تب ہو قابل جذب کے ای نیکدان
یہ لکھا عطار نے ای ذی سیر ۔ چشم دل سے کر ذرا اسپر نظر
وان دوم از سالک مجذوب دان ۔ کو سلوکے کردہ باشد ہر زمان
در ریاضت در عبادت سالہا ۔ کرد سعی و گشتہ قابل جذب را
چون دلے او قابل انوار شد ۔ جان پاکش قابل اسرار شد
شاہباز جذبہ او را در ربود ۔ جان او شد محرم بزم شہود
تیسرا مجذوب مطلق ای پسر ۔ نور حق کے ماسوا وہ بیخبر
دائما حیران از عشق خدا ۔ عقل و دانش سی ہی وہ اپنی جدا

سلامت صحبت اثر ہونی کا

وہ ہوا ہی عشق حق سی بیخبر / غیر کا پھر کیا بھلا ہو راہبر
یہ لکھا عطار نے اے ہوشمند / ہوشمندونکی کیا اسکو پسند
پس سوم مجذوب مطلق می شمر / کوز تاب نور حق شد بیخبر
اور مستی گشت از خود بیخبر / دیگر انرا چون بود او رہبر
او چو مست بیخود و لا یعقل است / کردن تکلیف با وے باطل است
رہبری ناید ز مجذوبان یقین / اتفاق کاملان است این
رہ ز مجذوبان مجو ای پرہنر / اندرین رہ ہیچ نبود خیر خطر
گرچہ آن مجذوب انہ حق آگہ است / تابع مجذوب بیشک گمرہ است
چار ہین مجذوب سالک اے حبیب / عشق حقسے وہ ہوا ہے بے نصیب
عقل مطلق سی وہ کرتا ہی طلب / اسلیے واصل نہین وہ بے ادب
جو کہ تابع اسکا ہی اے مرد دین / وہ ہے منکر عشق حق سے بالیقین
در دحق سی کچھ نہوا اسکو خبر / بلکہ ہوا اس راہ حق سی دور تر
عام انسے بلکہ بہتر اے جوان / یہ ہی بہتر عام سے بھی بیگمان
یہ لکھا عطار نے اے متقی / جو کہ پیرو اسکا ہے وہ ہی غوی
چار ہین سالک اور مجذوب ہست / کو سلوکے کرد از ہستی برست
سالک از جذب چون واصل نشد / در طریقت لاجرم کامل نشد
سالک مجذوب خود آگاہ نیست / واقف این منزل این راہ نیست
از رہ منزل چو واقف نیست او / رہنمائی چون کند آخر بگو
چون نہ شد واصل نباشد رہنما / زو مجو چیزے چو ہست او پیشوا
اینچنین گستاخ گر تابع شوے / رہ نیابی عاقبت گردی غوی
انسے بچنا فرض ہی تجکو جوان / تا نہو تو عشق حق سی بدگمان
کیونکہ یہ ہین درد حق سی بے نصیب / بے نصیبونکو نہین ملتا حبیب

در بیان اطاعت پیر کامل گوید

گر تو چاہی وصل حق ای بیخبر / کاملونکا خاک پا ہو سر بسر
اس صفت کا گر ملے تجکو گدا / اُسکے اوپر جان و دل سی ہو فدا
سب سے ہو آزاد انکا ہو غلام / جب ملے دین کا مزہ تجکو تمام
جبتلک انکا نہ ہووے خاک پا / راز حق ہرگز نہ ہووے تجھپہ وا
یہ لکھا عطار نی ای بے شعور / پڑھ کے کر دل سی تکبر اپنی دور
منکہ دامن از جہان برچیدہ ام / عشق اہل دل ز جان بگزیدہ ام
منکہ دارم از ہمہ عالم فراغ / مہر کامل کردہ ام در سینہ داغ
منکہ از سیر دو عالم رستہ ام / بر در اہل دلان خاک درم
منکہ بر فرق سلاطین افسرم / پیش ایشان از گدایان کمترم
منکہ عرش و فرش کردم زیر پا / میکنم از خاک ایشان توتیا
منکہ آزادم ز قید ہر چہ ہست / پیش ایشان گشتہ ام چون خاک پست
منکہ از دنیا و عقبے فارغم / در سپہر وصل چون مہ پارہ ام
روی می مالم ز عجز و افتقار / دائما بر آستان این کبار
خوشہ چین خرمن اہل دلم / خاک راہ کاملان منزلم
انکے ظاہر پر نہ کر ہرگز نظر / نور باطن انسے حاصل کر بسر
یعنی ظاہر سے بری ہے انکی چال / پر نہین واقف ہی تو انکے خصال
انکے ظاہر مین اگر ہو کچھ خلل / تو نہ کرنا اُسپہ کچھ ہرگز عمل
دیکھ فرماتے ہین کیا وہ اے عزیز / یعنی حضرت مولوی پیر تمیز
ملت عشق از ہمہ دینہا جدا است / عاشقانرا ملت و مذہب خدا است
وسوسہ بد دے جو شیطان لعین / دلمین تیرے اسکا کچھ اے مرد دین
خضر و موسی کا تو قصہ پڑھ عزیز / تا کہ ہو اس راز سے تجکو تمیز

قولہ تعالیٰ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا ۝

تیری نیکی ہے بدی انکی حبیب / فرق یہ ہے یاد رکھ اے بے نصیب
دیکھ تو یہ مولوی نے کیا لکھا / پڑھ ذرا اسکو تو اے مرد خدا

ت کہا مجھ مین اور تجھ مین جدائی ہے اب مین بتا دونگا تجکو معنے ان باتون کے جنپر تو صبر نہ کر سکا ۱۲

طاعت عامہ گناہ خاصگان ؎ وصلت علمہ حجاب خاصہ دان
عام را باشد نظر بر فعل و اسم ؎ پیش خواصہ محو گردد وصف و اسم
عام را با شیشہ بنقش و نگار ؎ خاص را با روشنی گردد قرار
گر نظر در شیشہ داری گم شوی ؎ زانکہ در شیشہ ست اعداد دوی
مولوی کی سن نصیحت ای پسیر ؎ اولیا کا جیب ہو منظور نظر
خاک شو در پیش شیخ با صفا ؎ تا ز خاک تو بروید کیمیا
ہیچ نکشد نفس را جز ظل پیر ؎ دامن آن نفس کش را سخت گیر
چون بگیری سخت آن توفیق ہوست ؎ در تو ہر قوت کہ آید جذب اوست

در بیان صفت مجذوب سالک

اب تو سن مجذوب سالک کا بیان ؎ تا کہ تجھپر نیک و بد سب ہو عیان
یعنی وہ مجذوب سالک کی سیر ؎ جسکی صحبت سے ہو جذب اول بسیر
بعد اسکے ہو سلوک ایسا جوان ؎ ماسوا حق کے ہو وہ سب پر نہان
یان تلک پوشیدہ ہوا دی سیر ؎ قدسیون کو بھی نہ ہو اصلا خبر
منتہی کا ہی یہ جذب انگیخت ؎ یہ طریقہ سب طریقو سنی سخت
حکم اسکو ہی کہ رہ سب سے بہم ؎ پر نہ ہو وے عشق سی باہر قدم
یعنی ہو مخلوق مین جون جان تن ؎ جان ہو حق کیطرف ای جانمن
جسکا یہ ہی حال ای عالی گہر ؎ صحبت بد سے نہین اسکو خبر
حق نے بھیجا اسلیے اسکو شتاب ؎ تا کہ ہووی خلق اس سے فیضیاب
جسکو ایسا ہو سلوک ای مرد دین ؎ وہ گدا ہی عشق کا شہ بالیقین
اسکی صحبت سے ہو جذب ای با خدا ؎ پر عبادت پیری صادق ہو ذرا

قولہ تعالی إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ

بے ارادت کی نہین ہوتا اثر ؎ انبیا کی کر ہدایت پر نظر
یعنی ہو اخلاص مرشد سی تمام ؎ جب تجھی ہو جذب حق کے انکا نام

در بیان اقسام جذب

دو طرح کا جذب ہی ای نیکمرد ؎ جسکو یہ حاصل ہو وہ عالم مین فرد
ایک تو ہی خاص دیگر عام ہی ؎ خاص ریس عام کا انجام ہی
عام کہتے ہین اسی عالی گہر ؎ جسکو نسبت پیر سے ہو سربسر
خاص یہ ہی یاد رکھ عالیجناب ؎ نسبت احمد سے جو ہو فیضیاب
نسبت پیر اسکی ہی لیکن خلاف ؎ یعنی نسبت احمدی کی بی اختلاف
جسکو نسبت پیر کی ہو بو الفضول ؎ ہی وہ عین نسبت ذات رسول
نسبت احمد احد کی ہی بسیر ؎ عرض یہ جو ہر وہ ہی ای بیخبر
مخزن نسبت ہے مرشد کی حبیب ؎ اسکو حاصل کر اگر ہے با نصیب
جس سے نسبت تجکو ہو ای نیکدان ؎ یاد رکھ وہ ہی ہی نسبت بیگمان
اس مثل کو سن ذرا ای خوش خصال ؎ اسمین لکھتا ہو مین اک عابد کا حال

در بیان زاہد خشک و زن فاسقہ کہ آخر کار ہر دو کامل شدند

اک گدا پڑھتا تھا صحرا مین صلوٰۃ ؎ وقت مغرب کے سنو ای نیک ذات
زن وہان آ نکلی اک ای سعید ؎ پار کھا اسنے مصلے پر پلید
دیکھ یہ زاہد ہوا زن سی خفا ؎ اور کہا زن سے کہ سن ای بیحیا
مین ادا کرتا تھا یان فرض رب ؎ تونے پار کھا یہان کیون بے ادب
سنکے یہ زاہد سے زن نے کھینچی آہ ؎ یہ کہا کتنے ہو کیا ہادی راہ
فسق کی نیت سے جاتی تھی چلی ؎ تجکو دیکھا نہ مصلے ای تقی
فسق نے دلبر کیا تھا یہ اثر ؎ تن بدن کی کچھ نہ تھی مجکو خبر
حیف ہی صد حیف تجپر ای گدا ؎ تو نماز حق مین دیکھے جز خدا
سنکے زن سے یہ نصیحت پر اثر ؎ گر پڑا زاہد زمین پر بے خبر
بیخبر تھا پر یہ کہتا کردگار ؎ نور وحدت زن پہ کر دی آشکار

یہی مرشد ہین بس اسکا ہون مرید / تو دکھا اسکو خدا راہ سعید
یعنے اپنا عشق دے اسکو خدا / دمبدم جس سے ہو تجھپر یہ فدا
التجا زاہد کی حقنے کی قبول / زن گئی افعال بد سب اپنے بھول
عارف حق وہ ہوئی ایسی عزیز / ما سوا حق کے نہ تھا اسکو تمیز
جب ہوا زن کا یہ رتبہ ای پسر / دیکھ کر زاہد کو زن نے آہ بھر
یون کہا ای خالق کون و مکان / ظاہر و باطن ہے تجھپر سب عیان
اسکے باعث سے کیا مجکو قبول / کر قبول اسکو خدا بہر رسول
یہ ہوا زن کی دعا کا پھر اثر / ہو گیا زاہد بھی عارف باخبر
حق پسندی حقکو ازبس ہے پسند / یاد رکھ اس بات کو اے ہوشمند
راست گوئی سے یہ رتبہ ای سلیم / زن کو حاصل ہو گیا ازبس عظیم
حق پسندی سے نہ ہو غافل عزیز / مثل زاہد تا کہ ہو تو باتمیز
یہ پسند حق ہین دونون اے حبیب / جو کہ خالی ان سے ہے وہ بےنصیب
خود پسندی شیوہ شیطان ہے / کذب گوئی غارت ایمان ہے
یہ ہین دونون فعل بد ای بلید / کر دیا لاکھون کو غارت اے سعید
تو نگہبان اسکا رہ ہر روز و شب / مثل شیطان تا نہو تو بے ادب
زن نمط بےخود ہو نسبت مین فنا / جب سے تیری ہو نماز ای باخدا

در بیان صلوۃ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ

دیکھ سفیان کو کہ پڑھتے تھے صلوۃ / شام کی مسجد مین سن ای نیک ذات
جبکہ پہونچے لستعین پر ای پسر / گر پڑے بیتاب ہو کر بےخبر
جبکہ فارغ وہ ہوے عالیجناب / انسے پوچھا ایک نے ای فیضیاب
کیون گرے بیتاب تم ای باصفا / بھید اسکا دو ذرا مجھکو بتا
پھر یہ سفیان نے کہا ای بےخبر / روبرو حق کے نہ ٹوٹے کیون جگر
وان کھڑا کہتا ہون حق سے با ادب / بس ہے مانگون ہون تجھسے روز و شب
گر یہ فرما دے خدا ای کذب گو / پھر امیرون سے کری کیون جستجو
کیونکہ تو پابند ہے تدبیر کا / کیون نہ تو شاکر رہا تقدیر کا
یہ تصور دل مین جب آیا پسر / شرم سے اسکے گرا مین خاک پر
سن چکا غافل یہ اب تو گفتگو / ترک کر حق کے سوا سب کو تو تو
جب حضور دل ہو حاصل ای پسر / ورنہ کیا ہے نان و حلوہ بےخبر
دیکھ تو یہ کیا لکھا ہے آشکا / مولوی روم نے اے نابکا
تا نمی سازی ز خون دل وضو / کے نماز عاشقان آید ز تو
ایکہ ترک تن بود اصل نماز / ترک خویش و ترک فرزندان نماز
می نیرزد آن نماز او دو جو / آنکہ با اغیار دارد دل گرو

قولہ تعالیٰ اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ ۵

ہر گھڑی ہر لحظہ رکھ حق سے نیاز / جب ادا ہو ہیگا نہ یہ نماز
دمبدم جسکو نہو حقکا حضور / پھر کہان اسکی نماز ای ذی شعور
کیونکہ غفلت مین کہو یار ذرہ شب / پھر خیال اسکے بھلا آتا ہو کب
اسلیے لازم ہے تجکو ای پسر / حق سے کوئی دم نہو تو بےخبر
دیکھ فرماتے ہین یہ حضرت نبی / گوش دل سے سن ذرا تو اجی
چشم میری بند دل بیدار ہے / یعنے یہ دل خواب مین ہشیار ہے
تیری بیداری ہے سونے سے بتر / خواب کا کیا ذکر ہے اے بےخبر
اس حدیث مصطفیٰ سے ای زبون / صاف ثابت ہے صلوۃ دائمون
جب نماز ہیگانہ ہوا ادا / بہتر اسکو ادا کر باخدا
مولوی روم نے اے بےخبر / کیا لکھا ہے دیکھ تو یہ پر اثر
صاحب ایمان ہمان باشد ہمان / کو نباشد غافل از وی یکزمان
بس ترا یاد کسی ہر دم سجود / عارف از وی یکزمان غافل نبود
ہر سرے کو سجدہ سبحان نہ کرد / حق مرا و را صاحب ایمان نکرد
جب تلک ایسی نہین پڑھتا نماز / پھر کہان تیری نماز ای حیلہ ساز

بے شک مین تو وہ خدا ہون کہ جسکے سوا کوئی معبود نہین تو میری عبادت کر اور میری یاد کیلئے نماز پڑھ پارہ ۱۶

	در بیان مذمت خیال الفت ماسوے حق		
دلمین تیری یہ مرض ایسا پلید	حشر تک چھوڑیگا تجکو ہی صعید	دلمین تیرے جسکی نسبت ہو کمال	حشر اسکے ساتھ ہوگا ذی خصال
	حدیث شریف یحشر الناس یوم القیمۃ علی نیاتہم		
یہ حدیث مصطفے ہے ای جوان ہرچہ در دنیا خیالت آن بود	حشر ہو نیت پہ تیری بیگمان تا ابد راہ وصالت آن بود	مولوی روم نے لکھی ہی بسیر جز خدا کچھ فکر مت کر اے بسیر	کیا لکھا ہے دیکھکر ہو باخبر یہ کریگی خوار تجکو سر بسر
	در بیان کشت آخرت		
دل ترا ہی کشت مرشد کاشتکار بیل ہین اس کشت کے ای نیکدان ہی بجا تخم نام ذوالجلال جب یہ کامل تیری ہووے کشت زار برق سے خرمن کو رکھنا تو بچا کیونکہ دشمن اسکے ہین لاکھون جوان جبتلک انکی نہین کرتا دوا اول ایجان دفع شر موش کن یعنے وہ دل جوہر جان ایجوان یہ ہے پھر ہر رگ مین تیری مثل خون	جو وہ بووے وہی نکلے ہو شکار یعنے تنہائی و بیداری جوان کشت دلمین سکو بوئے باکمال عجز کے آلہ سے کاٹے ہو دی شعار برق یعنے شرک ہے ای باخدا بے نگہبانی نہ چھوڑین بیگمان کشت تیرا ہے خراب ای باخدا بعدازان در جمع گندم خوش کن وان نہین موشون کا ہرگز کچھ نشان پر نہین دلمین گذارہ ذو فنون دیکھ فرماتے ہین عطار ولی	عشق ہے اس کشت کا بونا بسیر ہی بجائے چاہ چشم اشکریز ہین بجائے پاسبان طاہر عمل لا کے میدہمین نور کو خرمن ببر جب نکالے خوشہ سے دانہ عزیز بند کر غلہ کو اُسجا ہوشمند دیکھ فرماتے ہین کیا وہ باصواب جانتا ہی وہ مکان اے بیخبر موش کیا ہی جانتا ہے اے حبیب کیونکہ اسمین نور حق ہے آشکار گوش دل سے سن ذرا اسکو اخی	ہل ہے اسکا فکر جو ہو ذی ہنر ہے بجائے شانہ شاہد رستخیز گر نہون یہ کشت مین آوی خلل دی ہوا اثبات کی پھر سر بسر پھر نگہبان اسکا رہے آباتمیز جس جگہ پہونچے نہ موشون کا گزند یعنے حضرت مولوی عالیجناب جس جگہ پہونچے نہ موشون کا ضرر یعنے شیطان لعین بے نصیب ہو گریزان دیکھ شیطان نابکار
	در بیان اوصاف دل		
دل چہ باشد غیر نفس ناطقہ کس چہ داند قدر دل جز اہل دل مقصد و مقصود خلوت این دلست ہمچنین دل را تو از عارف طلب دل یہ کیا ہی شاہد مقصود ہے دل یہ کیا ہی مرآت اہل دلان	آنکہ از حق تافت بیرو ہی یار قبا نیست دل را نسبتے با آب و گل ہرچہ میخواہی ازین دل حاصلست دل بجو زین جام اے بی ادب دل یہ کیا ہی ساجد و مسجود ہے دیکھتے ہین نور حق اسمین عیان	دل بمعنی جوہر روحانی است اہل دل شو اہل دل شو اہل دل ہرچہ عارف داند از دل خندہ است بے تعلم حق دہد او را علوم دل یہ کیا ہی مخزن اسرار ہے دل یہ کیا ہی جام جم اہل بصر	دل نہ از جسم است نے جسمانی است ورنہ ہمچون خر فرومانی بہ گل از کتاب و فی رسی سست فتادہ است علمہا بے برتر از درک و فہوم دل یہ کیا ہے مطلع انوار ہی نیک دیدہ آتی ہے سب اسمین نظر
	حدیث شریف قلوب المؤمنین عرش اللہ تعالی		

دلکو فرمایا کہ ہی عرش خدا — صاحب لولاک ذات باصفا
دل ہوا ہی خاک از عشق خدا — آئینہ دل لیتی ہین اس سی جلا
دل نہین ہی یہ بحر بے کنار — درو حدت اسمین رخشان بیشمار
عرش و کرسی ہفت اقلیم دگر — اسکے اندر دیکھ لی ای بے خبر
دل نہین ہی لحم و شحم و گوشت پوست — دل ہی وہ حاصل ہو جس سے بوئے دوست
دو صفت سے خاص ہی موصوف دل — کیجیو سچا تمیز اے اہل دل
یا کہ ناظر یا کہ وہ منظور ہے — وہ نہین دل جو کہ اس سے دور ہے
کیا لکھون دلکو بھلا اے مشت خاک — گوش دل ہی گر سنے ہو سینہ چاک
یعنے فرماتی ہین کیا وہ باخدا — مثنوی مین مولوی باصفا
دل گذرگاہ جلیل اکبر است — کعبہ بنگاہ خلیل آزر است
دل بدست آور کہ حج اکبر است — از ہزاران کعبہ یکدل بہتر است
سن ذرا عطار کی یہ گفتگو — تا کہ واقف اس سے ہو از شت خو
دل چو شد برباد غیر او حرام — گر بدل بی او بود بیت الحرام
درد حق ہی جان دل ای اہل دل — پر نہین واقف جو خود ہی آب و گل

دربیان درد حق کہ از قرآن ثابت است

یون کہو ہاتھونکو تم کرکے دراز — از طفیل مصطفے اے کارساز
ایسی آتش کر مری دلمین نہان — ہو اگر ظاہر جلے کون و مکان
آہ جب نکلی تو ہو سب کو خبر — کوہ تڑپے گر پڑے میری نظر
بیقراری سی مجھے ہو بس قرار — فضل سے ہو وصل ای پروردگار
سوز و درد خاص ہو افسردگی — زندگی عاشق کی ہو پژمردگی
اسقدر دے سوز دل پروردگار — چشم دل سے خون ہی لیل و نہار
کیونکہ حاصل جسکو تیرا درد ہے — دو جہان مین وہ بلا شک فرد ہے
باعث ایجاد عالم ہے یہ درد — سرفرازی بخش آدم ہی یہ درد
جسکا دل با درد ہو عالی نسب — اس سی ملتے ہین فرشتے با ادب
جو کہ دل وابستہ ہی اسکی کلید — درد ہی یہ درد اے مرد سعید
جسکو درد حق نہو خالی گہر — وہ نہین ہرگز بشر اے باخبر
جو کہ ہی بیدرد وہ حیوان ہی — گرچہ ظاہر شکل مین انسان ہی
درد ہے اخلاص حق از بس لطیف — تو نہین واقف ہی اس سے ای کثیف
یہ سخن با درد سن عطار کے — عاشق صادق کہو وہی ستار کے
ذرہ درد خدا حاصل ترا — بہتر از ہر دو سرا حاصل ترا
ذرہ عشق از ہمہ آفاق بہ — ذرہ درد از ہمہ عشاق بہ
درد حاصل کن کہ درمان درد تست — درد و عالم دارد و جان در درد تست
درگذر از زاہدی سادگی — درد باید درد کار افتادگی
ہر کہ را درد نیست درمانش مباد — دانکہ درمان خواہد و جانش مباد
مولوی فرماتی ہین اے باخبر — اس کلام آتشین پہ کر نظر
آتش است این بانگ نای و نیست باد — ہر کہ این آتش ندارد نیست باد
درد سے انکار جسکو ہی وہ خر — بلکہ بدتر اس سی ہے وہ بد گہر
یہ لکھا عطار نے کیا ہے عجب — دیکھکر انسان کو ہو گر تاب و تب
حق ہمیگوید کہ انسانیج المثل — ہمچو گاو است و چو خر بل ہم اضل
ردہا سفل دارد و چون گاو خر — نیستش کاری بغیر از خواب و خور
بے نصیب فیض کملست آن گروہ — غافل از ارباب حال است آن گروہ
مولوی کے سن تو یہ طرز کلام — دیکھ کیا ہوتا ہی ثابت نیکنام
بر محمدؐ چون ابوبکرؓ نکو — دید صدقش گفت ہذا صدق وغ
چون نبودہ بوجہل اصحاب درد — دید صد شق القمر باور نکرد
نقص یہ تھا بوجہل مین اے پسر — اسلیے دین سے رہا وہ بے خبر
یعنے تھا بیدرد وہ زشت پلید — کسطرح ہوتا بھلا پاک و سعید
سن حقیقت درد کی ای جان من — تا نہو با درد پر تو طعنہ زن
یہ کلام پاک رب دو جہان — گوش دل سی تم سنو ای مومنان

قوله تعالیٰ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ

جبکہ سنتے ذکر حق ہیں مومنین / خوف حق ہوتا ہے دل پر جانشین

قوله تعالیٰ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتَابًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ

پاک کرتے ذکر حق ہیں با حضور / دلکو اُس سے ہوتا ہے انس و سرور

یعنے ہستی نیست ہوتی ہے عزیز / ماسوا حق کی نہیں رکھتی تمیز

جانتا ہے نیستی کیا ہے بسیر / غیر حق یعنے نہو دل پر اثر

دربیان سبب جذب اہل حق

جسگھڑی ہو اس اثر کا کچھ ظہور / نفس عاجز روح ہووے پُرشعور

لیک تن سے ہی جانکو نسبت ہے بسیر / اس سبب سے وہ ہے عاجز سخت تر

یعنے جان ہے پاک چاہے پاک کو / تن بجنس ہے خاک چاہے خاک کو

تنکی خواہش ہے بچھوڑوں جا خاک / جان کی خواہش ہے ملوں با اصل پاک

تن یہ کہتا ہے نجاؤں عرش پر / جان یہ کہتی ہے رہوں کیوں فرش پر

جان و تن میں یہ نزاع تو ہے سدا / مقتضا ہر اک کا دائم اور ہے

قوله تعالیٰ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ

جان یہ کہتی ہے کہ میں ہوں امر رب / میں مقید آب و گل کی ہونگی کب

تن یہ کہتا ہے کہ میں ہوں آب و خاک / تو کہاں اور میں کہاں اے اصل پاک

پر نچھوڑونگا تجھے اے نیکنام / تجھ سے روشن ہے مرا خانہ تمام

قید تن سے جان بنی ہے مبتلا / تا کہ حاصل ہووے اسکو مدعا

کھینچتا ہے اسکا تن اپنی طرف / اس سبب سے جانکو ہوتا ہے شغف

اس تخالف کے سبب سے عاشقین / دست و پا کو مارتے ہیں بر زمین

مولوی کا یہ کلام اہل دل / ہے اسی مضمون پہ بیشک مشتمل

روح می بردت سوے چرخ برین / سوے آب و گل شدی در اسفلین

اسقدر ہیں سستے پا زن خاک پر / شور و غل پڑجاتا ہے افلاک پر

مولوی فرماتے ہیں آگو روکر / مثنوی میں اسطرح پر کر نظر

جسم بر خاک است و جان بر لامکان / لامکان ہے فوق وہم سالکان

لامکانے نہ کہ در وہم آیدت / ہر دمے در وی خیالے زایدت

کز نیستان مر مرا ببریدہ اند / از نفیرم مرد و زن نالیدہ اند

در دسے تر ہیں جو انسان خاکپر / رشک سے روتے ہیں ملک افلاک پر

یہ لکھا عطار نے سن اے حبیب / قدسیونکو یہ نہیں رتبہ نصیب

قدسیان را عشق ہست و درد نیست / درد را جز آدمی در خورد نیست

درد اسکو کہتے ہیں اہل عقول / ماسوا اسکے نہیں سن اے جہول

جاہلوں کے قول پر مت کر نظر / حاصل اسکو کر اگر ہے باخبر

سن امام اولیا عطار سے / مانگتے تھے یہ سدا ستار سے

کفر کافر را و دین دیندار را / ذرۂ درد دل عطار را

دیکھ فرماتے ہیں مولانا روم / قدر کب جانے ہے اسکی جغد و بوم

اے خنک چشمیکہ آن گریان اوست / وی ہمایون دل کہ آن بریان اوست

دربیان جذب کہ بغیر محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیچ فائدہ نکند

ہو مگر جو شرع احمد کا نشاں / درد اسکا راست ہے با وقار

جو خلاف آنجناب پاک ہے / درد اسکا سر بسر سب خاک ہے

قولہ تعالیٰ ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ

جو فدا انکا وہ مولا کا فدا — پڑھ اطاع اللہ فرمان خدا
جسنے کی انسے محبت اے حبیب — نور وحدت ہوگیا اسکو نصیب

جس زمین پر نقش ہوں انکے قدم — اسکو چومیں سب ملائک دمبدم
ہوئے جسجا پر لکھا حضرت کا نام — اولیا آنکھیں ملیں ہر صبح وشام

حب احمد سے ہی ہے وصل خدا — کیوں نہیں ہوتا دلا انپر فدا
مصقلہ ہے دلکا حب مصطفےٰ — بے محبت کے نہو دل پر جلا

جسکو حب مصطفےٰ حاصل نہیں — بالیقیں وہ ہے لعیں وہ ہے لعیں
گرچہ وحدت کا کرے سو سو قرار — بے محبت کے نہیں ہوتا شمار

حدیث شریف لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین

جب انکی شرط ایمان ہی پسر — ہے یہ مضمون حدیث معتبر

حدیث شریف من رأنی فقد رأی الحق

من رانی کو تو پڑھ دلسے عزیز — جب تجھے ہو شان احمد سے تمیز
ہے وہ بے نسبت نہو ش سے شعو — کیونکہ حائل ہیں ترے دلکے خطور

یہ خطور دل نہ جائیں ہیں اے حبیب — جبتلک کامل ہو نسبت نصیب
لیک نسبت تیں ہیں انیا زمیں — جسکو حاصل ہیں وہ ہی مرد دیں

ایک بھی گر ترک ہو تجھسے حبیب — نور وحدت سے رہے تو بے نصیب
انکو لاوے جب بجا جی جان سے — پھر تو پاوے کچھ مزا ایمان سے

ماسوا اسکے نہیں ہے ما حصول — جو کرے اسکے سوا وہ ہے فضول
چوب کو بھی دیکھ نسبت با رسول — ہجر سے روئے وہ مثل ذی عقول

دربیان ستون چوب حنانہ

تھا ستون چوب حنانہ بنام — اس سے لگ کر بیٹھتے خیر الانام
ہجر سے حضرت کے رویا اسقدر — جیسے روئے طفل بے مادر پدر

سسکیاں بھر بھر کے کہتا ہیں فدا — یا نبی اللہ نہو مجھ سے جدا
جب ستون چوب کو یہ درد ہو — حیف ہے انسان کو گر تو سرد ہو

چوب میں تاثیر ہے اتنک پسر — مولوی کے قول پر کر تو نظر
بشنو از نے چون حکایت میکند — و زجدائیہا شکایت میکند

والئے بدتر چوب سے ہم ہیں پسر — جنس سے اپنی نہیں ہمکو خبر
خاص نسبت سے ہیں انسے سلیم — بحر وحدت کی جو ہیں در یتیم

باوجود اسکے نہیں ہم میں اثر — جیسے رکھتی چوب ہے عالی گہر
کیونکہ جب بو تجھا نبی نے اے ستون — چاہتا کیا ہے بتا اے ذوفنون

تب کہا اسنے کہ ہوں سب سے جدا — اور بقا ہوں ما بقائے مصطفا
دیکھ ہمت چوب کی اے بے بصر — ہوگئی طالب بقا کی سر بسر

گر نہیں نسبت تجھے با مصطفےٰ — تو ہے بدتر چوب سے اے بیحیا
لیک اسمیں نکتہ ہے باریک تر — یاد رکھ اس بات کو عالی گہر

یعنی طاعت اور محبت اور ہے — گرچہ ظاہر سب کا ایک ہی طور ہے
یا کہ قولی یا کہ فعلی اے پسر — بے محبت ذات کے سب بے اثر

یہ محبت کی ہے صورت اے حبیب — جانسے لیکن یہ صورت ہے نصیب
یہ ہیں دونوں سب سے نوافل فنا — گر نہیں نسبت تجھے با مصطفا

اسکو پیدا کر اگر ہے ذی شعور — جب تجھے ہو نور وحدت سے حضور
دیکھ حنانہ کو تھا عشق رسول — ہجر سے رویا وہ مثل ذی عقول

دیکھ تھا یعقوب کو یوسف کے ساتھ — رو رو دی دھوئے بینائی سے ہاتھ
دیکھ تھا صدیقؓ کو با مصطفےٰ — جان و مال اپنا کیا انپر فدا

دیکھ تھے عاشق عمرؓ عالی وقار — کر دیا بیٹے کو سنت پر نثار
دیکھ تھا عثمانؓ با علم و حیا — قتل تک وہ عاشق احمد رہا

جو اطاعت کرے رسول کی وہ مطیع ہے اللہ کا

دیکھ تھے حضرت علی والا گہر جان جانے پر نہ کی کچھ بھی نظر
دیکھ تھے حضرت بلال ذی عقول جان دیگر کی قدمبوسی حصول

حکایت حضرت بلال رضی اللہ عنہ

گوش دل سے یہ حکایت عجیب تاکہ ہووے درد دل سے با نصیب
اک صحابی تھے والا تبار نام تھا انکا بلال باوقار
عاشق احمد وہ والا شان تھے جان و دل سے اپنے وہ قربان تھے
کوئی دم حضرت سے ہوتے گر جدا سرزمین پر مارتے وہ جابجا
اسقدر نسبت تھی انکو با رسول گوش دل سے سن ذرا ای بوالفضول
بعد وصل رحمۃ للعالمین آئے زیارت کو لئے وہ مرد دین
جب پڑی انکی مدینہ پر نظر گر پڑے بیتاب دل سے آہ بھر
خاکمیں غلطاں بگریہ با درد و غم یہ ندا کرتے تھے اے شاہ امم
ہیں تری نعلین میری نور عین دیکھنے سے جنکی عشاقونکو چین
دی دکھا مجکو ذرا میرے حبیب آنکھ کو اس سے ملوں ہیں نصیب
دیجئے اپنے کف پا کو دکھا تا کروں میں جان و دل اسپر فدا
کہہ کے یہ پھر رو اٹھا وہ بھر کے آہ کسطرح حاصل ہوے امت پناہ
میری قسمت ہے کہاں ایسی بھلا تیری نعلینو نپہ ہوں جانسے فدا
گفتگو یہ کر کے با سمت مزار بس رواں واں سے ہوا با چشم زار
جبکہ وہ پہونچا مزار پاک پر گر پڑا بیتاب ہو کر خاک پر
آب بن ماہی ہو جیسے بیقرار اسطرح سے وہ تڑپتا دلفگار
دیکھکر یہ حال اصحابی تمام گرد و پیش اسکے ہوئے سب خاص و عام
کوئی کہتا ای بلال دردمند صبر کر اسجا یہ تو اے ہوشمند
کوئی کہتا ای بلال ذی شعور کیا چلا تو بھی پیمبر کے حضور
کوئی کہتا اے بلال پر اثر حال سے اپنے ذرا دے تو خبر
تب لگا کہنے یہ وہ اندوہگیں کچھ نہ پوچھو حال ای اہل یقین
کیونکہ جل جاوے زمین و آسمان گر کروں میں سوز دلکا کچھ بیان
تین دن روتا رہا وہ پر ملال پھر گیا مسجد کو وانسے باکمال
بیشتر تھا وہ موذن نامدار بانگ پر جسکے ملک تھے جان نثار
جب گئے مسجد میں یاروں نے کہا بانگ اب پھر دیجئے بہر خدا
وہ زمانہ پاک جسمیں تھے رسول آج پھر ہمکو سر نو ہو حصول
کہہ کے یہ سب رو اٹھے ای مصطفا وصل اپنا دیجئے بہر خدا
زندگی ایسی ہے تم بن اب خراب ناریونکو بھی نہوگا یہ عذاب
جیسے تم پوشیدہ ہو شمس جمال ماہ کے مانند اپنا ہے زوال
کوئی پرساں ہی نہیں ای درد کا کوئی پرساں ہی نہیں اس وجد کا
گفتگو کرتے تھے جب یہ ہمدگر شق جگر ہوتے تھے انکے سربسر
یہ شکایت جانسے کرتے تھے بلال دوست بن آتی ہے خوش کب قیل و قال
جانسے کہتے کیوں رہی تو بیخبر چشم ایمان کا گیا نور البصر
یہ کیا تو نے غضب اے بے نصیب کسطرح یاں پر رہی تو بن حبیب
کیا کروں میں حکم حضرت کا نہیں ورنہ کرتا ذبح تجکو میں وہیں
تو نے کی مجھ سے دغا کیا بیوفا حشر میں پاویگی تو اسکی سزا
نور احمد پر فنا ہوتی اگر زندہ ہوتی با بقا ای بیخبر
سخت حیران ہو کہا پھر آہ کر تو دکھا اسکو جو ہے امت پناہ
کیجیو تو عفو کی مجھ پر نظر رو سیہ مجھ سا نہیں کوئی بشر
با الہ العالمین میں ہوں غلام جان نکلے میری یا خیر الانام
جب کہا یہ عاشق معبود نے رو دکھایا شاہد مقصود نے
غیب سے آئی ندا ای سن ای بلال یہ مقام قرب ہے مت کر ملال
کوئی دم باقی ہے تیری فصل کا دیر نہیں ہے یہ زمانہ وصل کا
آخرش دی بانگ با درد و حزن رو پڑے سارے وہاں کے مرد و زن
پڑھ گئے لا کو یہ کہا پر درد گار تجھ سوا کوئی نہیں ہے کردگار
پھر گیا الا کا ظاہر جب بیان نور وحدت ہو گیا سب عیان

جبکہ ہو پہنچے نام احمدؐ پاک پر
شمع ساں جلکر گرے پھر خاک پر

عرش کے ساکن یہ دیتے تھے ندا
فالوا انا تم پڑھو سب برملا

یوں لگے کرنے دعا اے ذوالجلال
درد سہو کر عطا مثل بلالؓ

درد سے انکار جسکو آ لے گیا
وہ ہی شیطان بشکل انسان ہوا

دیکھکر تھرا گیا عرش برین
عاشق صادق گرا جب بر زمین

دیکھکر یہ حال اصحاب کبار
گر پڑے فرش زمین پر بیقرار

اب نہ لکھ عاجز وہ انکا سوز و درد
رقص میں آجا کہیں اب نہ سرد

دربیان سوز و درد خلیفۂ برحق حضرت ابوبکر صدیق رضؓ

سوز دل صدیق کا سن اے اسیر
تا کہ ہووے درد دل سے باخبر

زاہدان خشک سے مت کر خیال
درد دل حاصل تو کر انکی خصال

اسقدر تھا درد و سوز و اضطراب
دلسے آتی تھی سدا بوے کباب

دربیان سوز و درد حضرت امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ

دیکھ کیا یا درد تھے حضرت علیؓ
یہ لکھا عطار نے سن اے اخی

روز مردی باز آمد باشتاب
گفت پیرے دوست چاہ نیست آب

گفت پندارم ز درد کار خویش
مرتضےٰ با چاہ گفت اسرار خویش

مصطفےٰ جا بے فرود آمد براہ
گفت آب آرید لشکر را ز چاہ

مصطفےٰ چوں این سخن از وی شنید
آنزمان انگشت با دندان گزید

چاہ چون بشنود زان تابش نبود
لاجرم پرخون شدہ آتش نمود

دربیان سوز و درد خلیفۂ برحق حضرت عمر رضؓ

درد سے موصوف تھے ایسے عمرؓ
سن لو واقع گر تر کردہ آہ کر

تھا یہی ابن عمر کا حال زار
پڑھ کے یوم گر پڑے وہ باوقار

ہے یہ نخعی کی روایت جانمن
قریۂ کوفہ میں تھی اک پیرزن

پڑھ چکی جب وہ نماز کبریا
عجز سے میں نے سلام اسکو کیا

جب سنایا میں نے قرآن مجید
آہ بھر گر پڑی ہوکر شہید

اسمیں ہے تفصیل سے سب انکا حال
دیکھکر اسمیں نہ کر کچھ قیل و قال

کیونکہ یہ ہے معجزہ قرآن کا
ہو شگفتہ سنکے دل انسان کا

منحرف اسکا جو ہے شیطان ہے
کیونکہ منکر عظمت رحمن ہے

وہ نہیں مومن حقیقت میں
عظمت حق سے جو خالی ہو سیر

خشیت حق کا ہوا ایسا اثر
اک مہینے تک رہے وہ بیخبر

اک صحابی تھے زرارہ باوقار
پڑھ کے قرآن ہو گئے حق پر نثار

وہ کھڑی پڑھتی تھی ان حق کی صلوۃ
عشق حق سے وہ ستودہ نیک ذات

مجھ سے پوچھا تجھکو قرآن یاد ہے
پڑھ ذرا اس سے مراد اتحاد ہے

اس نمط سے دیکھ اصحاب رسولؐ
جا کے احیا میں تو اے مرد فضول

تو نہیں قابل ہے اسکا نابکار
رو برو حق کی تو ہوگا شرمسار

بلکہ تاثیرات قرآن بالیقین
سنکے بیخود ہوتے کفار لعین

بلکہ بدتر کافروں سے وہ لعین
سخت دل ایسے زیادہ یالیقین

قولہ تعالیٰ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

انما ہے مومنوں کی شان میں
آیا یہ حصر ہے قرآن میں

جستجو کر دیکھ کیا ہے سوز و ساز
یہ کھلے ہی راز کب اہل راز

عاجزا کر تو دعا بہر خدا
تا کہ حاصل درد ہووے ذرا

حکایت حضرت موسیٰؑ و درویش عاشق

آیات اسکے زیادہ کرتے ہیں انکے ایمان کو ۱۲

ایکدن موسی نے کی حق سے دعا / خاص بندے اپنے دے مجکو دکھا
تب ندا آئی کہ موسی کر سفر / جا فلانے کوہ پر کر تو نظر
جب گئے موسی تو دیکھا ایک مرد / تن برہنہ کوہ پر آلودہ گرد
تھا زبان دل پہ سکے ذکر ہو / شور تھا ہو کا وہان ہر سو بسو
جبکہ موسی نے کیا اسکو سلام / کچھ نہ پایا ہو سوا اس سے کلام
پھر کہا موسی نے اے مست خدا / ہو سے ہے دیدار تیرا مدعا
یا کہ اسمین راز ہے کچھ بجوان / راستی سے کر ذرا ہمپر عیان
ہم کرین تیرے لیے حق سے دعا / تا کہ حاصل ہووے تیرا مدعا
نام حق سن عاشق حیران نے / جان سے دھوئے ہاتھ اس حیران نے
آہ بھر کر گر پڑا وہ خاک پر / روح نے پرواز کی افلاک پر
دیکھکر یہ عاشق صادق کا حال / پھر کیا موسی نے حق سے یہ سوال
ایسا عاشق اور بھی ہے اے خدا / نام سن تجھ پر کرے جا نکو فدا
حکم آیا ہین جسے اے با وقار / نام پر کردین مرے وہ جان نثار
جو کہ ہین دیدار کے مشتاق تر / درد ہے انکی غذا اے با خبر
درد کیا ہے وصل کا پیغام ہے / درد کیا ہے وصل کا انجام ہے
یا الٰہی درد کر مجکو عطا / جیسا رکھتا درد ہے تیرا گدا
کیونکہ جسکے دلمین ہو اسکا اثر / اس سے بھاگین سب جسم بشر

حکایت حضرت خلیل الرحمن علیہ الصلوٰۃ والسلام

یہ حکایت گوش دل سے سن پسر / جب تجھے ہو درد حق سے کچھ خبر
جب خلیل اللہ کے عاشق ہوئے / عشق بازی مین بڑے صادق ہوئے
آگ مین نمرود نے پھینکا لعین / آتش سوزان مین پھر رکھا یقین
آگ پر جب دم معلق تھے خلیل / آئے انکے پاس اس دم جبرئیل
یون کہا اُنسے کہ کچھ فرمائیے / آپکو حاجت ہو جو بتلائیے
ہم کرین رب سے تمہارے پھر دعا / تا کہ تمکو نار سے لے وہ بچا
یون دیا پھر عاشق حق نے جواب / حضرت جبرئیل سے کرکے خطاب
میرے دلمین شعلہ زن وہ نار ہے / آتش نمرود کیا مردار ہے
ایکدم اسکا اگر بھولون کبھی / عرش سے تا فرش جل جاوے ابھی
ماسوا حق کی نہین رکھتا امید / رب مرا سب جانتا ہے دلکا بھید

قولہ تعالیٰ قُلنا یا نار کُونی بَرداً وَّسلاماً علیٰ ابراهیم واَرادُوا بہ کیداً فجعلنٰہم الاخسرین ۝

آخرش کو سب وہ بجھی نار پر / جا کے بیٹھے تختۂ گلزار پر

در صفت درد

درد کیا ہے مایۂ پیغمبران / درد کیا ہے ہادی صاحبدلان
درد کیا ہی رہبر ایمان ہے / درد کیا ہے قاتل شیطان ہے
درد کیا ہے شہ سلیمان جہان / سب پہ پیر و دو تنکا آشنہ بیگمان
درد کیا ہے قاصد دلدار ہے / درد کیا ہے راز دار یار ہے
درد کیا ہی مہ رخون کی شان ہے / درد کیا ہی عاشقون کی جان ہے
درد کیا ہے بحر وحدت کا ہی در / آسمان معرفت کا ہی یہ خور
درد کیا ہے نور ایمان اے عزیز / اسکو حاصل کر اگر ہی با تمیز
درد کا کیا وصف مجسے ہو بیان / ہے کہان ایسی بھلا اپنی زبان
یہ لکہا خدا نے عالی سخن / گوش دل سے سن ذرا اے جان من
ہر کجا این آتش آید کارگر / ز آتش دوزخ کجا ماند اثر
درد حاصل کر اگر ہے ہوشمند / معرفت کے بام کا یہ ہے کمند
زاہدون کی قال پرست کر خیال / انکو پکڑا نفس نے با صد ضلال
انکے دل پر زنگ ہے ایسا عزیز / حق و باطل کی نہین انکو تمیز

قولہ تعالیٰ کَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ مَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ ○

دیکھ تو بل ران کو قرآن مین — حق نے فرمایا ہے انکی شان مین

در بیان مذمت زاہد خشک

دیکھو زاہد یہ حدیث مصطفا — سخت دل ہین دور از قرب خدا
زاہد و انصاف سے دیکھو اگر — مکر ہین دعوی تمھارے سر بسر

کیونکہ تم اخلاص سے از بس ہو دور — جان و دل سے بلکہ ہو اس سے نفور
تم فقط اک نقشۂ تصویر ہو — سادہ دل ہو اور بڑے بے پیر ہو

درد کی لذت سے ہو نا آشنا — سچ ہے خر کو زعفران کی قدر کیا
کیا ہوا گر ریش کی تو نے دراز — خود پسندی سے نہین آتا ہی باز

کیا ہوا گر عابد و زاہد ہے تو — پر نہین اخلاص ای زشت خو
کیا ہوا گر حافظ قرآن ہے — خلق مین تیری بڑی کچھ شان ہے

کیا ہوا گر حج کا کر حاجی ہوا — شہر کا یا مفتی و قاضی ہوا
کیا ہوا گر تو ہوا پیر و مرید — اور کہتے ہین تجھے سب بایزید

کیا ہوا گر تو ہے عالی خاندان — مثل شیطان فخر کیا ای بدگمان
گر مطیع نفس ہے ای بے خبر — سب یہ حاصل تیرا غارت سر بسر

نفس نے اعمی کیا تجکو نہان — ضد حق تجھپر کیا اسنے عیان
جو شکستہ دل ہین یان پر سول — اپنے خندہ زن ہی کیون ای بوالفضول

یہ نہ سمجھا دل مین تو ای بے بصر — درد سے خالی نہین کوئی بشر
سن لے سعدی کا کلام پر اثر — ہووے قدر درد سے تجکو خبر

ہے یہ عالم سر بسر مستی و شور — لیک کب دیکھین جو ہوین چشم کور
درد سے خالی نہین کوئی یہان — لیک نسبت مین تفاوت بیگمان

یعنے نسبت جسکی ہو جس سے بسر — درد اسکو اس سے ہے ای بیخبر
یہ حکایت گوش دل سے سن حبیب — فہم حق ہے تا کہ ہو تو با نصیب

حکایت پدر مجنون و پدر لیلے

ایکدن الفت سے مجنون کا پدر — لیکے مجنون کو گیا لیلے کے گھر
وان لیلے سے اسنے یون کہا — قیس کو زندان غم سے کر رہا

یعنے اپنا قیس کو داماد کر — اسکے دلکو رنج سے آزاد کر
ماسوا اسکے نہین کچھ تجکو کام — رحم کر اس طفل پر ای نیکنام

تب دیا اسکے پدر نے یہ جواب — یہ نہین ہے رائے تیری با صواب
رحم کا باعث ہے جو کرتا نہین — ورنہ مین مجنون سے کچھ ڈرتا نہین

جو لکھا تقدیر مین اسکی ضرور — ہوتا ہی مجنون ہو یا ذی شعور
گر نہین تمکو یقین ای اہل دین — دیکھ لو تم آپ از عین الیقین

باپ نے پھر دی ندا ہو کر اداس — آؤ نور العین اکدم میرے پاس
جب اٹھی لیلی تو دامن پر نظر — جا پڑی مجنون کی اسدم بیخبر

گر پڑا بیتاب ہو کر دل حزین — مارتا تھا وہ پڑا سر بر زمین
پھر کیا لیلے کے والد نے کلام — دیکھ لے مجنون کو تو ای نیکنام

دیکھ کر دامان لیلی ہے یہ حال — اسکو گر دیکھے تو جینا ہے محال
اسلیئے رکھا ہی اسکو اس سے دور — تا نہ جاوے جان اسنے یہ بے شعور

ہو یہ پر تاثیر جب دامان زن — نام احمد سے تو کیون ہے خندہ زن
ایسی نسبت کر تو پیدا ای اخی — جیسے مجنون کو تھی لیلی سے دلی

یا کہ ہووے جیسی نسبت با بسر — یا نہ نسبت جیسی ہو با سیم و زر
یا کہ نسبت ہے تجھے جیسے بزن — ہے نبی سے ہیچ بنا ای سگدہن

نسبت احمد سے خالی تو دنی — اسلیے کرتا ہی تو خندہ زنی
آپ اپنے عیب کرتا ہے ناز — اسقدر اندھا ہی تو ای حیلہ ساز

ہے نسبت سے ہے خالی بر دنی — صاحب نسبت پہ کیون خندہ زنی
رنگ لے الکا یہ سبب ہے ای حزون — عقل تیری ہوگئی ایسی یون

لہ یون نہین بلکہ اسکے دلون پر زنگ لگ گیا ۱۲

جسکے دلمیں مرض ہووے عزیز	حق و باطل کی نہیں اسکو تمیز	کردوا اسکی شتاب اے ذی شعور	جب تجھے ہو نام احمد سے سرور

در بیان طالب کاذب

اپنے نسبت کر دو حال جو تمہارا	تا ہو تمہر مسند الہی ذو الجلال	کیونکہ یہ محشر میں تھی چھپیگا خدا	مجھ سے نسبت تجکو پایا مصطفے
یا کہ تھی میرے ولی سے جو حبیب	یا کہ اُن میں سے تھے تم بے نصیب	سنکے پھر بولیں کیں ای پروردگار	عشق ہی میرے تھے دم در ذوق سگا
کوئی بولی ای آلہ العالمین	نسبت احمد تھی مجھکو بالیقین	کوئی بولی اے خدائے دادگر	ڈھونڈھتا پھرتا تھا مرشد دربدر
کر چکیں حب کی سب یہ گفتگو	حکم ہو مجنون کو لاؤ روبرو	دبلا ہو دوان عاشق لیلی کا ہوا	حق کہا کہ دیکھو تو بھلا
کون ہے کسکا ہے عاشق ہو بیان	جانتے ہو اسکو تم ای عاشقان	سب کہیں مجنون ہے اے حق مبین	عاشق لیلی ہے یہ مرد حزین
عشق لیلی کا ہے اسپر یہ اثر	یا ان تن ہی کچھ نہیں اسکو خبر	صورت لیلی کا ہے اسپر عشق	بحر غم میں ابتلا ہے غریق
گریہ و زاری و آہ دل فگار	یہ غذا ہے اسکی اے پروردگار	سنکے فرماوے خدائے ذو الجلال	عاشق لیلی کا دیکھا تمنے حال
کوئی تم میں بھی ایسا ہی بھلا	غور کر دیکھو تو تم اسے ہم جیا	خشک تم سب کا ہے کب ایسا بدن	جیسے مجنوں کا ہے دیکھو ہے بدن
کھینچتا لاکھوں بلا ہیں غریب	واسطے لیلی کے دیکھو عجیب	کب تمہارا دل تھا ایسا بیقرار	جیسے مجنوں عشق سے تھا بیکل
کب کیا میرے لیے کپڑا چاک	کب ہوے میرے لیے تم دردناک	کب ہوے میرے لیے بے خواب و خور	کب پھرے تم خوار و خستہ دربدر
کب ہے ہو میرے لیے تم چشم نم	کب پھرے روتے ہوے باد و غم	کب ہوئے میرے لیے اندوہ گین	جیسے فرقت ہے یسر کی بالیقین
میری خاطر کب کیا ہستی کو خاک	مفت میں عاشق بنے تم نابکار	ترک تم نے کب کیا مال و منال	کب ملایا خاک میں جاہ و جلال
واسطے روٹی کی تم در در پھری	سگ نمط پھر پھر کے آخر تم مرے	مثل روٹی کی نہ تھا میرا خیال	نسبت حق کا ہی ہوتا ہے جمال
تمنے جو سیکھا تو سیکھا نام کو	یا کہ سیکھا نفس کے آرام کو	جب پڑھا تمنے تو علم بے عمل	بیشک ولا ریب تھے تم سب دغل
کیونکہ نیت میں خلل جب ہے پڑا	پھر عمل ہو کسطرح تمسے سعید	اس خلل کی کچھ نہ کی تمنے دوا	وقت ضایع مفت ہی تمنے کیا
	کیا نہ بھیجے ہمنے ترا تھے طبیب	نبض باطن دیکھنے والے طبیب	

قولہ تعالیٰ وحسن اولئک رفیقا

دیکھ تو لفظ حسن قرآن میں	ہمنے بھیجا ہے انھیں کی شان میں	نیک نے ظاہر میں تم اے سعید	پر نہ دیکھا دلکو کیوں یہ پلید
عید ہے پوشیدہ کیا نادان ہے	یا کہ پوشیدہ کیا تعلیل سے	نیک سمجھے سارے اپنے حال کو	چلنا سیدھا جانا الٹی چال کو
اسلیے سیکھا تھا تمنے قیل و قال	نقص ہو پوشیدہ ظاہر ہو کہاں	یہ نہ سمجھے دلمیں تم ای بابکار	ظاہر و باطن سے واقف کردگار
کیا نہ پہونچی تھی نبی کی یہ حدیث	اس سے ظاہر ہے کہ تم ہو خبیث	یعنی جسکے دلمیں کچھ ہووے خلل	ظاہر اسکا سب ہے ناقص اے غبی

قولہ تعالیٰ لا ینفع مال ولا بنون الا من اتی اللہ بقلب سلیم

کیا نہ دی تھی ہمنے قرآن سے خبر	ہے سلیم القلب پر میری نظر	کیا نہ کی یہ آیا نے گفتگو	دل مصفا تم کرو از شستشو

بلکہ دشمن جانتے انکو تمام	اور غیبت انکی تم کرتی مدام	کوئی کہتا یہ ہین ساحر بالضرر	چاہیئے رہنا انھو نسے سبکو دور
کوئی کہتا حال انکا بار رہا	یہ نہین واقف ہی ازراہ خدا	کوئی کچھ کہتا نہین مجنون ہے	کیا ہوا گر تابع مسنون ہے
کوئی کہتا یہ خلاف دین ہین سبہی	کیا ہوا اگر کچھ ہین بے باادب	اسطرحکی تم خرافاتین تمام	السے نسبت کرتے تھے ای بدلجام
سنکے یہ ارشاد حق ای جانمن	گر پڑین بیتاب ہو سب مرد و زن	اسلئے لازم ہی تجکو ای گدا	مثل مجنون ہو خدا پر تو فدا

دربیان محترز شدن طالب حق از صحبت بدردان

بے محبت کے نہ جانیو دیکھ تو	یہ محبت کے ہین دشمن زشت خو	یہ نہین تاثیر الفت کے مقر	بلکہ جانیو عین الفت کو مضر
اس سے واقف وصل محبوب ہے	یعنے الفت سے نہ جو محجوب ہے	کیا محبت یعنی ہے کان نمک	جو گرا اسمین ہوا جان نمک
ہوا اگر تو خار الفت سے ہو گل	ہوا اگر سرکہ تو الفت سے تو مل	مولوی لکھتے ہین کیا شیرین سخن	دو رسنتے سے ہو تلخی از دہن
از محبت نار نورے میشود	از محبت دیو حورے میشود	اسکو حاصل کرکے چل حق کے طریق	جب تو ہووے گا بحر الفت مین غریق
	یعنے پڑھ تو یہ حدیث مصطفے	وصل حق تجکو ہو جب اے باخدا	

حدیث شریف مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ

یعنے دل سے سن عرف پر کر عمل | جب تو جاوین تیرے دلسے یہ خلل

دربیان امراض باطن کہ چہار اند و مہلک طالب حق اند

چار ہین امراض باطن بس عظیم | پیشتر انکی دوا کر ای سلیم

حدیث شریف لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ كِبْرٍ

اولا ہے کبر دیگر ہے ریا	سخت یہ چارون ہین بیحد اے فتا	تیسرے ہے کسل چوتھے حرص و آز	انسے پیدا ہو رعونت اے بانیاز
یہ شریعت مین ہین چارون بس حرام	نزد حق یہ مثل خر اے نیکنام	مرتکب اسکا اگر ہے پارسا	وہ نہین ہی پارسا نزد خدا
کیونکہ یہ ہے کبر وصف ذوالجلال	غیر کو لازم ہے کب اے خوشخصال	بلکہ یہ ہی ہمسری ظاہر پسر	لیک ظاہر مین نہین اس سے خبر
دیکھ کیا لکھتے ہین مولانائے روم	واقف ہر رمز دانای علوم	کمتر از کم شو اگر داری خبر	این طریق کاملان است اے پسر

دربیان دوای امراض مذکورہ یعنے تکبر وغیرہ

گوش دلسے سن حدیث مصطفے	ہی یہی امراض باطن کی دوا	یعنے کر تو اصل پر اپنے خیال	تا کہ ہووے دور کبر اے خوشخصال
کیا ہی وہ پیدا ہی جس سے تو دنی	دیکھ وہ ہی قطرۂ آب منی	صلب والد سے رحم مین تو گیا	مضغۂ خون وان بنا تو بیحیا
وان غذا ہی حیض خونکی روز و شب	پرورش جس سے ہوا تو بے ادب	بول کی مخرج سے پھر آیا نکل	اصل تیری دیکھ یہ ہے اے دغل
باوجود اس اصل کے تو دمبدم	نفس پر کیون ناز کرتا ہی ستم	یہ تو تیری ابتدا کا تھا بیان	انتہا سن لے ذرا او بدگمان
یعنے دنیا سے تو جاوے جب گذر	دفن ہوگا قبر مین گھر چھوڑ کر	یہ ندا ہو آسمان سے آشکار	قبر مین تنہا چلا اے نابکار

ت جسنے اپنے نفس کو پہچانا اسنے اپنے رب کو جانا ۱۲ ت جنت مین نہ داخل ہوگا وہ شخص کہ اسکے دلمین ایک ذرہ بھی غرور ہو ۱۲

وہ کہاں ہو سیم و زر اے بے شعور
جس سے دنیا مین تو کرتا تھا غرور

وہ کہاں فرزند و زن تیرے پسر
جسکی خاطر ہمیشہ تھا تو بے خبر

تجکو چھوڑا سبنے تو بھی سبکو چھوڑ
کیون جلا تنہا سبھونسے دلکو توڑ

سنکے یہ آواز اڑ جاوینگی ہوش
قبر جب تجھسے کہو کیون ہے خموش

کیا تو لایا روشنی میرے لئے
کیا بچھاؤن فرش مین تیرے لئے

کوئی یان لایا ہی تو اپنا رفیق
جو کہ ہووے حال پر تیرے شفیق

کیونکہ یہ تاریکتر ہی تیرا گھر
سانپ بچھو کا یہان از بس خطر

یان بلائین سخت ہین لاکھون ہزار
کسکی طاقت جو کرے انکی شمار

کہکے یہ پھر قبر خود دکھائیگی جوش
تو تو کیا اڑ جائین گردونکی بھی ہوش

بعد اسکے پھر سڑے تیرا بدن
بوے بد ایسی ہو ظاہر جابجن

یعنے آوے قبر کو حسن بوسی عار
اصل تیری دیکھ یہ ہی نابکار

پھر کریگی قبر حق سے یہ دعا
تنگتر ہون اسکی بو سے اے خدا

حکم دیگا تب وہ رب العالمین
دی حرارت سے جلا اسکو زمین

سنکے یہ حکم خدا ای بد نصیب
یاد آوینگے تجھے یان کے طبیب

کیونکہ وہ کہتے تھے ہم سے روز و شب
اسکو کرنے آج ہوتا فضل رب

ہوکے عاجز قبر سے اے نازنین
یون کہی ہون جنس میری بالیقین

رحم کر مجھپر ذرا بہر خدا
گو کہ مدت سے ہون مین تجھ سے جدا

ہو مخاطب پھر کہی اس سے زمین
تو نہین ہے جنس میری بالیقین

کیا ہی نسبت مجھ سے تجکو تو بتر
مین مصفا تجھ مین بو ہی سر بسر

جانتا تھا اصل گر تو خاک کو
خاک مین آیا تو کیون ناپاک ہو

ہے تنفر سب کو تجھ سے اسگھڑی
ایسی نکلی تن سے تیرے بو بڑی

وان نہ سمجھا آپکو تو خاکسار
یان کے سمجھے کچھ نہوا ای نابکار

یعنے کرتا مین عرق پر گر عمل
اصل مین تیری نہوتا کچھ خلل

وان تو تیرا فہم تھا افلاک پر
کب تو سنتا تھا نصیحت خاکپر

دوستی گر خاک سے کرتا پسر
آج ہوتا یان یہ تو شمس و قمر

یعنے ملتا خاکسارونسے عزیز
اصل سے ہوتی تجھے جب یہ تمیز

یہ دعا کرتے تھے دیکھو مصطفے
یعنے مسکینونمین رکھ مجکو خدا

وہ تو شاہ انبیا اے بیخبر
لیک یہ تجکو ہدایت ہی پسر

یعنے مسکینونسے ہوتا ہمنشین
تا نہ بھولے اصل کو ای نازنین

حدیث شریف مُوتُوا قَبلَ اَن تَمُوتُوا

خاک ہو تو خاک ہونے سے عزیز
جب تجھے ہو اصل اپنی سے تمیز

دیکھ تو یہ اصل جسپر یہ غرور
فوق ہے شیطان سے تجکو بالضرور

جو نہین ہے خاکسار اے خوبرو
دیو ہے انسان نہین وہ زشتخو

خاکساری شیشۂ رحمن ہے
بس تکبر ظلمت شیطان ہی

خاکساری مخزن الاسرار ہے
خاکساری مطلع الانوار ہے

خاکساری بیخ ایمان ای جوان
کبر بیخ کفر ہے ای نیکدان

خاکساری سے ہو پیدا وہ کمال
جس سے دیکھو تو جمال ذوالجلال

خاکساری کا ہی کیا رتبہ عجیب
پھول وحدت اس سے نکلا ہے حبیب

دیکھ فرماتے ہین کیا ای با ادب
یعنے حضرت مولوی عالی نسب

در بہاران کے شود سرسبز سنگ
خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ

خاکساری سے ہو مقبول خدا
ہو تکبر سے تو مغضوب اے فتا

دیکھ فرماتے ہین کیا شیخ نکتہ شناس
گوش دلسے سن ذرا ای رو سیاہ

گشت آدم مقبل از استغفری
دیو ملعون گشت از مستکبری

عاجزا کر ختم اب کبر و منی
تیری کب سنتے ہین وہ دیو دنی

در بیان سبب کبر کہ او شش اند و معالجۂ آن

چھ سبب ہین کبر کے اے با خدا
شرح اسکی گوش دلسے سن ذرا

مال و علم و زہد و تقوی و نسب
حسن و قوت کبر کے یہ ہین سبب

یہ توسب گل ایک اسمین کبر خار / خار کو کر دور گل سے ذی شعار
سن مفصل حال دنیا کا بیان / نیک و بد اسکا ہو تجھپر تا عیان
ہی یہ دنیا خبث اور زشت و پلید / یعنے ہی یہ فضلۂ خوانِ یزید
کیا ہے دنیا مار افعی اے پسر / زہر سے اسکے نہین بچتا بشر
بلکہ بدتر مار سے بھی اے سعید / جان و ایمان کو ڈسے ہی یہ پلید
لیک افسون اسکا جسکو یاد ہو / مال دنیا سے فقط وہ شاد ہو
ورنہ اسنے کردیے لاکھون بشر / یعنے غارت مثل فرعون اے پسر
ہوگیا شداد و نمرود لعین / حق سے منکر اسکے باعث بالیقین

حدیث شریف ۔ اَلدُّنْیَا مَلْعُوْنٌ وَّمَا فِیْهَا مَلْعُوْنٌ اِلَّا ذِکْرُ اللّٰهِ ○

اسلیے حضرت نے دی اسکو خبر / یعنے یہ دنیا ہے ملعون سر بسر
جو کہ اسکے بیچ مین ہین اے فتا / وہ بھی ہی ملعون یقین ہین بر ملا
دیکھ تو یہ مولوی نے اے پسر / کیا لکھا ہی دین سی ہو کر باخبر
اہل دنیا کافران مطلق اند / روز و شب در زرق زرق و دربق اند
اہل دنیا چہ کہین وچہ مہین / لعنۃ اللہ علیہم اجمعین
سر خطاؤنکے یہ سر ہے اے جوان / یہ حدیث مصطفے ہے بیگمان
گر کیا کچھ فخر اسپر اے پسر / تو ہے بدتر خر سے احمق سر بسر
کیونکہ ملعون جسکو فرماوین نبی / فخر اسپر تو کرے دیو دنی

حدیث شریف ۔ اَلدُّنْیَا جِیْفَةٌ وَّطَالِبُهَا کِلَابٌ

اسکا طالب سگ بفرمان رسول / میرا کہنا کب تجھی ہوگا قبول
عجز کر جتنا کہ تجھ سے ہو سکے / کبر کھو جتنا کہ اسکو کھو سکے
دیکھ تو یہ مولوی شیرین سخن / جابجا لکھتے ہین کیا اسکے ہن
کمتر از کم شو اگر داری خبر / این طریق کاملانست اے پسر

در بیان حقیقت دنیا و بے ثباتی آن

کیا ہے دنیا یعنے یہ باغ خزان / تو ہے بلبل کی بطرح ای بدگمان
خندۂ گل کیطرح اسکو ثبات / بلکہ کمتر اس سی بھی ای نیک ذات
اسکے طالب مثل بلبل نالہ زن / قبر سے کہتے اٹھینگے یہ سخن
گر دلت آگہ ز معنی آمدہ است / کار و نیت ترک دنیا آمدہ است
ترک دنیا گیر اے فخر جہان / تا کہ باوے فخر سے اپنے نشان
جبکہ ملتا ہی نہین دین کا اثر / مولوی کی قول پر کر تو نظر
ترک دنیا کن کہ آدینت بود / آن بدہ از دست تا اینت بود
اسکی عزت عین ذلت ای جوان / اسکی ذلت عین عزت بیگمان
دوست اسکا دشمن ہی جان کا / بلکہ دشمن جان اور ایمان کا
ترک مین راحت ہی اسکی ای پسر / اسکی الفت مین بلا ہی سر بسر
مولوی نے کیا لکھا ہی یہ سخن / دیکھ تو بہتر ہے از در عدن
حاصل دنیا ہمین درد سرست / ہر کہ غافل شد ازین گاو خرست
ہیچ کنجے بے دد و بے دام نیست / جز بخلوت گاہ حق آرام نیست
ترک دنیا کن کہ تا سلطان شوی / ورنہ ہمچون چرخ سرگردان شوی
ترک دنیا ہی طریق مصطفے / اس سے غافل کیون ہی تو اے بیحیا
جس سے رغبت نفس کو ای بددہن / وہ ادا کی جان سی تو لے سخن
ہووے جس سنت سی دنیا مین خلل / یا مشقت ہو کچھ اسمین اے اغل
یا کہ جانے اس سے تجکو سب حقیر / یا کہ جانین اس سے تجکو سب فقیر
گر کہے تجھ سے کوئی کر یہ سخن / دشمن جان اسکا ہو سگ دہن

حدیث شریف ۔ مَنْ تَرَکَ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ

جسنے جانا دلسے سنت کو برا / وہ ہوا حضرت کی امت سے جدا
ترک کر دنیا کو تا ہووے ادا / مولوی نے دیکھ تو یہ کیا لکھا

ہم خدا خواہی وہم دنیای دون / این خیالست و محالست و جنون
جسقدر بھیجے ہین حق نے انبیا / سب لیے فرمایا ہے دنیا کو برا
یاد جو دا سکے تو ای زشت و پلید / جانتا ہے دلسے دنیا کو سعید
مار اسیر عاشقانہ لشپت پا / گر تجھے ہے دل سے حب مصطفا
قبر عاشق سے اٹھیگی یہ ندا / مولوی نے مثنوی مین یہ لکھا
ترک دنیا ہست سنت مصطفی / عاشقان کردند سنت این ادا
ای برادر ترک دنیا پیشہ کن / روز و شب ذکر خدا اندیشہ کن
جانتا ہے کیا ہے دنیا ای پسر / جو کہ کردے حق سے تجکو دور تر
آلذی کو دیکھ لے قرآن مین / اہل دنیا کی لکھا یہ شان مین
سو ہے گر دلمین رکھتا ہو عزیز / سب ہے دنیا تجکو کردے بے تمیز
نقش دل کر مولوی کا یہ سخن / جب تو ہو دنیا سے دور اے جان من
چیست دنیا دلباس و نیدی / از خدا غافل شدن ای مولوی

در بیان فضیلت ذکر و ذکر کنندہ و مذمت اہل غفلت

علم پڑھ کر حق سے غافل ہو اگر / وہ سگ دنیا ہے دون ای پسر
کیونکہ شیطان ساتھ اسکے با یقین / جو کہ غافل حق سے ہو وہ مرد دین
دیکھ لے محرے کو تو ای بیخبر / یہ حدیث مصطفے ہے معتبر
جبتلک اسکی نہین کرتی دوا / سب ہین ناقص علم تیرے ای فتا
علم سے یہ ہے غرض ای بے بصر / شر سے اسکے تا ہو انسان باخبر
جو کہ اسکے شر سے غافل ای جوان / گر ہو عالم پر وہ جاہل بیگمان

قوله تعالی مِن شرِّ الوسواسِ الخنّاس ۝

پڑھ تو من شر کو ذرا مرد سلیم / دیکھ فرماتا ہے یہ رب عظیم
یعنی ہے خناس تیری گھات مین / اور چھپا رہتا ہے تیری ذات مین
دے خیال بد یہ دلمین بیشمار / نیکیان ہون دور جس سے ذیشعار
دل جو خالی یاد حق سے ای جوان / خانہ شیطان ہے وہ دل بیگمان
پر حذر ہو غافلو اسسے ای پسر / دشمن ذاکر ہین یہ سب سر بسر
صحبت غافل تجھے غافل کرے / صحبت شاغل تجھے شاغل کرے
جو ہے غافل وہ ہے مردہ ای جوان / جو ہے شاغل وہ ہے زندہ بیگمان
وہ مرا ہے دست شیطانسے حرام / وہ ہے زندہ نام حق سے ای کرام
یاد حق سے گر ہے غافل ای جوان / زندگی ہے موت تیری بیگمان
بلکہ بدتر موت سے یہ زندگی / کیونکہ حاصل اس سے ہے شرمندگی
یاد کر تو یاد کر تو یاد کر / غفلت اپنی یاد سے آزاد کر
اک نفس بے یاد کر جاوے جوان / ہے بتر سو موت سے وہ بیگمان
دیکھ فرماتی ہین ذاکر مولوی / مثنوی مین اسطرح سے اے اخی
غفلت از وی یکزمان صد مرگ دان / زندگی با دست نزد عارفان
لیک جو ہین کور و کر ای خود پسند / وہ ہین غافل ذکر حق سے ہوشمند
ورنہ ذاکر ہین زمین و آسمان / دم بدم ہین ذکر سے یہ تر زبان
لیک سنتی ہین انھو نسے اہل دل / وہ نہین سنتے جو خود ہین آب و گل
دیکھ فرماتی ہین کیا وہ اہل شوق / ذکر سے حاصل ہو جنکو دلکو ذوق
حق چہ باشد یاد آن یزدان پاک / کے بداند قدر او ہر مشت خاک
این جہان و آن جہان فانی بود / غیر یادش جملہ نادانی بود
سب عبادا تو نسے بہتر ذکر حق / یہ حدیث مصطفی سے ہے سبق
دیکھ کیا لکھتے ہین وہ نیک نام / جو کہ گذرے دین مین عالیمقام
یاد او سرمایہ ایمان بود / ہر گدا از یاد او سلطان بود
چیست سلطانی دو در ویشی بدان / باد آن جان حزین انس و جان
یاد او گر مونس جانت بود / ہر دو عالم زیر فرمانت بود

در بیان مذمت کسانیکہ اہل ذکر را بحقارت بینند

دی تفضیلت حق نے ذاکر کو تمام — یہ حدیث مصطفے ہے نیکنام
جو حقارت سے کرے انپر نظر — وہ ہے شیطان شکل انسان بسر

قوله تعالیٰ وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ

کیونکہ دشمن ذاکروں کا ہے لعین — یہ بھی ہے اُسکا برادر بالیقین
گر نہیں اُسکا برادر یہ بشر — دشمن ذاکر ہے پھر کیوں ہے بشر
طالبا ہرگز نہ کر انپر نظر — مدح و ذم انکے ہیں دونوں برضر
مدح تیری خود کرے وہ ذوالجلال — انبیا بھی سب کریں اُنسے خوشخصال
اولیا سب کرتے ہیں یہ التجا — مولوی یہ دل سے دیتے ہیں ندا
ہر کسے کو مائل یاد خدا است — خاکسار اش توتیائے چشم ما ست
انبیا کرتے ہیں غبطہ اے پسر — رتبۂ ذاکر سے سُن تو یہ خبر
جستجو کرتے ہیں انکی سب ملک — ذاکرونکی بزم ہے بر فلک
ہمنشین اُنکا نہیں ہوتا شقی — پر شقی ہے انکا منکر ای تقی
مولوی فرماتے ہیں دونو کا حال — گر نشیند ایسی سن ذرای خوشخصال
ہان و ہان ترک حسد کر با شہان — ورنہ ابلیسی شوی اندر جہان
ہر کہ با ایشان نشیند یکدمی — روز فردا او کجا دارد غمی
عمرہا خواہان این دولت شدند — سالہا مشتاق این صحبت بدند
صحبت یکان اگر باشد نصیب — دولت جاوید یابی ای حبیب
صحبت شان خاک را اکسیر کرد — لطف شان در ہر دلے تاثیر کرد
سبز میسازند چوب خشک را — دے می بخشید زاغ را مشک را
جملہ اشراف اندرو ذات و صفات — طالب ذات اند با سم عین ذات
ذاکران حق کا یہ ہے مرتبہ — معصیت نیکی سے بدلے ہے خدا

قوله تعالیٰ فَاذْكُرُوْنِيْ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ

خود خدا کرتا ہے ذکر ذاکران — جسطرح کرتے ہیں ذاکر اکجان
ذاکروں کے ساتھ رب ذوالجلال — یہ ہے رتبہ دیکھ تو ای باکمال
شمس کی ہے روشنی اس خاک پر — ذاکرونکی روشنی افلاک پر
ذکر حق سے یہ فضیلت اے پسر — مولوی کے قول پر کر تو نظر
بس بزرگیہاست اندر یاد او — یاد او کن یاد او کن یاد او

قوله تعالیٰ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

تطمئن کو پڑھ ذرا دل سے جوان — یہ حقیقت ذاکرونکی بیگمان
رنج راحت ذکر سے ہوتی ہے یار — ماسوا اسکے ہے دنیا سر بسر

قوله تعالیٰ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا

لفظ کرمنا کو پڑھا کر غور جو — کیون بنا جاتا ہے خود تو زشتخو
تو تو وہ شہباز ہے سدرہ نشین — آشیانہ ہے ترا عرش برین
دیتے ہیں تجکو صفیر از فلک — ڈھونڈھتے پھرتے ہیں تجکو سب ملک
خاک کے تو دام میں ایسا پھنسا — دیکھکر شیطان ہیت بخبر ہنسا
کیا ہوا وہ رتبہ اے ابن البشر — جس سے تھی مخلوق سب زیر و زبر
تیرے تھے فرمان میں یہ خاص و عام — کیون بنا اکرکے تو انکا غلام
غیرت انسان نہیں تجھ میں ذرا — دیکھ تو یہ مولوی نے کیا لکھا
آسمان ہمت سوئے آخر تاختی — آدم مسجود را نشناختی
باپ سے تیرے فرشتے سرنگون — ناخلف ہوتا ہے کیون تو ای زبون
تو نہیں ہے آب و آتش ای جوان — تو نہیں ہے باد و خاک ای نیکدان
تو ہے بس اک امر حق ای دیدہ ور — لیا ہے عنصر کے باعث بیخبر
خود کو بھولا خاک جانا ذات کو — کردیا دن سے مبدل رات کو
دیکھ تو ہی ہے گدا تو ہی شاہ — دیکھ تو ہی سرخ اور تو ہی سیاہ
دیکھ تو فرعون تو ہی منصور ہے — تو ہی مغضوب اور تو ہی مغفور ہے

تو ہی دشمن تو ہی یار و دوست ہے　تو ہی یا مغز تو ہی پوست ہے　خود تو عاشق خود تو ہی محبوب ہے　خود ہی ظاہر خود تو ہی محجوب ہے

تو کبیر و تو صغیر و تو امیر　تو ہی دانا تو ہی نادان و فقیر　ایک ہے تو ایک ہے تو ایک ہے　ہر نرالا تیرا ہر جا بھیک ہے

بھیک کے باعث ہے ہی خود تو غریب　اصل سے اپنی ہوا تو بے تمیز　خود سے غافل غیر سے مسرور ہے　لاکھوں فرسنگ آپ سے تو دور ہے

جسکو جانے ہے وہ ہی خاک پلید　اُس سے نسبت کچھ نہیں تجھکو سعید　وہ سراسر خاک ہے خاک کثیف　تو سراسر نور ہے نور لطیف

مولوی نے یوں لکھا اندر مثنوی　سنکے دام خاک کو تو دستی توڑ　قطرۂ نوری سراپا نور باش　بگذر از غم و اما مسرور باش

اصل تیری دیکھ یہ عالی نژاد　جا بجا فرماتا ہے رب العباد

قوله تعالیٰ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۝ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ اِلَّآ اِبْلِيْسَ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ اِسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ۝ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ۝ وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝

مٹی انسان کو بنایا ہاتھ سے　روح پھونکی اسمیں اپنی ذات سے　اسکے ساجد ہیں ملک سب خاص و عام　فخر لسکو ایسا ہی ای نیکنام

خاک کا ایسا کہاں رتبہ بھلا　ہوں ملائک جسکے ساجد انما　گر نہیں یہ نور حق نور اللہ　منکر اسکا پھر ہے کیوں اے روسیاہ

بھید اسکا جسنے پایا اے حبیب　نور وحدت سے ہوا وہ بانصیب　دیکھ فرماتا ہے وہ رب عظیم　از زبان مصطفےٰ سن اے سلیم

حدیث قدسی اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّهٗ

بھید اسکا حق ہے یہ ہی بھید حق　پڑھ کسی عارف سے جا کر یہ سبق　جو نظر آیا ہے تجکو اے بصیر　تو ہی ہے لیکن ہے اعمیٰ سر بسر

خود سے جب تو بیخبر ہے اے سعید　حق کا کیا جانے تو پھر قرب و بعید

در بیان کلام سلطان صوفی حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ در شناختن خود

بایزید پارسائی کا سن سخن　جب تو واقف حق سے ہو وے جان من　تو بہ معنی جان جملہ عالمے　ہر دو عالم خود توئی بنگر دمے

تو بہ معنی برتر از انسان و جان　ہر چہ بینی خود توئی بنگر بدان　در حقیقت خود توئی ام الکتاب　خود ز خود آیات حق را باز یاب

صورت نقش الٰہی خود توئی　عارف اشیا کماہی خود توئی　از کمال قدرتش بین مشکلے　گو دو عالم را نماید در یکے

نقش آدم را رقم نوعے زند　تو دو عالم را ازو پنہان کند　لیک اتنا یاد رکھ عالی گہر　فہم انسان اسمیں قاصر سر بسر

روح کو کر تن سے اپنے تو جدا　جب تجھے ہو فہم اسکا اے فتا　گر کوئی دیدہ کرے اسکا بیان　راست ہے اسکا بیان ای نیکدان

ہووے تقلیدی بیان جسکا بسر　ہے وہ رہزن راہ حق کا سر بسر　کیونکہ یان ہے دیدنی نا گفتنی　گفتنی ہے کفر ایمان دیدنی

دیدنی سے جو ہو منکر مرد دین　وہ طریقت سے ہے اعمیٰ بالیقین　جو کہ بے دیکھے کرے اسکا بیان　وہ شریعت سے ہے نادان بیگمان

جسنے بیعت ہاتھ سے پاؤں نکل　پھر کہاں حاصل طریقت ای غفل　پوچھ اسکو جا کسی بینا سے بس　گر ہے دلمیں پوچھنے کی کچھ ہوس

دیکھو فرماتی ہین یہ شیخ جہان — یعنی قطبونکے جو مرشد بیگمان
گرہمی خواہی کہ یابی زین نشان — سر برہنہ خاک پای کاملان

یہ ہوا تیری حقیقت کا بیان — لیک حق اس سی منزہ بیگمان
کیونکہ اسکی ذات ہے از بس لطیف — وہ ہی خالق ہے یہ ہی مخلوق کثیف

لیک اسکو جسکو بوجھا ای پسر — وہ ہوا عارف خدا کا سر بسر
کیونکہ اسکو حق سے ہے اک رابطہ — ہر نہ حاصل ہو تجھے بے رابطہ

قرب حق جسکو ملا اس سے ملا — جو جدا اس سے ہو وہ حق سی جدا
اس حدیث مصطفے پر کر نظر — بھید اسکا جب کھلے ای بیخبر

جسنے بوجھا آپکو ای نیکدان — اُسنے بوجھا حق کو بیشک بیگمان
جبتلک خود کو نہ بوجھا ای فتا — لاکھون بت دلمین ہون تیری بلا

یہ تو کرتب گر کری ای ذی شعور — خود سی خالی ہو کی خود ہو جو دور
جب ہوا تو دور کیا باقی رہا — کر نظر اس قول پر ای باخدا

تیغ لا در قتل غیر حق براند — در نگر آخر کہ بعد از لا چہ ماند
عشق و عاشق را قلم در کش تمام — تا ہمہ معشوق ماند والسلام

خاتمہ مثنوی بدعاء مقبول

ای خدای دو جہان بہر رسول — مومنونکو مثنوی یہ ہو قبول
کر چکا اب مثنوی عاجز تمام — طالبو دلسے پڑھو اسکو مدام

یہ دعا عاجز کی حقنی کی قبول — از طفیل آل و اصحاب رسولؐ
یعنی اسکو جو پڑھے بہر خدا — درد دل حاصل ہوا اسکو مطلقا

تمام شد

فائدہ مصنف قدس اللہ سرہ العزیز سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب مین فرمایا کہ تو کچھ بیان کر تا کہ طالبون کو اُس راہ کے اُس سے فائدے حاصل ہون پس بموجب حکم کے مصنف نے یہ مثنوی لکھی اور اس کی قبولیت کا یقین ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غزلیات من تصنیف جناب حضرت وقبلہ محمد عبد الصمد صاحب قدس سرہ

غزل

وہ ہین شاہ دو عالم جو غلامان محمدؐ ہین — وہ بہتر ہین شہیدون سے جو قربان محمدؐ ہین
انھون سے انبیا کو رشک صدیقون کو حسرت ہے — جو ہتا مے صرف ہاتھو لنسے وہ دامان محمدؐ ہین
اتر کر عرش سے آئین فرشتے جو مقرب ہین — برائے پائبوس انکے جو دربان محمدؐ ہین
خدا کے ماسوا جو ہے صفت اوصاف احمد ہین — یہی کلمے کہو دل سے کہ شایان محمدؐ ہین

نہ بھائین پھول جنت کے جو بہتر ہین انھین عاجز
جو دیکھے آنکھ سے خار گلستان محمدؐ ہین

غزل

دیکھو تو ذرا رتبہ والای محمدؐ — سرتاج ہی ہر دین کی کف پای محمدؐ

کیا فخر زمین کو کہ نہین عرش برین کو — لوٹین ہین سدا خاک مین شیدائے محمدؐ
تعظیم کرین حور و ملک جن و بشر سب — جس دل کو میسر ہو تولائے محمدؐ
صد کوہ کَن و قیس موے رشک سے انکے — رکھتے ہین ذرا دلمین جو سودائے محمدؐ

عاؔجز مہ و خورشید ہون محجوب فلک کے
نعلین کف پائے جو دکھلائے محمدؐ

غزل

زمین پر جو غلام شاہ دین ہے — وہی فرمان دہِ عرش برین ہے
زبان جزو کل پر یہ صدا ہے — کہ احمدؐ رحمۃ للعالمین ہے
یہان جو عاشق احمد ہے بیشک — وہی معشوق رب العالمین ہے
ملائک سر کے بل آتے ہین اُس جا — جہان پر ذکر ختم المرسلین ہے
جو مومن ہے اُسے ہے لَت سے الفت — نہین اُسکو جو مردود و لعین ہے
ہوا جو خاکپائے آل و اصحاب — وہ بیشک ہمسر روح الامین ہے

در احمدؐ کا عاؔجز جو گدا ہے
شہنشاہون کا شہ وہ بالیقین ہے

غزل

ہمین یار سے وصل کی آرزو ہے — شب و روز دل کو یہی جستجو ہے
ہر اک گل مین اُسکا نشان پایا ہمنے — اُسی کی ہے رنگت اسی کی سی بو ہے
نہین بھاتی ہین مجکو باتین کسی کی — سنی جب سے اُس یار کی گفتگو ہے
ہماری یہ ہستی ہے تیرا ہے پردہ — اگر نیست یہ ہو تو پھر تو ہی تو ہے

یہ ہے راز مخفی نہ کہنا تو عاؔجز
نہ یہ ہے نہ وہ ہے نہ مین ہون نہ تو ہے

غزل

یار کی شان پر فدا ہین ہم — کبھی واصل کبھی جدا ہین ہم
ہم سے اکسیر کو ہے نسبت کیا — آل احمدؐ کے خاک پا ہین ہم
عشق مین یار کے جو ہو بے خود — اُسی بے خود کے آشنا ہین ہم

اپنی ہستی فنا جو اُسمین ہو
حق کی سوگند پھر بقا ہین ہم

زاہدو ہم سے دیکھیو بچنا
کیونکہ رندون کے پیشوا ہین ہم

چشم دل کھول کر ہمین دیکھو
کہین شہ ہین کہین گدا ہین ہم

اسقدر محو ہو گئے عاجز
یہ نہین جانتے کہ کیا ہین ہم

غزل

اگر دل خواب غفلت سے ذرا بیدار ہو جاوے
کرے جسپر نظر وہ صاحب اسرار ہو جاوے

کرے ہے میکشون سے سرکشی کسواسطے زاہد
توجہ گر کرین تجھپر ابھی مے خوار ہو جاوے

وہ بلبل ہین نہین ہمکو تمنا گل سے ملنے کی
نظر گر خار پر ڈالین تو وہ گلزار ہو جاوے

ہوس آنکھ مین مل خاک پا اُس شاہ خوبان کی
جدھر دیکھے اُدھر اکسیر کا انبار ہو جاوے

اگر یاد ین نہ جنت مین صنم دل شاد کیونکر ہو
ہمارے واسطے بے یار جنت نار ہو جاوے

عبث مفلس ہے عاجز دیکھ جا زندان جانان کو
ابھی یہ چشم تیری دیکھ گوہر بار ہو جاوے

فرد

ہم نہین کم ظرف ایسے جو بکین دیوانہ وار
خم کے خم پی جاتے ہین رہتے ہین لیکن ہوشیار

تضمین حضرت عبد الصمد صاحب قدس سرہ بر مطلع قدسی

شب معراج مین آئی تھی فلک سے یہ ندا
دیکھو آتا ہے زمین سے عجب اک نور خدا

شعلۂ نور ہے ایسا کہ نہ دیکھا نہ سُنا
جسنے دیکھا ہین وہ طور صفت ہو کے جلا

حسن معنی مین وہ ایسا ہے کہ حاشا کلّا
حسن یوسف بھی حیا سے نہین دیکھے ہی ذرا

در و دیوار سے پڑھتے ہین وہ ہو ہو کی فدا
جسطرف دیکھو اُدھر سے یہی آتی ہی صدا

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

عرش پر دھوم ہوئی آتا ہی وہ شاہنشاہ
جسکے خدام ملائک ہین یہی شوکت و جاہ

دیکھیو حسن خداداد یہ کرنا نہ نگاہ
ورنہ جل جاؤگے جس طرح سے جلتی ہی گیاہ

کیونکہ یہ نور ہے وہ جسکو کہین نور اللہ
مقتبس جسکا ہی ہر ایک ہی شام و پگاہ

لب جان بخش پہ پڑتے ہی نگہ کے ناگاہ
ہو کے بیتاب یہ عیسیٰ نے کہا کھینچ کر آہ

مرحبا سیّد مکّی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

حورین بھی رقص کنان کہتی تھین یا شاہِ امم
وہی جلوہ ہے وہی نور وہی فیض اتم
آپ تشریف جو لایا کرین یان پر ہیہم
اُسپہ بہٹلایا کرین آپکو اور چومین قدم
دید تیری نہین ہے دید خدا سے کچھ کم
ہے منور یہ ترے نور سے سارا عالم
فرش آنکھونکا بچھایا کرین ہم سب باہم
روبرو آپکے اسکو پڑھین باشوق اتم

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

کہین آدم کہین حوا کہین تھے اسرائیلؑ
کہین کرتی تھین قدمبوسی کو حورین تعجیل
کہین یوسف کہین ادریس کہین عزرائیل
وجد مین آکے لگے کہنے وہان پر جبرئیلؑ
مے وحدت کی لگاتے تھے کہین خضر سبیل
کہین پڑھتے تھے کھڑے صل علی اسمٰعیلؑ
کہین مشتاق کھڑے دید کے روتے تھے خلیل
صور مین پھونک دو اس بیت کو اے اسرافیل

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

آپ سے ہو کے جدا جب وہ چلے بہر وصال
انبیا سنکے یہ کہنے لگے اے ظل جلال
فخر سیّدی دانا سے تو مشرف بہ کمال
عاجزا غیر سے کر اسمین تو بحث و جدال
نور وحدت سے صدا آئی کہ آ میرے جمال
عقدہ یہ ہمپہ کھلا جز تری سب وہم و خیال
غور کر دیکھا نہین کوئی ترا مثل و مثال
روز و شب دل سے پڑھا کر اسے بے قیل و قال

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

قطعہ تاریخ طبعزاد سید فضل حق صاحب ساکن اتروی ۱۲۸۰ ؁ھ خلیفہ و مرید خاص حضرت ممدوح کہ اینہم بر مزار شریف کندہ است

آشنائے بحر عرفان مخزن فضل و کرم
ہادی راہِ طریقت آفتاب معرفت
حضرت عبد الصمد کشاف اسرار قدم
مظہر نور حقیقت مصدر فیض اتم

جوہر تیغ شجاعت مجمع حلم وحیا — معدن جود و سخاوت صاحب سیفِ قلم
نقشبند و صاحب ارشاد در ہر سلسلہ — داشت نسبت باجناب نامدار محترم
روز یکشنبہ بتاریخ سوم وقت زوال — در محرم شد ازین دار فنا سوے ارم
در فراقِ صوریِ آن قدوۂ اہل وفا — بود طالب ہر یکے در رنج و اندوہ و الم

بہر تاریخش سر ہاتف فرو گردید و گفت
کعبۂ اہل طریقت قبلۂ اہل کرم
۱۲۸۰ھ

للّٰہ الحمد کہ یہ مثنوی تحفة العاشقین مطبع منشی نولکشور واقع کانپور میں بسرپرستی عالیجناب معلی القاب بلند ہمت ستودہ خصال خوشخو منشی پراگ نرائن صاحب بہار گو دام اقبالہ مالک مطبع بماہ ستمبر ۱۸۹۹ء بار ششم چھپی

بعون صانع محیط مکان و فضل خلاق زمین و زمن

یہ ایک مجموعۂ نادر گلدستۂ باغ عرفان ہی عارفونکا کلام تجلیات قطبی کی بیان ہی قابل دید ہے نہ شنید جس کا نام ہی

مجموعۂ توحید

صاحبان کشف و کرامات اہل اللہ کا کلام پُرتاثیر ہے کہ جسکے ہر مقام مین توحید جلوہ پذیر ہے

مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بطبع مزین مطبوع ہوا

باہتمام کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حبذا کیا شان کبریا ہی کہ ظہور کثرت مین وحدت کا تماشا ہی اہل عرفان کو حقیقت پر نظر ہی کہ انکو لطیفۂ انسانی مین
الکبے وئی کا گذر ہی اصل شئی توحید ہی۔ اور کثرت وجود متمایز ایک وجود اعتباری بالتقیید ہے جیسے دریا
متموج ہوا اور اُس سے حباب قطرہ۔ گرداب موج پیدا ہوئی پس نظر حقیقت بین مین اصل مادہ اور وجود
قابل پانی ہی۔ اور ہستی حباب۔ قطرہ۔ گرداب موج وجود فرضی و اعتباری ہے ہیچ ہے۔ کہ شئے فنا پذیر
و غنی و حادث کا کیا اعتبار ہی اصل بقا و دوام فی نفسہ ثابت و پایدار ہی تجلیات شہودی جو ایک ظہور موجودات
ہی اسکو حقیقت جوئی کی راہ سے دیکھو تو ایک نمود حق کی صفات ہی وحدۃ الوجود اسکا نام ہی کہ موجودات کو
وجود حق جاننا اور ماسوا کو وجود اعتباری تصور کرنا پس اس اعتبار مین حفظ مراتب کا پاس رکھنا متحتمات سے ہی
جسے شریعت عبارت ہے۔ لیکن حصول اس دولت عظمی اور وصول اس بضاعت کبریٰ کا منحصر اوپر ایسے
واسطہ جلیل کے ہی کہ جو جامع جمیع صفات کا ہو وہ ذات پاک ہے جسکی شان مین لولاک لما خلقت الافلاک ہے
یعنی حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جو بواسطہ روح مکرم مبدأ فیاض سے فیوضات ظاہری و باطنی
کے متکفل ہین کہ جنھون نے مرتبہ حق الیقین کے حجابات کثرت کو مرتفع کر کے صورت وحدت دکھائی اور طالبان
حقیقت اندیش کو اس دولت سرمدی سے سرفراز فرمایا اور ہر ایک کو اعتبار صلاحیت فطرت جبلی سے مرتبہ حق الیقین پر
فایز کیا امن بعد واضح ہو کہ اکثر کتب تصوف جو زبان فارسی و عربی مین اشاعت پذیر ہوئین مگر کوئی ایسا مجموعہ
دوسری زبان کا کہ جو ذائقہ بخش اہل مذاق ہو مدون اور شائع نہین ہوا لہذا یہ ایک مجموعہ کلمات طیبات
عارفان کامل کا جسکا نام مجموعۂ توحید ہی فراہم ہو کر مطبوع ہوا امید ہی کہ مقبول طبائع حق پسند ہو واللہ الاستعانۃ وعلیہ التکلان

الف بائے وجہن

الف ایک بہو رنگی سائین　　ہر گہٹ مین وا کی پرچھائین　　جہان دیکھون تہان وہ ہے نیارا　　ایسا ہے بہو رنگی پیارا
(یعنی ہر رنگ) (عجائب)
وجہن کہے تو کیا کہے کہنے کی نہین بات　　سمندر سمایا بوند مین اچرج بڑ دکھات

ب بن گر گیہون بھید نپاوا　　دھرتی سے اکاس لو دھاوا　　پہلے پریت گرو سے کرے　　پریم ڈگر مین پگ تب دھرے
(زمین) (آسمان) (قدم)
بن گرو وجہن لیت ہے جو کوئی بسن رنگاے　　پہونچ گے تم جانیو وہ دونون اور سے جاے
(معشوق نہین) (دین و دنیا)

ت تب جوگ تر ائین آئی　　جب بیرون یہ دبدہ جائی　　وہیج ہے من مین کپٹ کی ٹاٹی　　جن سب کھیل کیا ہی ماٹی
جو من کی من مین چہے اور تین تین کا بندھے تار　　وجہن صاحب لہن ملین تنک نہ لاگے بار

ث ثابت ہوکے دھیان جو لاگے　　آپو ئی آپ بھرم سب بھاگے　　اچھا جاپ تو جپ رکھائی　　چھوٹ جای درپن کی کائی
(چھپے چھپے)
وجہن کہت ہو جاپ بیٹھو رہو دھیان لگائے　　سرت پھرت وہ راکھیے برتھا سانس نجاے

ج جگت مین اور بیھون　　جب تو مین اکلا کر پیھون　　ابہن تو دی ہینگی نہین چھوٹی　　دن دو بہر جن بیڑا لوٹی
کہنے کو تو پانچ ہین اور رہین وہ پورے تیس　　انھین کے کارن نا ملے ابہن تو جگدیس

ح حد بھر یہ بھول ہی تیری　　ایکو بات نہ مانی میری　　ابتک تو تین ایسا ہو جاتا　　جیسے کو وہ بہلا مدہ ماتا
کہان گئی تھی بدھ تری اور کہان گیا تھا چیت　　ایسی مایا پائے کے جو ہر سے کی نہ ہیت

خ خاوند کیا کہین ہے نیارا　　موند دیکھ تو دسون دوارا　　سُن پر ہے انحد کا باجا　　پر جا سے ہوی بجے ہی راجا
سبھی ساج تمن بھین اور ایسے مچے ہین اگ　　وجہن جا کو سُن پڑے بڑے ہین وا کے بھاگ

دال دیا من مین جو لکھے　　پریم کا رس کیسے ناچاکھے　　بن مدھ پئے ہوی متوارہ　　نس بانسر یا کرے بچارا
وجہن جگت مین آئیکے کر یونا تو ی مان　　دیا دھرم نا چھانڈیو جب لگ گھٹ مین پران
(دل)

ذال ذوق جب لگ نہین آوے　　کتنون چہے کو من ٹھکاوے　　ہردے لگی نہ پریم کی گانسی　　کیسے ملین کہو البناسی
جب لگ تن ناہین جرت اور من ناہین مرجات　　تب لگ مورت شام کی وجہن کہان دکھات

رے راز مین تجہپر ایسا کھولا　　جیسا کچھ منصور تھا بولا　　سو سب سے رہا تو مین کورا　　جان ٹرت مت لیگئے چورا
لاج کا کاجر نین تورے سو نہین تج وارے دھوے　　وجہن کہت کیسے بھلا درشن پیا کا ہوے

زے زر دیکھ تو بھولا رائے　　سگری بیس اکارتھ جاے　　پریم بھٹی مدھ پیو جو کھائے　　مت جی سب نکا دھو کھا
وہان سے کا کہہ آدا تھا اور یہان کیا کا آے　　جھوٹی مایا دیکھ کے کیسا رہا بھلاے

سین سج کا سیکھ لے لٹکا　　کاہے پھرتا ہے اپٹ بھٹکا　　سوچ نکر اہین ہی سبیرا　　ترکٹی کوٹ مین کردی ڈیرا
(نام ترک)

لاکھ جتن کا جتن ہے سو وجہن دیا بتائے / جو سائین کرپا کریں تو سبھی بات بنجائے

شین شور تن مین ہی جھیکا / ابھی تو نہین جلنی دہیکا / دن بھر لکھا کرت ہی پانی / ساجھ بھئی وہی سو وت ثانی

شاہ سے کچھ بنچی نہین اور چوہ دون سے بہوار / وجہن کیسا دیکھ تو بھول رہا سنسار

صاد چھوری سبادہ کو چھٹے / الٹھن ٹپسے نا کھو سی کہی / یہ سمجھے اپنے من آہین / ہونا وہی جو چہین سائین

آسن مار کے بیٹھ رہو راکھو من مین دھیر / صاحب کے پرتاب سے کٹ جی سب بھیر

ضاد ضرورت اتنا کیجیے / انس دن ناؤن نبی کا لیجیے / مین تو من مین یہی بچارا / تب ہوی تورا نستارا

وجہن جگت مین آئیکے جا مین کچھ ہو گیان / نبی نام کی سمرن کرے اور علی سے راکھے دھیان

طا طالب تو کہان ہے پورا / پریم نگر کا لانکھا نہین دورا / واکے آگے اور ہے چلنا / سہج نہین صاحب کا ملنا

پیر نگر کو پہونچ کے نبی نگر کو جاے / تب وجہن گھٹ ہی کے اندر ہر کا گاؤن کہاے

ظا ظاہر باطن ہے وہی / وہی وہی سب ہی وہی / جین اپنے من مین یہ بوجھا / ہر ہر مین ہر واکو سوجھا

پریم کی ندی گہری جو کو اُترے پار / عاشق اور معشوق مین رہوے کون بچار

عین عشق کا بڑا ہے نیارا / وہان وجے کا نہین گذارا / سیس کاٹ کے آگے دھر لے / تب درشن وہ پیا کا کر لے

اگلی سانکری بہت ہو اوبیری ہے سب گانؤن / ٹھوکر کو مٹ بچایکے سنبھل کے دھریے پانؤن

غین غرور نے کھیل بگاڑا / دیکھ بڑا نا ہیم پیارا / ادہی بات ہے سب راضی / کیسا ہارا جات ہے بازی

بازمین کہ کیا رہا اگلی رکھا ہے دانؤن / ہر سے جیتا جیت ہو لو صاحب کا ناانؤن

فے فرمان طلب کا لیجیے / اکا مکھ لیکر پی کے جیجے / ہر کا ناؤن کبھو نا لینو / دادن کا کچھ سوچ نہ کینو

آگے تو کبھو ناسنی اور ابھون کہت ہون چیت / اک دن پھر پچتاے گا جب چڑیان چگ گئیں کھیت

قاف قول ہو تیرا چھو نتھا / اور ڈھنگ ہے سو تو نتھا / سنا گیا سادھن کی مانی / ٹھر پر لیو بھوا نہ گیانی

جو مت کا ہینا بھوا دا کی کون ہے بات / پہلے کو سوچت نہین اور پاچھے کو پچھتات

